website: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com

MEMBER APNS

بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن)

ABC CERTIFIED

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | اتوار 15 نومبر 2026ء بمطابق 04 جمادی الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 313

آئین کے ساتھ چھیڑ چھاڑ پاکستان کی بنیادیں ہلا دینگی، محمود خان اچکزئی

پاکستان کو سنبھالنے کے لیے ہم اجتماعی دانش کے ساتھ بیٹھ کر اس ملک اور خطے کو بچائیں جس پر اس وقت خطرناک بادل منڈلا رہے ہیں' اپوزیشن لیڈر نے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے خلاف وفاقی آئینی عدالت میں نظر ثانی کی درخواست دائر کر دی

جس انداز میں یہ حکومت عدالتوں کے پر کاٹ رہی ہے، جس پارلیمنٹ کو بے وقعت کر رہی ہے اور بنیادی انسانی حقوق کا مذاق اڑا رہی ہے' اس صورتحال میں ہر پاکستانی کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنے ملک کے آئین کے بچاؤ کے لیے نکلے

اسلام آباد (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، قائدِ حزبِ اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی اور قائدِ حزبِ اختلاف سینیٹ سربراہ مجلس وحدت مسلمین علامہ ناصر عباس نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور

بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان میں دہشتگرد عناصر کے لیے اب کوئی محفوظ پناہ گاہ باقی نہیں رہے گی، وزیراعلیٰ

بلوچستان میں پائیدار امن، معاشی سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری اور عوام کی معمول کی زندگی کا تحفظ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے اہداف ہیں

ریاست اپنی پوری قوت اور مؤثر حکمت عملی کے ساتھ دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ یقینی بنائے گی، میر سرفراز بگٹی کا آپریشن پر ردعمل

کوئٹہ (خ ن + این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف سرگرم دہشت گرد عناصر کے لیے اب کوئی محفوظ پناہ گاہ باقی نہیں رہے گی، ریاست اپنی پوری قوت اور مؤثر حکمت عملی کے ساتھ دہشت گردی کے

بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کی برطانوی شاہ چارلس سوم کی سالگرہ کی تقریب میں شرکت

دُعا ہے ہر نسل کے ساتھ پاکستان اور برطانیہ کے عوام کے تعلقات مزید مضبوط ہوں، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) برطانوی ہائی کمیشن کے زیر اہتمام شاہ چارلس سوم کی 78 ویں سالگرہ کی تقریب ہوئی جس میں وزیراعظم شہباز شریف کی برطانوی

بقیہ نمبر 06 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

کولپور کارروائی کے دوران اسلحے اور گولہ بارود کا ذخیرہ برآمد ہوا، ہلاک دہشتگردوں میں ایک خودکش بمبار بھی شامل تھا



اسلام آباد' اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان اور KPK میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں، 24 دہشتگرد ہلاک

پاک فوج کے میجر سمیت 3 اہلکار شہید

'فتنہ الہندوستان' کے دہشت گردوں نے کولپور کے قریب گشت پر مامور فوجی گاڑیوں کو مسلح کواڈ کاپٹرز (ڈرونز) کے ذریعے نشانہ بنایا، اس واقعے میں میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان نے جام شہادت نوش کیا

علی خیل میں کارروائی کے دوران 12، میر علی میں 2 اور دتہ خیل میں بھی 2 خوارج مارے گئے، ہلاک خوارج میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 2 افغان شہری بھی شامل ہیں جو متعدد حملوں میں ملوث تھے

راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) سیکورٹی فورسز نے بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے مختلف علاقوں میں متعدد انٹیلی جنس بیس کارروائیوں میں 24 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا آپریشنز کے دوران پاک فوج کے میجر سمیت 3 اہلکاروں نے جام شہادت نوش کیا تفصیلات کے مطابق سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقوں کولپور، کردگاپ اور نوشکی کے گردونواح میں متعدد انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کیں جہاں فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک ہوگئے اور کارروائیوں کے دوران پاک فوج کے میجر اور حوالدار شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (سے جاری اعلامیے کے مطابق سیکورٹی فورسز نے کولپور، کردگاپ اور نوشکی کے گردونواح میں سیکورٹی فورسز کے متعدد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز جاری ہیں اور 13 نومبر سے کوئٹہ - تفتان قومی شاہراہ این 40- پر سیکیورٹی فورسز کا گشت جاری ہے۔ بیان میں کہا گیا

بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ای سی او وزرائے خارجہ کونسل کا 30 واں اجلاس آج سے شروع ہوگا

اسحاق ڈار صدارت کریں گے، پاکستان 2026-27 کے لیے اقتصادی تعاون تنظیم کی سربراہی سنبھالے گا

اسلام آباد (آن لائن) اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے وزرائے خارجہ کونسل کا 30 واں اجلاس 15 اور 16 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جس

بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



تاشقند' ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا ازبکستان کے وزیر دفاع کا ہمراہ گروپ فوٹو

حکومت نے نئے صوبوں کے قیام پر ریفرنڈم کیلئے تیاری مکمل کر لی

وزیراعظم پارلیمنٹ سے ریفرنڈم کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں

وفاقی حکومت نے آئینی اور قانونی مشاورت مکمل کر لی، سیاسی جماعتوں کی مطلوبہ حمایت نہ ملنے کی صورت میں معاملہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں لیجانے کی تجویز زیر غور ہے

حکومتی ذرائع کے مطابق ملک میں 10 سے 12 صوبے بنانیکی تجویز زیر غور ہے، جس کے تحت پنجاب کو چار جبکہ سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو دو، دو صوبوں میں تقسیم کرنے کی تجویز شامل ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں نئے صوبوں کے قیام کے لیے ریفرنڈم کرانے کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں۔ وفاقی حکومت نے آئینی اور قانونی مشاورت مکمل کر لی، سیاسی جماعتوں کی مطلوبہ حمایت نہ ملنے کی صورت میں معاملہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں لیجانے کی تجویز زیر غور ہے۔ حکومتی ذرائع کیمطابق وزارت قانون، وزارت پارلیمانی امور اور اٹارنی جنرل نے ریفرنڈم کے طریقہ کار اور آئینی پہلوؤں پر مشاورت مکمل کر لی ہے، ریفرنڈم کے لیے آئین کے آرٹیکل 48 کی شق 6 کے تحت طریقہ کار اپنانیکی تجویز دی گئی

بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



لاہور، صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

دشمن خطے کا امن سبوتاژ کرنیکی مذموم کوشش کر رہے ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم کا کولپور، کردگاپ اور نوشکی میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشنز پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گے' شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم نے بلوچستان کے علاقوں کولپور، کردگاپ ور نوشکی میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کوئٹہ - تفتان قومی شاہراہ (N-40) پر معمول کے گشت کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے بہادر سپوتوں،

بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پاکستان ایس سی او تہذیبی مکالمے میں شرکت کرے گا، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان کی نمائندگی وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تحت نئی دہلی میں 20 سے 22 نومبر 2026 تک منعقد ہونے والے تہذیبی مکالمے میں پاکستان کی نمائندگی کے لئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

صدر مملکت کی وزیراعظم سے ملاقات، ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

آصف علی زرداری ماڈل ٹاؤن پہنچے تو وزیراعظم نے ان کا پرتپاک استقبال کیا' ایک گھنٹے طویل ملاقات میں اتحادی جماعتوں کے درمیان باہمی تعاون، مشاورت

وزیراعظم نے صدر پاکستان کو اپنے دورہ ترکیہ اور 31 ویں کانفرنس آف پارٹیز میں اپنی شرکت کے بارے میں بتایا' اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق بھی موجود تھے

لاہور (نیوز ایجنسیاں) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے لاہور میں

بقیہ نمبر 07 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

عرب ممالک کا یمنی حوثیوں سے نمٹنے کے لئے 4 نکاتی منصوبہ تیار

حوثیوں کی کارروائیاں نہ صرف سعودی عرب بلکہ پوری عرب دنیا کے لیے خطرہ بنی ہوئی ہیں، ماہرین

صنعا (آئی این پی) یمنی حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب کو مسلسل میزائل اور ڈرون حملوں کا نشانہ بنائے جانے کے تناظر میں عرب ممالک کی مشترکہ پارلیمنٹ نے حوثیوں کے خلاف سیاسی، اقتصادی، قانونی اور سفارتی محاذوں پر ایک جامع

بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

شہدا کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے، محسن نقوی

شہدا ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گے، میجر عمر منہاس ناصر اور حولدار عدنان خان نے عظیم رتبہ پایا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ شہدا کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی بلوچستان کے علاقے میں دہشتگردوں کے ڈرون حملے میں شہید میجر عمر منہاس ناصر اور شہید

بقیہ نمبر 08 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

ایئر چیف مارشل کا دورہ، ازبک دفاعی وفضائی قیادت سے ملاقاتیں

دوطرفہ دفاعی وعسکری تعاون اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں اشتراکِ عمل کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال

تاشقند (آئی این پی) پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے جمہوریہ ازبکستان کے سرکاری دورے کے دوران وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل بوتر قدرت خوجایف بہروموچ اور نائب وزیر دفاع و کمانڈر ایئر ڈیفنس اینڈ ایئر فورس، میجر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حوثی ملیشیا کا ریاض ایئرپورٹ کو بیلسٹک میزائل سے نشانہ بنانے کا دعویٰ

صنعا (نیوز ڈیسک) حوثی ملیشیا نے ریاض ایئرپورٹ کو بیلسٹک میزائل سے نشانہ بنانے کا دعویٰ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم شہباز شریف سے کویتی ہم منصب کی ملاقات

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف سے کویتی ہم منصب کی ملاقات میں دونوں ممالک

بقیہ نمبر 09 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

فتنہ الخوارج کا بنوں میں کنگرپل چوکی پر حملہ ناکام، 4 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کیلئے کے پی کی سرزمین پر کوئی جگہ نہیں، ان کا خاتمہ یقینی بنائیں گے' آئی جی پولیس

پشاور (نیوز ایجنسیاں) پولیس نے فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا بنوں میں کنگرپل چوکی پر حملہ ناکام بنا دیا۔ سینٹرل پولیس آفس کے مطابق دہشتگردوں نے بنوں میں کنگرپل چوکی پر بزدلانہ حملہ کیا جسے پولیس کے جوانوں نے بروقت اور فوری کارروائی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کے آپریشن میں جام شہادت نوش کرنیوالے میجر عمر منہاس اور اہلکاروں کی فائل فوٹو

سیاسی وعسکری قیادت میں مکمل ہم آہنگی ہے، کوئی زلزلہ نہیں آنیوالا نہ ہی کوئی تبدیلی ممکن ہے، رانا ثنااللہ

معاملات ایسے ہاتھوں میں ہے کہ اسی طرح سکون سے چلے گا، سیاسی محاذ پر وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری محاذ پر فیلڈ مارشل عاصم منیر قیادت کر رہے ہیں

سیاسی جماعتوں کی اہمیت ہے اور صوبے عوام اور سیاسی اتفاق رائے سے بنیں گے، اس کے بعد کوئی گلہ باقی نہیں رہتا' وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی اُمور کی گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر سینیٹر رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ کوئی زلزلہ نہیں آنے والا نہ ہی کوئی تبدیلی ممکن ہے، سیاسی وعسکری قیادت میں مکمل ہم آہنگی ہے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنااللہ نے واضح کیا کہ ہم جیسے لوگ باتیں کرتے ہیں تو لگتا ہے شاید ماضی کی طرح زلزلہ آنیوالا ہے، لیکن کوئی زلزلہ نہیں آنے والا اور نہ ہی کسی تبدیلی کا امکان ہے، معاملات ایسے ہاتھوں میں ہے کہ اسی طرح سکون

بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



اسلام آباد، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار سے ترکیہ کی نائب وزیراعظم ملاقات کر رہی ہے

امریکا اور اسرائیل کی جانب سے جارحیت کی صورت میں تباہ کن جواب دیا جائیگا، ایران

بعض خلیجی ممالک اپنی سرزمین، فضائی حدود اور فوجی تنصیبات ایران کے خلاف کارروائیوں کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دے رہے ہیں

ایسے ممالک کو ایران کو پہنچنے والے نقصان کا ذمہ دار ٹھہرایا جانا چاہیے اور انہیں اس نقصان کا ازالہ بھی کرنا چاہیے' اقوام متحدہ میں ایرانی مندوب کا خطاب

تہران (نیوز ڈیسک) ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا اور اسرائیل نے دوبارہ ایرانی سرزمین پر حملہ کیا تو اس کا فوری اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ اقوام متحدہ میں ایرانی مندوب غلام حسین درزی نے سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے کسی بھی نئی جارحیت کا جواب بلا تاخیر اور پوری قوت سے دیا جائے گا۔ ایران نے بحرین سمیت بعض خلیجی ممالک پر الزام

بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پاسداران انقلاب کا ایک اور امریکی ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ

ترجمان کے مطابق جنگ کے دوران اب تک 17 امریکی ڈرون تباہ کیے جا چکے ہیں

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی پاسداران انقلاب نے ایک اور امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ پاسداران انقلاب کے ترجمان نے ایک بیان میں بتایا کہ انہوں نے آبنائے ہرمز میں قشم جزیرے کے قریب امریکی ایم کیو ون ڈرون تباہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

خیبر پختونخواہ میں غیر قانونی مائننگ سے ہر ماہ 90 کلو سونا نکال کر افغانستان منتقل کیا جا رہا تھا، گورنر کنڈی

غیر قانون کانکنی میں ملوث افراد کیخلاف زیرو ٹالرینس ہوگی، صوبے میں سونے کی کان کنی کے تمام لیز منسوخ کیے جا رہے ہیں

غیر قانونی کانکنی کو 12 سیاستدانوں یا ان سے تعلق رکھنے والے افراد کی پشت پناہی حاصل تھی، جن میں سہیل آفریدی کے بھائی بھی شامل ہیں

پشاور (نیوز ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبے میں سونے کی کان کنی کی تمام سرگرمیاں فوری طور پر معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ غیر قانونی مائننگ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سعودی عرب کی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کی غیر متزلزل حمایت کرتے ہیں، پاکستان

حوثیوں کے حملے ناقابلِ قبول ہیں خلیجی خطے میں شہریوں اور تجارتی جہاز رانی کے تحفظ کیلئے سفارتی کوششیں بحال کی جائیں' سید حیدر شاہ

مشترکہ سلامتی، پرامن بقائے باہمی اور باہمی خوشحالی پر مبنی علاقائی نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے، مستقل مندوب اقوام متحدہ کا خطاب

نیویارک (آئی این پی) پاکستان نے خلیجی خطے میں فوجی اشتعال انگیزی اور غیر قانونی حملوں کے فوری خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے تمام ریاستوں کی خودمختاری اور علاقائی سلیمت کے احترام، شہریوں اور تجارتی جہاز رانی کے تحفظ اور پائیدار امن واستحکام کے قیام کیلئے سفارتی کوششوں کی بحالی پر زور دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سید حیدر شاہ نے اقوام متحدہ کی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی کو ہمدردی کارڈ سوٹ کرتا ہے، طلال چوہدری

بانی کی مشکلات کچھ ان کے ذاتی فیصلے اور حکومتی دور کے کچھ کاموں کی وجہ سے ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو ہمدردی کارڈ سوٹ کرتا ہے، بانی کی مشکلات کچھ ان

بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

ڈوبتی کشتی بچانے کا واحد راستہ آئین پر عملدرآمد ہے، راجا ناصر عباس

ہم آئین کی پاسداری کے لیے آئے ہیں، آئین ایک عہد ہے' ہمیں مل کر مسائل سے نکلنے کا سوچنا ہے سیاسی جماعتوں کو مل کر بیٹھنا اور فیصلہ کرنا ہوگا

پشاور کی عدالت گئے، بتایا جائے سہیل آفریدی اور اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کہاں ہیں' سینٹ میں قائد حزب اختلاف کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ ڈوبتی کشتی کو بچانے کا واحد راستہ بات چیت اور آئین پر عملدرآمد ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں علامہ ناصر عباس نے کہا کہ ہم آئین کی پاسداری کے لیے آئے ہیں،

بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



اسلام آباد، قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان سے سابق وفاقی وزیر غلام احمد بلور ملاقات کر رہے ہیں

امریکہ کا عالمی فوجداری عدالت پر سخت حملہ، تلوار اٹھانے والوں کو قوانین کا حوالہ دینا بند کرو، مارکو روبیو

بین الاقوامی قانون کو بعض بااثر طبقات اپنے مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں آئی سی سی امریکی شہریوں پر اپنے فیصلے مسلط کرنے کی کوشش نہ کرے

امریکا اپنی خودمختاری اور قومی مفادات کے خلاف کسی بین الاقوامی ادارے کے فیصلوں کو قبول نہیں کرے گا' امریکی وزیر خارجہ کی آئی سی سی پر تنقید

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کو

بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

خلیج تعاون کونسل نے ایران سے جنگی نقصانات کا مکمل معاوضہ ادا کرنیکا مطالبہ کر دیا

ایران نے خلیجی ممالک پر ہزاروں میزائل اور ڈرون حملے کیے، ایئرپورٹ، بندرگاہیں، تیل وگیس مراکز، بجلی گھروں اور رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا گیا

ایران کے ساتھ کسی بھی معاہدے میں نیوکلیئر پروگرام، میزائلوں، ڈرونز اور مسلح گروہوں کی حمایت جیسے معاملات شامل ہونے چاہئیں' سیکرٹری جنرل جاسم البدیوی

قطر (نیوز ڈیسک) خلیج تعاون کونسل نے ایران سے جنگی نقصانات کا مکمل معاوضہ ادا کرنیکا مطالبہ کر دیا۔ جی سی سی کے سیکرٹری جنرل جاسم البدیوی نے سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران نے خلیجی ممالک پر ہزاروں میزائل اور ڈرون حملے کیے، حملوں میں ایئرپورٹ، بندرگاہیں، تیل وگیس مراکز، بجلی گھروں اور رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔ جاسم البدیوی نے بتایا کہ خلیجی ممالک جنگ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعلی کی چچی محترمہ کی نماز جنازہ شالی ڈیرہ بگٹی میں ادا کر دی گئی

نماز جنازہ میں وزیر اعلی، قبائلی عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت، مرحومہ کیلئے دعا

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی محترمہ اور سابق رکن صوبائی اسمبلی میر طارق بگٹی کی والدہ ماجدہ کی نماز جنازہ ہفتے کے روز شالی ڈیرہ بگٹی میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے علاوہ ہزاروں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سہیل آفریدی سمیت 9 اراکین اسمبلی کی حراست آئینی عدالت میں چیلنج

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت میں ایک اہم آئینی درخواست دائر کی گئی، جس میں سہیل

بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

کرم میں سیکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز قابلِ تحسین ہیں، شاہد رند

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، معاون اطلاعات بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلی بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے ضلع کرم میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 3 نومبر سے جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران دہشت گردوں کے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سپریم کورٹ میں عدالتی اصلاحات کیلئے 86 نکاتی ایکشن پلان متعارف

سپریم کورٹ آف پاکستان نے عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات پر جامع رپورٹ جاری کر دی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان نے عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات پر جامع رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ میں نومبر 2024

بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

وزیر خارجہ شمالی قبرصی ترک جمہوریہ تحسین ارطغرل اوغلو اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) شمالی قبرصی ترک جمہوریہ کے وزیر خارجہ تحسین ارطغرل اوغلو اسلام آباد پہنچ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اسحاق ڈار سے ترکمانستان میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر فریال لغاری کی ملاقات

ملاقات میں پاکستان اور ترکمانستان کے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ترکمانستان میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر فریال لغاری کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان اور ترکمانستان کے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



پشاور، گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان میں معدنی شعبے کی ترقی اور سرمایہ کاری کے وسیع امکانات روشن ہیں، عطا تارڑ

پاکستان کی معدنی دولت سے بھرپور استفادے اور ملک میں اضافی قدر پیدا کرنے والی صنعتوں کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے

قومی معدنیاتی ڈیٹا سینٹر اور جی ایس پی جیو پورٹل کا اجرا پاکستان کے معدنی شعبے میں اہم پیش رفت ہے، وزیر اطلاعات کا ایکس پر بیان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان میں معدنی شعبے کی ترقی اور سرمایہ کاری کے وسیع امکانات روشن ہیں، قومی معدنیاتی ڈیٹا سینٹر اور جی ایس پی جیو پورٹل کا اجراء پاکستان کے معدنی شعبے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



شالی ڈیرہ بگٹی' وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اپنی چچی اور میر طارق حسین بگٹی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ لے رہے ہیں دوسری جانب اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

نیشنل بینک بلوچستان کے ملازمین کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت عطاء اللہ بنگلزئی منعقد

اجلاس میں سابقہ عہدیداران کا ایمپلائیز یونین کے آئین کی خلاف ورزی کی مزمت

کوئٹہ (پ ر) نیشنل بینک بلوچستان کے ملازمین کا ایک ہنگامی اجلاس زیر صدارت عطاء اللہ بنگلزئی سینئر نائب صدر ایمپلائیز یونین (سی بی اے) منعقد ہوا۔ اجلاس ایک مقامی ہوٹل میں منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں ملازمین کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس نے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ ایمپلائیز یونین بلوچستان کے سابقہ عہدیداران نے ایمپلائیز یونین کے آئین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جعلی الیکشن کروا کر غیر قانونی طریقے سے این آئی آر سی (NIRC) سے بھی یونین منظور کروانے کی گھناؤنی کوشش ہیں۔ سینئر نائب صدر عطاء اللہ بنگلزئی نے واضح کیا کہ اس قسم کا کوئی الیکشن منعقد نہیں کیا گیا۔ ہم اس غیر قانونی اور غیر آئینی الیکشن کا بھرپور مذمت کرتے ہیں، اور اس سلسلے میں قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

این ٹی ڈی سی ملازمین کو ریگولر سے کنٹریکٹ پر لانے کی پالیسی یکسر مسترد کرتے ہیں، رئیس فرحان غنی جمالی

صدر آصف علی زرداری اور چیف جسٹس نوٹس لے کر ادارے کو سابقہ نام پر بحال کریں، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیئر صوبائی رہنما رئیس فرحان غنی جمالی نے کہا ہے کہ این ٹی ڈی سی کے ہزاروں ملازمین کو ریگولر سے کنٹریکٹ پر لانے کی پالیسی کو یکسر مسترد کرتے ہیں وزیر توانائی اور ایم ڈی کی جانب سے ہزاروں ملازمین کو ریگولر سے کنٹریکٹ پر لانے کی پالیسی ین پاکستان کی کھلی خلاف ورزی ہے پاکستان پیپلز پارٹی این ٹی ڈی سی کے ہزاروں ملازمین کے شانہ بشانہ ہے اور انھیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی بلکہ ہر پلیٹ فارم پر انکا بھرپور ساتھ دیکر مکمل معاونت فراہم کرے گی انہوں نے کہا کہ اداروں کا استحکام ملازمین کی بدولت ممکن ہوتا ہے ملازمین کو ریلیف دیے بغیر کوئی بھی ادارہ ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا اداروں میں ملازمین ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی نے جب بھی اقتدار سنبھالا ہے تو ملازمین کو ریلیف اور سہولیات فراہم کی ہیں اور نہ بھی ملازمین کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے انہوں نے مزید کہا کہ وزیر توانائی اور ایم ڈی این ٹی ڈی سی کے ہزاروں ملازمین کو ریلیف دینے کی بجائے ذہنی اذیت میں مبتلا کر رہے ہیں ملازمین کو اپنے حقوق سے محروم کرنے کیلئے پہلے کمپنی کا این جی سی پی رکھا اور بعدازاں این جی رکھ کر بنی حقوق سے محروم کردیا جس کی جتنی مزمت کی جائے کم ہے انہوں نے صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیف جسٹس آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ کمپنی کو این ٹی ڈی سی کے سابقہ نام پر فوری بحال کیا جائے اور نااہل وزیر توانائی اور نالائق ایم ڈی کو فوری طور پر برطرف کرکے این ٹی ڈی سی کے ہزاروں ملازمین کے تاریک مستقبل کو بچایا جائے تاکہ ملازمین میں پائی جانے والی ذہنی اذیت دور ہوسکے۔

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک، جبکہ شمالی علاقوں میں سرد اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کوئٹہ اور قلات میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20، زیارت میں 19، جبکہ تربت میں 33 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہے گا، تاہم صوبے کے شمالی اضلاع میں سرد ... میں 32 ڈگری سینٹی گریڈ اور تونکدی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے ...



پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ کی ضلع کمیٹی کا اجلاس

آج ہوگا، تمام اراکین کو شرکت کی ہدایت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا اجلاس آج 15 نومبر بروز اتوار دوپہر 2 بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کمیٹی کے تمام اراکین کو اجلاس میں لازمی اور بروقت شرکت کی ہدایت کی جاتی ہے۔ اجلاس کا ایجنڈا خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کو حتمی شکل دینا اور جاری تیاریوں کا جائزہ ہوگا

عبدالرزاق اچکزئی وفات پاگئے، پشتونخوامیپ کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کے رکن سلیم خان اچکزئی کے بڑے بھائی عبدالرزاق اچکزئی وفات پاگئے۔ فاتحہ خوانی قاری اسلم صاحب مسجد پشتون آباد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر صوبائی ایگزیکٹیوز و ضلع کمیٹی کوئٹہ کے اراکین نے مرحوم کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ایم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نواں کلی کوئٹہ کا افتتاح

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ خواتین کو ہنر مند بنا کر معاشی طور پر خودمختار بنانا وقت کی اہم ضرورت اور حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، خواتین کو فنی تربیت، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نواں کلی کوئٹہ کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ادارے کی سربراہ انیلا خان نے صوبائی وزیر کو سینٹر کی مختلف سرگرمیوں، تربیتی پروگراموں اور خواتین کو فنی مہارتیں سکھانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے سینٹر میں زیر تربیت اور مقامی خواتین کی جانب سے تیار کردہ دستکاری، کھانے پینے کی اشیاء، زیورات اور دیگر مصنوعات کا معائنہ کیا اور خواتین کی تخلیقی صلاحیتوں اور فنی مہارتوں کو سراہا۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ خواتین کو ہنر مند بنانے کے لیے ایسے تربیتی اداروں کا قیام انتہائی اہمیت رکھتا ہے، جو انہیں باعزت روزگار حاصل کرنے اور اپنا کاروبار شروع کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو معاشی طور پر مستحکم اور خودمختار بنانے کے لیے فنی تربیت کے فروغ سمیت تمام ضروری اقدامات کی حمایت کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین کی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر نہ صرف انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جاسکتا ہے بلکہ خاندانوں کی معاشی حالت بہتر بنانے اور ملکی معیشت میں بھی مثبت کردار ادا کیا جاسکتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے تربیتی کورسز مکمل کرنے والی خواتین میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے۔

ملاوٹ مافیا کے خلاف فوڈ اتھارٹی بلوچستان کا کریک ڈاؤن قابل تحسین، عوامی حلقے

ڈی جی حبیب موسی خیل اور ٹیم کی کارکردگی کو سراہا گیا، کارروائیاں مزید تیز کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) عوامی حلقوں نے ڈائریکٹر جنرل فوڈ اتھارٹی بلوچستان حبیب موسی خیل اور ان کی پوری ٹیم کی جانب سے عوام کی صحت کے تحفظ کے لیے کی جانے والی مؤثر کوششوں اور ملاوٹ مافیا سمیت عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو سراہتے ہوئے اسے ایک قابلِ تحسین اقدام قرار دیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ خوراک میں ملاوٹ، غیر معیاری اور مضر صحت اشیائے خورد و نوش کی خرید و فروخت ایک سنگین مسئلہ ہے، جس سے شہریوں خصوصاً بچوں اور بزرگوں کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی فوڈ اتھارٹی بلوچستان حبیب موسی خیل کی قیادت میں فوڈ اتھارٹی کی ٹیم جس محنت، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے، وہ قابل تعریف ہے۔ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے غیر معیاری اشیائے خورد و نوش فروخت کرنے والے دکانداروں، ہوٹلوں، بیکریوں اور دیگر کاروباری مراکز کے خلاف کارروائیاں عوام کے اعتماد میں اضافے کا باعث بن رہی ہیں۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ فوڈ اتھارٹی بلوچستان اپنی کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کرے گی اور ملاوٹ مافیا کے خلاف بلاامتیاز اور مستقل بنیادوں پر کارروائیاں جاری رکھے گی تاکہ شہریوں کو صاف، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے بھی مطالبہ کیا کہ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے فوڈ اتھارٹی کو مزید وسائل اور سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ ادارہ اپنی ذمہ داریاں مزید بہتر انداز میں انجام دے سکے۔



چمن: اسسٹنٹ کمشنر مس آئیڈا جودتھ گل تجاوزات کے کلاف کارروائی کر رہی ہیں

این ٹی ڈی سی کے مساجد اسٹاف کو سرکاری ملازمین کے برابر بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں، محمد وزیر القادری

کمپنی کا نام بار بار تبدیل کرکے ہزاروں ملازمین کو پنشن اور سروس اسٹرکچر سے محروم کیا جارہا ہے، رہنما جماعت اہلسنت

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی رہنما و وفاق المدارس اسلامیہ رضویہ کے مرکزی سینئر نائب صدر فخر اہلسنت بزرگ عالم دین حضرت علامہ مولانا مفتی محمد وزیر القادری دامت برکاتہ العالیہ نے این ٹی ڈی سی ملازمین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ این ٹی ڈی سی کے مساجد اسٹاف کو سرکاری ملازمین کے برابر بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں کمپنی کا نام بار بار تبدیل کرنے سے ہزاروں ملازمین کو انکے مستقل سروس اسٹرکچر، پنشن، ترقی اور ملازمت کے بنی حقوق سے محروم کیا جارہا ہے ارباب اقتدار مساجد اسٹاف کیلئے قومی سطح پر جامع پالیسی مرتب کرنے کا فوری اعلان کریں ملک بھر کی مساجد میں خدمات انجام دینے والے پیش اماموں، خطباء، مؤذنین، خدام، نائب اماموں اور دیگر متعلقہ ملازمین کی فلاح و بہبود، ملازمت کے تحفظ اور روشن مستقبل کیلئے حکومتِ پاکستان، صوبائی حکومتوں، وزارتِ مذہبی امور، محکمہ اوقاف اور متعلقہ اعلیٰ حکام فوری سنجیدہ اقدامات کریں انہوں نے کہا کہ مساجد کا عملہ معاشرے کی دینی و اخلاقی تربیت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے مگر بدقسمتی سے انکی ملازمت، معاشی تحفظ اور مستقبل کے حوالے سے مؤثر جامع پالیسی کا فقدان ہے ملازمین کیلئے سروس رولز بنا کر تقرری، ملازمت کے تحفظ، تبادلے، ترقی اور ریٹائرمنٹ کے اصول واضح کیے جائیں انہوں نے مزید کہا کہ مساجد کی خدمت کرنے والوں کا معاشی اور سماجی تحفظ ایک فلاحی ریاست کی اہم ذمہ داری ہے مساجد کے ملازمین کے حقوق کو نظرانداز کرنے کی بجائے انہیں باعزت روزگار، قانونی تحفظ، ترقی کے مواقع، پنشن اور بنیادی انسانی سہولیات فراہم کرنے کیلئے فوری طور پر عملی اقدامات کیے جائیں انہوں نے صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان، وفاقی وزیر مذہبی امور، اراکین قومی اسمبلی، چاروں صوبوں کے گورنرز، وزرائے اعلیٰ، چیف سیکرٹریز اور محکمہ اوقاف سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ مساجد اسٹاف کے مستقبل کو محفوظ بنانے، قومی سطح پر جامع پالیسی لانے اور کمپنی کو این ٹی ڈی سی کے سابقہ نام پر بحال کیا جائے تاکہ ملازمین سکھ کا سانس لے سکیں۔ کوئٹہ) یو این اے (پیپلز یوتھ آرگنائزیشن سبی ڈویژن کے سینیئر نائب صدر ملک بشیر خان مجگ نے سبی میں سرکاری ملازمین میں ہوم سولر پینلز کی تقسیم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سبی میں تقسیم ہونے والے ہوم سولر پینلز کی لسٹیں عوام اور میڈیا کے سامنے لائی جائیں۔

مہنگا پٹرول خریدنے کے باوجود شہری کم پیمانے اور ناقص پٹرول کی فروخت سے دوہری اذیت کا شکار

سبی (آئی این پی) سبی شہر میں ایرانی منی پٹرول پمپوں پر کم پیمانوں میں پٹرول کی فروخت کا سلسلہ دھڑلے سے جاری کوئی چیک بیلنس نہیں، تفصیلات کے مطابق سبی شہر اور گردونواح میں ملاوٹی پٹرول وڈیزل کی کم پیمانوں پر عرصہ دراز سے فروخت کا سلسلہ جاری ہے عوام مہنگا پٹرول خریدنے کے ساتھ ساتھ ملاوٹی اور کم پیمانوں پر پٹرول فروخت کرکے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جانے لگا انتظامیہ کاروائی سے گریزاں نظر آرہی، شہریوں نے کہا کہ ایک طرف تو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں روزانہ کی بنیاد پر کم زیادہ ہوتی ہے جبکہ ایرانی پٹرول ڈیزل کی قیمتیں بھی کم زیادہ ہونے کا تسلسل برقرار ہے دوسری جانب ظلم کی انتہا ہے کہ پٹرول پمپوں پر کم پیمانوں پر ملاوٹی پٹرول وڈیزل کی دھڑلے سے فروخت کررہے ہیں اور انتظامیہ پٹرول کم فروخت کرنے والوں کے خلاف ٹھوس اقدامات کرنے کی بجائے کئی مہینوں بعد کوئی ایک دکھاوے کی کارروائی کرکے چند ہزار روپے جرمانے کرنے کے سوا کچھ نہیں کرتی وہ چند ہزار روپیہ جرمانہ ادا کرکے اسی طرح عوام کو لوٹنے کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں شہریوں کا ڈپٹی کمشنر اسسٹنٹ کمشنر اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کم پیمانوں پر پٹرول کی فروخت کرنے والے پٹرول پمپوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

زمینداروں کو زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانا محکمہ اریگیشن کی اولین ترجیح ہے، قربان علی جتوئی

نصیرآباد (آئی این پی) چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے کہا ہے کہ ربیع کینال میں زرعی پانی کی قلت اور زمینداروں کو درپیش مسائل کے پیش نظر ربیع کینال کی زیرو پوائنٹ سے قومی شاہراہ پل تک مکمل ڈی سیلٹنگ کرائی جائے گی جس کے لیے محکمہ اریگیشن کی مشینری موقع پر پہنچا دی گئی ہے اور ایک دو روز میں باقاعدہ کام شروع کردیا جائے گا انہوں ...



پشتونخوانیپ کے رہنما نصر اللہ زیرے 19 نومبر کی ہڑتال کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کور کمانڈر بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، محمد حنیف بختیار زئی بلوچ

بارڈرز کھولنے اور اسلحہ کلچر کے خاتمے کے فیصلے سے عوام کے دل جیت لیے گئے، صدر اوستہ محمد بچاؤ تحریک

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا ہے کہ کور کمانڈر بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں صوبے بھر میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، جبکہ بارڈرز کھولنے سے لاکھوں افراد کو روزگار اور معاشی سرگرمیوں کے مواقع میسر آئیں گے، جس پر کور کمانڈر بلوچستان خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کور کمانڈر بلوچستان نے منصب سنبھالتے ہی بلوچستان سے اسلحہ کلچر کے خاتمے اور بارڈرز کو فوری طور پر کھولنے کے احکامات جاری کرکے صوبے کے عوام کے دل جیت لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ بارڈرز کھلنے سے نہ صرف ہزاروں خاندانوں کے گھروں کے چولہے جلیں گے بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا اور صوبے کی معیشت مضبوط ہوگی۔ محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے امید ظاہر کی کہ ان اقدامات پر عملی طور پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم ہوں اور عوام خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلحہ کلچر کا خاتمہ اور روزگار کے مواقع کی فراہمی صوبے میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے انتہائی اہم اقدامات ہیں۔

مسلم لیگ (ن) بلوچستان فعال اور متحرک جماعت ہے، جمال شاہ کاکڑ

گروپ بندی اور اشتعال انگیزی کرنے والوں کی پارٹی میں کوئی جگہ نہیں، صوبائی صدر

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے قائم مقام صوبائی صدر اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان ایک فعال اور متحرک جماعت ہے، گزشتہ ایک ماہ سے صوبے میں گرینڈ شمولیتی پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے، بلوچستان کو نوگو ایریا قرار دینے والے مسلم لیگ (ن) کے جلسوں اور شمولیتی تقریبات کو دیکھیں، اس سے یہ تاثر غلط ثابت ہوتا ہے۔ پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) مکمل طور پر فعال ہے اور بلوچستان میں جماعت کو مزید منظم اور مضبوط بنانے کے لیے تنظیم سازی کا عمل جاری ہے۔ پارٹی میں گروپ بندی کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی اور اشتعال انگیزی یا گروپ بندی کو فروغ دینے والوں کو پارٹی سے فارغ کردیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں مسلم لیگ (ن) کے صوبائی خواتین کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ کی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، حیدر خان اچکزئی، شاکر محمد حسنی، نثار خان اچکزئی، طارق گل، مریم ناہیدہ، فریدہ بلوچ، جہانگیر شاہ سمیت پارٹی رہنماؤں، عہدیداروں اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس سے قبل مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے قائم مقام صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ کا کوئٹہ پریس کلب آمد پر خواتین رہنماؤں اور کارکنوں نے پرتپاک استقبال کیا۔ ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں، گل پاشی کی گئی اور پرجوش نعروں کے ذریعے خیر مقدم کیا گیا۔ تقریب کے دوران پارٹی نعروں اور کارکنوں کے جوش و خروش سے ماحول گونجتا رہا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) مختلف اقوام پر مشتمل ایک گلدستہ ہے، جس میں تمام اقوام اور طبقات کو یکساں اہمیت حاصل ہے۔ پارٹی میں کارکنوں کی عزت اور ان کی محنت کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ جو کارکن محنت اور لگن سے کام کرتا ہے، اسے سیاست میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پارٹی میں گروپ بندی اور انتشار پیدا کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور جماعتی نظم و ضبط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کی سیاسی سرگرمیاں جاری ہیں اور گزشتہ ایک ماہ سے مختلف علاقوں میں گرینڈ شمولیتی پروگرام منعقد کیے جارہے ہیں، جن میں بڑی تعداد میں لوگ پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں۔ بلوچستان کو نوگو ایریا قرار دینے کا تاثر درست نہیں، صوبے میں مسلم لیگ (ن) کے جلسوں، عوامی اجتماعات اور شمولیتی تقریبات میں کارکنوں اور عوام کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے۔

... رہائشی میجر عمر منہاس ناصر اور کوٹلی ستیاں کے رہائشی حوالدار محمد عدنان خان نے جام شہادت نوش کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ان قربانیوں کے باوجود سیکیورٹی فورسز پرعزم ہیں اور آپریشنز کی جاری ہیں، ان علاقوں میں کلیئرنس آپریشنز دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ بھارت اور دیگر دشمن انٹیلی جنس ایجنسیوں ... ہلاک کردیے گئے، اسلحہ اور گولہ بارود کا ایک بڑا ذخیرہ برآمد کرلیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 14 نومبر 'فتنہ الہندوستان' کے دہشت گردوں نے گشت پر مامور فوجی گاڑیوں کو مسلح کواڈ کاپٹرز (ڈرونز) کے ذریعے نشانہ بنایا، اس واقعے میں ضلع چکوال کے ...

وفود شرکت کریں گے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کریں گے، جبکہ پاکستان اس موقع پر 2026-27 کے لیے اقتصادی تعاون تنظیم کی سربراہی بھی سنبھالے گا۔ اجلاس کے دوران تنظیم کی مختلف سرگرمیوں، پروگراموں اور ذیلی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا ... پیش کیے جانے کا امکان ہے، مارچ 2027 کے پہلے ہفتے میں متوقع سینیٹ انتخابات سے قبل اس معاملے پر پیش رفت ضروری قرار دی جارہی ہے۔

بقیہ 04

... میں رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور اعلیٰ سطح کے ...

افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان بہادر جوانوں نے وطن کے دفاع اور شہریوں کے تحفظ کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور پوری قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کو عقیدت و احترام سے یاد رکھے گی۔ وزیر اعلیٰ نے شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے ان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وزیر اعلیٰ ... بروئے کار لا کر اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں، تاہم ٹیکنالوجی کے استعمال سے ریاست کے عزم کو کمزور نہیں کیا جاسکتا۔ دہشت گردی کے طریقہ کار میں تبدیلی کے ساتھ ریاستی ادارے بھی اپنی حکمت عملی اور استعداد کار کو مزید مؤثر بنا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، معاشی سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری اور عوام کی معمول کی زندگی کا تحفظ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے اہداف ہیں۔ دہشت گردی کے ذریعے ترقی کے سفر کو روکنے کی کوششیں ناکام بنائی جائیں گی اور کسی بھی علاقے میں دہشت گردوں کو دوبارہ قدم جمانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قومی ایکشن پلان کے تحت وفاقی ایپکس کمیٹی سے منظور شدہ وژن ''عزم استحکام'' دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاست کی اجتماعی حکمت عملی کا عکاس ہے۔ آزادانہ آمد و رفت کو یقینی بنانے کے لیے ریاستی ادارے پوری طرح متحرک ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے دہشت گردوں کے حملے میں میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان کی شہادت پر گہرے دکھ اور ...

بقیہ 01

بقیہ 02

بقیہ 03

بقیہ 05

بھرتی برائے فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ)

BALOCHISTAN SOUTH

سال 2026 (78 بیچ ریکروٹ)

1۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) میں مختلف اقوام اور ٹریڈ کی آسامیاں خالی ہیں۔ بھرتی ہونے والے امیدواران کو بلوچستان کے اضلاع (قلات، خضدار، تربت، پنجگور، گوادر، خاران، واشک، لسبیلہ، بیچ، آواران اور چاغی) میں ڈیوٹی پر تعینات کیا جائے گا۔ فرنٹیئر کور (ساؤتھ) کی ٹیمیں مندرجہ ذیل مقامات پر بھرتی کریں گی۔

خواہشمند حضرات اپنے ضلع کی مقررہ تاریخ پر متعلقہ بھرتی سنٹر پر تشریف لائیں۔

	بھرتی دفتر	تاریخ	وقت
ا۔	ہیڈکوارٹر تھر رینجرز، حیدرآباد بھرتی برائے اضلاع امیدواران تمام اضلاع صوبہ سندھ	23 تا 25 نومبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
ب۔	آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ سنٹر، پنوعاقل بھرتی برائے اضلاع امیدواران تمام اضلاع صوبہ سندھ۔	28 نومبر تا 1 دسمبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
پ۔	سرگودھا جھنگ موڑ ایم پی چیک پوسٹ بھرتی برائے اضلاع: چنیوٹ، فیصل آباد، گجرانوالہ، حافظ آباد، قصور، کھاریاں، خوشاب، لاہور، منڈی بہاؤالدین، میانوالی، ننکانہ صاحب، نارووال، شیخوپورہ، سرگودھا، سیالکوٹ، وزیرآباد اور میرپور ڈویژن۔	4 تا 6 دسمبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
ث۔	رینجرز کیڈٹ کالج۔ چکری، راولپنڈی بھرتی برائے اضلاع: چکوال، جہلم، راولپنڈی، گجرات، مری اور کلر کہار، ایبٹ آباد، ہری پور، کولائی پلاس، اپر/لوئر کوہستان، مانسہرہ، تورغر، شانگلہ، بٹگرام اور مظفرآباد ڈویژن۔	9 تا 11 دسمبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
ٹ۔	بلوچ رجمنٹ سنٹر، ایبٹ آباد بھرتی برائے اضلاع: ایبٹ آباد، ہری پور، کولائی پلاس، اپر/لوئر کوہستان، مانسہرہ، تورغر، شانگلہ، بٹگرام اور مظفرآباد ڈویژن۔	14 تا 16 دسمبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
ج۔	آرٹلری سنٹر، اٹک بھرتی برائے اضلاع: اٹک، تلہ گنگ اور پونچھ ڈویژن۔	19 تا 21 دسمبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
ح۔	پنجاب رجمنٹ سنٹر، مردان بھرتی برائے اضلاع: باجوڑ، مردان، مالاکنڈ، بونیر، سوات، لوئر/اپر چترال، صوابی اور لوئر/اپر دیر۔	24 تا 26 دسمبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
خ۔	سکاؤٹس ٹریننگ اکیڈمی ورسک، پشاور بھرتی برائے اضلاع: پشاور، چارسدہ، خیبر، مہمند، نوشہرہ، مہمند ایجنسی	29 تا 31 دسمبر 2026	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
د۔	سگنلز ٹریننگ سنٹر، کوہاٹ بھرتی برائے اضلاع: بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان، ہنگو، کرک، کوہاٹ، کرم، لکی مروت، جنوبی/شمالی وزیرستان، اورکزئی اور ٹانک۔	3 تا 5 جنوری 2027	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک
ذ۔	شفقات کمپلیکس کینٹ، ملتان بھرتی برائے اضلاع: بہاولپور، بہاولنگر، بھکر، ڈیرہ غازیخان، جھنگ، جامپور، کوٹ ادو، خانیوال، لیہ، لودھراں، ملتان، مظفر گڑھ، اوکاڑہ، پاکپتن، رحیم یار خان، راجن پور، ساہیوال، ٹوبہ ٹیک سنگھ، تونسہ اور وہاڑی	8 تا 11 جنوری 2027	صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک

2. معیار برائے بھرتی

	GD سولجر	سولجر کلرک	ای ایم ای سپاہی
ا۔	تعلیم میٹرک	تعلیم انٹرمیڈیٹ بمعہ کمپیوٹر ڈپلومہ اور ٹائپنگ سپیڈ 35 الفاظ فی منٹ	تعلیم انٹرمیڈیٹ بمعہ ٹیکنیکل ڈپلومہ
ب۔	قد۔ "6-5	قد۔ "3-'5	قد۔ "6-'5
پ۔	عمر 24 - 1/2 17 سال	عمر 24 - 1/2 17 سال	عمر 24 - 1/2 17 سال
ت۔	چھاتی۔ "33 - 31	چھاتی "32 - 30	چھاتی "33 - 31

◆ سندھی امیدواروں کیلئے قد اور چھاتی کی پیمائش میں 1 انچ کی رعایت دی جائے گی

3۔ لواحقین شہداء ایف سی بلوچستان ساؤتھ (صرف بیٹا اور بھائی) کیلئے خصوصی رعایت رکھی گئی ہے۔ ایسے تمام افراد مندرجہ بالا تاریخوں میں متعلقہ بھرتی سنٹر پر بھرتی کے لئے تشریف لائیں۔

تعلیم	قد	عمر	چھاتی
مڈل	5 فٹ 4 انچ	عمر 24 - 1/2 17 سال	32 - 30 انچ

4۔ سہولیات

ا۔ ایف سی کے جوانوں کی تنخواہ بھی آرمی کے جوانوں کے برابر	ب۔ مفت رہائش / کھانا	پ۔ دوران سروس آپکے بیوی اور بچوں کا مفت علاج	ت۔ بچوں کی مختلف تعلیمی اداروں میں تعلیم کی سہولت
ٹ۔ اندرون ملک بذریعہ روڈ، ریلوے اور پی آئی اے سفر کرنے کی صورت میں نصف کرایہ کی سہولت		ث۔ سال میں دو ماہ کی چھٹی بمع تنخواہ اور بروقت ضرورت ایمرجنسی چھٹی	
ج۔ کارکردگی کی بناء پر اقوام متحدہ کے ساتھ بیرون ملک سروس کے مواقع		چ۔ شہداء کے بچوں کیلئے مفت تعلیم اور رہائش کے لئے گھر	ح۔ پنشن گریجوئٹی کی سہولت

نوٹ:۔ 1۔ وہ حضرات جن کی عمر 18 سال سے زائد ہے ان کا فارم (ب) قابل قبول نہیں ہوگا۔ بلکہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی ہے۔ 2۔ تمام اصل تعلیمی اسناد / کمپیوٹرائزڈ فارم (ب)، ڈومیسائل، تمام دستاویزات کی دو عدد تصدیق شدہ فوٹوسٹیٹ اور تین عدد پاسپورٹ سائز فوٹو اپنے ہمراہ لائیں۔ 3۔ جعلی تعلیمی اسناد پیش کرنے والے کو حوالہ پولیس کیا جائے گا۔ 4۔ وہ حضرات جن پر ایف آئی آر درج ہو یا سزا یافتہ ہو ں وہ بھرتی کے لئے نااہل ہوگا۔ 5۔ ٹیسٹ / انٹرویو کے لئے آنے والے ٹی اے / ڈی اے کے حقدار نہیں ہوں گے۔ 6۔ 30 جنوری 2027 تک، خواہشمند امیدواروں کی عمر کی حد 24 سال سے زیادہ اور 17 سے کم نا ہو۔ 7۔ 1 میل دوڑ کے ٹیسٹ کے لئے PT شوز، تحریری ٹیسٹ کے لئے قلم اور امتحانی گتہ ساتھ لائیں۔ 8۔ تعلیم اور کمپیوٹر میں مہارت اور ڈی اے ای / ٹیکنیکل ڈپلومہ رکھنے والوں کو ترجیح اور عمر میں ایک سال تک رعایت دی جائیگی (BSc/BA) بی اے / بی ایس سی۔ 9۔ ایم اے / ایم ایس سی (MSc/MA) اور اس سے زیادہ تعلیم رکھنے والوں کو عمر میں دو سال تک رعایت دی جائیگی۔ 10۔ ڈرائیونگ میں مہارت رکھنے LTV/ HTV اور ڈرائیونگ لائسنس یافتہ جوانوں کو ترجیح دی جائیگی۔ 11۔ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے ایف سی ہیلپ لائن 0852411818/0852412209 سے رابطہ کریں۔

لیفٹیننٹ کرنل برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ)

(محمد سہیل طفیل)

PID (Q) 158 / 26

WAPDA
Decade of Dams

URAAN PAKISTAN

REQUEST FOR BIDS
PROCUREMENT OF GOODS

1. The **O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company)** has reserved Funds for the procurement planned for **FY 2026-27**. The **O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company)** intends to apply part of the proceeds of this Fund to cover eligible payments under the contract for the **"Procurement of Submersible Pumps for Tailrace Tunnel Dewatering System of Neelum Jhelum Hydropower Station"** with the reference of **"P180567"**.
2. The **O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company)** invites sealed Bids from eligible Bidders for procurement of goods described in the bidding documents on **EPADS v2.0**.
3. **Single Stage-One Envelope** will be used by adopting **Least Cost Based Selection (LCBS)** Technique for the subject procurement, in line with the Public Procurement Rules, 2026 and any Regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority from time to time.
4. All Bids must be accompanied by a Bid Security amount described in Bid Security Section in Bidding Document in the form of **Pay Order, Call at Deposit, Bank Guarantee, Demand Draft** or all bids must be accompanied by bid securing declaration in the format specified in the Bidding documents
5. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on **e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS)** at https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/180567 for all the interested bidders registered on **EPADS v2.0.** Bidders are required to get themselves registered on **EPADS v2.0** to participate in Bidding process.
6. The e-bids, prepared in accordance with the instructions in the e-Bidding Documents, must be submitted through **EPADS v2.0** on or before **Wednesday, November 25, 2026 02:00 PM**. E-bids will be opened using **EPADS v2.0** on the same day at **Wednesday, November 25, 2026 02:30 PM**. Manual submission of Bids shall not be entertained. Those vendors who have not yet registered on the new version of **EPADS v2.0**, may register themselves on https://vendors.epads.gov.pk/. A tutorial to explain the registration process is available at https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc.

Asstt. Director (E&M) Contracts
O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company),
C3 WAPDA Colony, Chattar Kalas, Muzaffarabad AJK.
+92-312-708-8871 , sardarzahid728@gmail.com

PID(L) 1216/26 PRD(L)WAPDA/128(2026-27)

روزنامہ باخبر کوئٹہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 15 نومبر 2026ء



بلوچستان پولیس کی کارکردگی 58 اشتہاری، 312 مفرور سمیت سینکڑوں ملزمان گرفتار، 9 مفروی بازیاب

تین منشیات کی رپورٹ جاری

انسپکٹر جنرل (آئی جی) پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایت پر صوبے کی تمام 9 مختلف جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے

عنف سنگین جرائم میں ملوث 420 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جبکہ اغوا کاروں کے چنگل سے 9 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرایا گیا ہے، ترجمان بلوچستان پولیس

ڈاہیکار اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں 84 ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 70 پستول و ریوالور، 3 کلاشنکوف، 11 شارٹ گن برآمدکیں، 65 ہینڈ گرنیڈ اور 972 راؤنڈز برآمد کیے گئے

ملزمان کو گرفتار کرنے کی بھی ہے، ترجمان بلوچستان پولیس کارروائیوں میں 84 ملزمان گرفتار کرکے ان سے 70 پستول و ریوالور، 3 کلاشنکوف، 11 شارٹ گن برآمدکیں، 65 ہینڈ گرنیڈ اور 972 راؤنڈز برآمد کیے گئے

کوئٹہ (آئی این پی) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایت پر صوبے کی تمام پولیس اتھارٹیز کی جانب سے انسداد منشیات کے خلاف جاری مہم کے دوران گرفتار ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس کے نتیجے میں بلوچستان پولیس نے 58 اشتہاری، 312 مفرور اور مختلف سنگین جرائم میں ملوث 420 ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 70 پستول و ریوالور، 3 کلاشنکوف، 11 شارٹ گنز، 65 ہینڈ گرنیڈز اور 972 راؤنڈز برآمد کیے گئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے دوران 84 ملزمان کو گرفتار کرکے ان سے 9 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرایا گیا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس نے کہا کہ ایک مقدمہ میں ملزم کو عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ 58 اشتہاری، 312 مفرور اور مختلف سنگین جرائم میں ملوث 420 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 70 پستول و ریوالور، 3 کلاشنکوف، 11 شارٹ گنز، 65 ہینڈ گرنیڈز اور 972 راؤنڈز برآمد کیے گئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے دوران 84 ملزمان کو گرفتار کرکے ان سے 9 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرایا گیا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس نے کہا کہ ایک مقدمہ میں ملزم کو عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

02 سٹوری بقیہ ص



ڈپٹی کمشنر کوہستان عبداللہ یاری ریفرنڈل دور دراز علاقوں خصوصاً پٹیالی میں انسداد پولیو مہم کے مؤثر اور کامیاب بنانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں







بلوچستان کے مختلف علاقوں میں گزشتہ روز ہونے والی بارش کے بعد سیلابی صورتحال کا منظر

کئی سردار تعلیم اور ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں، رکن اسمبلی

اسسٹنٹ کمشنر ڈوب کا کارٹ ریس کا دلکش کی تشہیر کے لیے تنوعات کے خلاف آپریشن

جامعہ تربت کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر دراشہ رفیق کا پی ایچ ڈی تھیسس کامیابی سے مکمل

جامعہ گوادر کی بارہویں اکیڈمک کونسل کا اجلاس منعقد


صوبائی وزیر محنت وخرمت سردار گوہر یار خان ڈومکی سے رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں




















































پاکستان کسٹم کا ایک اشارہ پکڑ پکڑ کر پابندی کے قانون سختی سے مسلمہ کیا جائے گا

ہوائی اڈے کی کسٹم کے خلاف ہڑتال کی دھمکی

بلوچستان انٹرنیشنل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر کی ملاقات

میاں نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ کیلئے بھال شاہ کا نام کمیٹی میں ایوارڈ کمیٹی کے سامنے پیش کیا جائے گا

مرکزی نقریب لاہور ایوارڈ میں منتخب ہونے والے نام شخصیات مرد اور خواتین

بلوچستان انٹرنیشنل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر کی ملاقات

ڈپٹی کمشنر ڈوب کا کارٹ ریس کی تشہیر کے لیے تنوعات کے خلاف آپریشن

جامعہ تربت کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر دراشہ رفیق کا پی ایچ ڈی تھیسس کامیابی سے مکمل

جامعہ گوادر کی بارہویں اکیڈمک کونسل کا اجلاس منعقد

صوبائی وزیر محنت وخرمت سردار گوہر یار خان ڈومکی سے رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں



روزنامہ باخبر کوئٹہ THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
چیف ایگزیکٹو پرنٹر پبلشر شاہ غاسی نے آریانہ پرنٹرز منصب چیمبر
شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ باخبر کے دفتر منصب چیمبر
شارع عدالت کوئٹہ سے شائع کیا بانی اکرم اللہ خان

روزنامہ ’’باخبر‘‘ کوئٹہ 15 نومبر 2026ء

مکہ معاہدہ پر پیش رفت کا آغاز

سعودی عرب پر حالیہ حملوں کے بعد مکہ دفاعی اتحاد کی ذمہ داریوں پر عملی پیش رفت کا آغاز ہوا ہے۔ پاکستان نے سعودی شہروں، ہوائی اڈوں اور شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ دریں اثنا سعودی عرب نے دعوی کیا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے مکہ مکرمہ کے علاقے کی جانب آنے والے دو بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیئے تاہم ان کا ملبہ علاقے کے دو مقامات پر گرا۔ سعودی سرکاری ٹی وی نے ان مقامات کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا کہ ایک مقام صبوحہ گاؤں ہے جو مسجد الحرام سے تقریبا 35 کلومیٹر شمال مشرق میں واقع ہے جبکہ دوسرا مقام وادی المعمس ہے جو مسجد الحرام سے تقریبا 21 کلومیٹر مشرق میں واقع ہے۔ سعودی سول ڈیفنس کے مطابق میزائل مکہ مکرمہ کے علاقے کی جانب داغے گئے جنہیں فضائی دفاعی نظام نے روک کر تباہ کیا۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ مقدس مقامات کو نشانہ بنانا بین الاقوامی انسانی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے اور یہ حوثیوں کے خطرناک جارحانہ عزائم کی عکاسی کرتا ہے۔ اس تناظر میں پاکستان اور سعودی عرب کے مابین مکہ معاہدے پر عملی پیش رفت کا آغاز خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال میں ایک اہم اور دوررس نتائج کی حامل پیش رفت ہے۔ بے شک سعودی عرب کا دفاع پاکستان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے پاکستان کوئی بھی ضروری اقدام اٹھانے کو تیار ہے۔ ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے عرب اخبار الشرق الاوسط کو انٹرویو دیتے ہوئے پاکستان کے اس غیر متزلزل عزم کا اظہار کیا جنہوں نے سعودی عرب کے شہروں، ہوائی اڈوں اور اہم تنصیبات پر حملوں کی بھی مذمت کی ہے۔ دوسری جانب چاروں ممالک نے علاقائی امن کے لیے مذاکرات اور باہمی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ موجودہ حالات میں مکہ معاہدہ محض دو یا چند ممالک کے مابین دفاعی تعاون کی دستاویز نہیں بلکہ مسلم دنیا کے اجتماعی دفاع، خودمختاری اور سلامتی کے ایک مضبوط تصور کی بنیاد بن سکتا ہے۔

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کی بنیاد مذہبی عقیدت، تاریخی وابستگی، باہمی اعتماد اور آزمائش کی ہر گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کے جذبے پر استوار ہے۔ سعودی عرب نے پاکستان کی اقتصادی مشکلات کے دوران ہمیشہ معاونت کی اور پاکستان نے بھی سعودی مملکت کی سلامتی اور دفاع کے معاملے میں اپنی ذمہ داری کا احساس کیا ہے۔ دونوں ممالک کے عوام کے مابین محبت اور عقیدت کا رشتہ کسی سفارتی معاہدے کا محتاج نہیں۔ تاہم مکہ معاہدے کے ذریعے اس برادرانہ تعلق کو ایک منظم دفاعی تعاون میں تبدیل کرنے کی کوشش یقیناً غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ اس سے پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور خلیجی ریاستوں کے مابین دفاعی اشتراک کی نئی راہیں بھی کھل سکتی ہیں۔

اس وقت مشرق وسطی جس کشیدہ صورتحال سے گزر رہا ہے، اس میں کسی ایک ملک کی سلامتی کو لاحق خطرات پورے خطے کے امن کو متاثر کر سکتے ہیں۔ امریکہ اور ایران کے مابین کشیدگی، اسرائیل کی توسیع پسندانہ پالیسیوں، فلسطین میں جاری مظالم اور خلیجی خطے میں بڑھتی ہوئی عسکری سرگرمیوں نے مسلم دنیا کے لیے کئی نئے چیلنج پیدا کر دیے ہیں۔ ایسے حالات میں مسلم ممالک کا اپنی اجتماعی سلامتی کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ مکہ معاہدہ اسی ضرورت کا ایک موثر جواب بن سکتا ہے۔ اس کے ذریعے یہ پیغام دیا جا سکتا ہے کہ مسلم ممالک اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور مقدس مقامات کے تحفظ کے معاملے میں کسی قسم کی غفلت یا کمزوری کا مظاہرہ نہیں کریں گے۔

سعودی عرب پر باغی حوثیوں کے حملے اس پورے خطے کے امن کے لیے انتہائی تشویشناک ہیں۔ ان حملوں سے نہ صرف سعودی عرب کی سلامتی کو خطرات لاحق ہوتے ہیں بلکہ مسلم دنیا کے مذہبی جذبات بھی مجروح ہوتے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز بھی حوثیوں کی جانب سے مسجد الحرام کے قریب دو بیلسٹک میزائل داغے گئے جنہیں سعودی فضائی دفاعی نظام نے فضا ہی میں تباہ کر دیا۔ اگر یہ میزائل اپنے ہدف تک پہنچ جاتے تو اس کے نتائج کتنے تباہ کن ہو سکتے تھے، اس کا تصور بھی لرزا دینے والا ہے۔ حرمین شریفین بے شک پوری امت مسلمہ کا روحانی مرکز اور عقیدتوں کا محور ہیں اس لئے ان کے قریب کسی بھی قسم کی عسکری کارروائی ناقابل قبول ہے۔ مقدس مقامات کو علاقائی کشمکش یا کسی فریق کے خلاف دباؤ ڈالنے کے لیے استعمال کرنا انتہائی افسوسناک اور خطرناک طرز عمل ہے۔

یہاں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ امریکہ اور ایران کے مابین کشیدگی کی آڑ میں سعودی سرزمین کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش پورے خطے کو ایک نئی اور زیادہ سنگین محاذ آرائی کی طرف دھکیل سکتی ہے۔ سعودی عرب کو کسی دوسرے ملک کے ساتھ اختلافات یا تنازعے کی سزا دینے کا کوئی جواز نہیں۔ کسی ملک کی خودمختاری اور شہری آبادی پر حملوں کو کسی بھی سیاسی یا عسکری موقف کے ذریعے درست قرار نہیں دیا جا سکتا۔ چونکہ حوثیوں کے ایسے اقدامات سے مسلم ممالک کے درمیان انتشار اور بداعتمادی پیدا ہونے کا اندیشہ ہے جس کا فائدہ صرف ان قوتوں کو پہنچے گا جو مسلم دنیا کو تقسیم اور کمزور دیکھنا چاہتی ہیں اس لیے ضروری ہے کہ خطے کے تمام فریق اشتعال انگیزی سے گریز کریں اور مذاکرات کے ذریعے تنازعات کا حل تلاش کریں۔

اب ضرورت اس امر کی ہے کہ مکہ معاہدے کو عملی دفاعی تعاون، مسلم اتحاد اور سفارتی حکمت عملی کے ذریعے ایک موثر نظام میں تبدیل کیا جائے۔ مسلم دنیا کو یہ احساس دلانا ہوگا کہ اس کی سلامتی اور مقدس مقامات کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ یہی مکہ معاہدے کی اصل روح اور وقت کا اہم ترین تقاضا ہے۔

بھائی خان اور مراد خان: پکھلی کی تاریخ کے اہم کردار

تحریر و تحقیق: نجیم شاہ

پکھلی اور ہزارہ کی تاریخ میں بھائی خان اور اُن کے فرزند مراد خان کو خانخیل سواتی قبیلے کی اہم شخصیات میں شمار کیا جاتا ہے۔ ان کا تذکرہ سواتیوں کی آمد، ترک اقتدار کے خاتمے، قبائلی حکمرانی کے قیام اور اراضی کی تقسیم کے حوالے سے مقامی تاریخی روایات میں ملتا ہے۔ اُن کی اہمیت جنگی کارناموں کیساتھ قبائلی اقتدار اور خاندانی نسب سے بھی وابستہ ہے۔

مقامی روایت کے مطابق بھائی خان نے سید جلال بابا کے ساتھ ملکر سواتیوں کی پکھلی میں پیشقدمی اور کرلوغ ترکوں کے اقتدار کے خاتمے میں کردار ادا کیا۔ ترکوں کی شکست کے بعد مفتوحہ اراضی قبائلی سرداروں میں تقسیم کی گئی۔ بھائی خان کو خانخیل خاندان کا جدِ اعلیٰ جبکہ اُن کے فرزند مراد خان کو خاندانی سرداری اور انتظامی اثر و رسوخ مستحکم کرنیوالی شخصیت قرار دیا جاتا ہے۔

تاہم پکھلی میں سواتیوں کی آمد اور ترک اقتدار کے خاتمے کی زمانی ترتیب کے حوالے سے تاریخی ماخذوں میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ 1907ء کے ہزارہ گزیٹیر کے مطابق مغلیہ سلطنت کے زوال کے زمانے میں سواتیوں نے پکھلی پر متعدد حملے کیے، جبکہ سید جلال بابا کی قیادت میں اٹھارہویں صدی کے اوائل کو اُن کی آمد کا آخری بڑا مرحلہ قرار دیا گیا ہے۔

اس ضمن میں مغل مؤرخ محمد کاظم کی تصنیف ’’عالمگیر نامہ‘‘ اہم تاریخی ماخذ ہے۔ اس میں 1667ء کے واقعات کے تحت اخوند سالاک اور بہا کو خان کی قیادت میں سواتی و یوسفزئی لشکروں کے پکھلی پر حملوں کا ذکر ملتا ہے۔ واقعات کے قریب عہد میں مرتب ہونے کی وجہ سے یہ حوالہ بعد کی مقامی روایات کے مقابلے میں خصوصی تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔

جرمن محقق وولف گانگ ہولزوارتھ کے مطابق اخوند سالاک اور بہا کو خان تقریباً پانچ ہزار جنگجوؤں کے ساتھ دریائے سندھ عبور کر کے پکھلی میں داخل ہوئے اور قلعہ چھاچھل پر قبضہ کیا۔ پروفیسر اختر نے بھی اپنی تصنیف ’’تاجک سواتی و مملکتِ گبر‘‘ میں اخوند سالاک کو فاتح پکھلی قرار دیا ہے۔ اُن کے مطابق تھاکوٹ کے قریب چھانجل قلعے پر حملہ بھی سید جلال بابا کے بجائے اخوند سالاک کی قیادت میں ہوا تھا۔

اِن شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ پکھلی میں سواتیوں کی ابتدائی فوجی پیشقدمی سترہویں صدی میں شروع ہو چکی تھی۔ پروفیسر اختر کے مطابق بھی اخوند سالاک کے حملے ہی کے دوران پکھلی میں سواتیوں کی آبادکاری کا آغاز ہوا، جبکہ سید جلال بابا سے منسوب واقعات اٹھارہویں صدی کے اوائل کے ہیں۔ اِس تناظر میں بھائی خان کی بدخشاں سے آمد ایک الگ فوجی مہم معلوم ہوتی ہے، جس کا تعلق گلی باغ کے ترک حکمرانوں سے تھا۔

برطانوی مصنف جارج بی سکاٹ نے اپنی تصانیف ’’ٹوئیٹی ایئرز آن دی نارتھ ویسٹ فرنٹیئر‘‘ (1906ء) اور ’’افغان اینڈ پٹھان‘‘ (1939ء) میں بھائی خان کا ذکر کیا ہے۔ اُن کے مطابق بدخشاں سے آنیوالے پٹھان سردار نے چند سو جنگجوؤں کے ساتھ دریائے سندھ عبور کیا اور تھاکوٹ کے راستے پکھلی پہنچے۔ اس مہم کا پس منظر گلی باغ کے ترک گورنر کے خلاف ایک مقامی خاندان کی انتقامی کارروائی تھی۔

سکاٹ کے بقول اُنہوں نے یہ داستان 1867ء میں کوہِ تنگلائی پر ایک معمر ترک شخص سے سُنی تھی، جو اپنے آباؤ اجداد کو گلی باغ کا سابق حکمران بتاتا تھا۔ روایت کے مطابق بھائی خان نے جنگجوؤں کو جمع کر کے رات کے وقت مشعلوں، نعروں اور اچانک حملے کے ذریعے گلی باغ پر قبضہ کیا۔ سکاٹ نے ایک سواتی خان سے بھی اس واقعے کی ایک مختلف خاندانی روایت سُنی تھی۔

ترک اقتدار کے خاتمے کے بعد مقامی روایات کے مطابق مراد خان نے پکھلی میں اپنے خاندان کی سرداری اور انتظامی حیثیت کو مستحکم کیا۔ زمینوں کی تقسیم، قبائلی خاندانوں کی آبادکاری اور مقامی معاملات میں اُن کے خاندان کا نمایاں اثر و رسوخ رہا۔ اُنکی قیادت میں خانخیل خاندان نے پکھلی کے سماجی، سیاسی اور قبائلی نظام میں ایک اہم مقام حاصل کیا۔

خانخیل خاندان کے نسب کے بارے میں دو نمایاں روایات موجود ہیں۔ پہلی کے مطابق یہ خاندان سواتی قبیلے کی خانخیل شاخ سے تعلق رکھتا ہے اور اس کے بزرگوں کی ابتدائی آبادی سوات کے علاقے تھانہ بخنہ میں تھی۔ دُوسری روایت میں خاندان اپنے آپ کو قریشی النسل قرار دیتا ہے۔ قریشی نسب کے دعوے کا اہم برطانوی حوالہ 1907ء کا ہزارہ گزیٹیر ہے۔ اس میں گڑھی حبیب اللہ کے موروثی سردار محمد حسین خان کو خانخیل ذیلی شاخ سے متعلق قرار دیتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ خانخیل اصرار کرتے ہیں کہ وہ سواتی نہیں بلکہ قریشی ہیں۔

گزیٹیر کے مطابق محمد حسین خان بڑے جاگیردار تھے اور اُنکی جاگیر میں کونش اور وادیٔ کنہار کے بعض علاقے شامل تھے۔ ایک دستیاب شجرے میں محمد حسین خان بن سمندر خان کا نسب بھائی خان تک پہنچتا ہے۔ ’’تحقیق الافغان‘‘ میں خانخیل قبیلے کے نسب کی صدیقی قریشی روایت کی تفصیل بیان کرتے ہوئے بھائی خان کا اصل نام عبدالرحمن لکھا گیا ہے۔ پروفیسر اختر کے مطابق بھی جارج سکاٹ نے بھائی خان کو سواتی کے بجائے پٹھان لکھا ہے جبکہ اس قبیلے کے افراد اپنے آپ کو قریش لکھتے اور بولتے ہیں۔

دستیاب شجروں کے مطابق بھائی خان کے چار فرزند مراد خان، خوشحال خان، صلاح خان اور طور خان تھے۔ مراد خانی گڑھی حبیب اللہ، مانسہرہ، ہمشیریاں، باڑی، ترکنال، سم الہی، منگ، نیلی شنگ، راجدواری اور بل میں آباد ہوئے، جبکہ خوشحال خانی بن سیر اور صلاح خانی و طور خیل شملائی میں آباد بتائے جاتے ہیں۔ یہ شاخیں ہزارہ میں خانخیل خاندان کے تاریخی پھیلاؤ اور اثر و رسوخ کی نشاندہی کرتی ہیں۔

بھائی خان اور مراد خان کی تاریخ محض ایک خاندان کے نسب یا سرداری تک محدود نہیں بلکہ پکھلی میں قبائلی اقتدار، زمینوں کی تقسیم اور ہزارہ کی سماجی و سیاسی تشکیل سے بھی جڑی ہے۔ ’’عالمگیر نامہ‘‘، ہزارہ گزیٹیر، جارج بی سکاٹ کی تصانیف اور مقامی شجرے اس تاریخ کے مختلف پہلو اُجاگر کرتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان روایات کو مستند تاریخی دستاویزات کی روشنی میں پرکھا جائے تاکہ ان شخصیات کا حقیقی مقام متعین ہو سکے۔

زمین کے خزانے، خوشحالی کے راستے

تحریر: رفیع صحرائی

پاکستان کی معاشی تاریخ کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ قدرت نے اس سرزمین کو بے شمار نعمتوں اور معدنی خزانوں سے مالا مال کیا، لیکن ہم ان خزانوں کو قومی ترقی اور خوشحالی کا ذریعہ بنانے میں ناکام رہے۔ ہمارے پہاڑوں، صحراؤں اور زمینوں کی تہوں میں سونا، تانبا، کوئلہ، لیتھیم، کرومائٹ اور دیگر قیمتی معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں، مگر افسوس کہ ان وسائل سے فائدہ اٹھانے کے بجائے ہم دہائیوں سے قرضوں، بیرونی امداد اور مالیاتی اداروں کے سامنے دستِ سوال دراز کرتے چلے آ رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ جس ملک کی زمین کے نیچے قدرت نے دولت کے خزانے چھپا رکھے ہوں، وہ ملک معاشی بدحالی اور قرضوں کے بوجھ تلے کیوں دبا رہے؟ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنی معدنی دولت کو معاشی خودمختاری کا راستہ بنائیں۔

وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 سے خطاب کرتے ہوئے عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے اور ملک 2050 سے پہلے دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وزیراعظم نے سرمایہ کاروں کو یکساں مواقع، پالیسیوں میں تسلسل اور شفاف طریقہ کار کی یقین دہانی بھی کرائی۔ ان کے خطاب کا ایک اہم پہلو یہ تھا کہ پاکستان اب اپنی معدنیات محض خام شکل میں برآمد کرنے کے بجائے انہیں ملک کے اندر پراسیس، ریفائن اور تیار شدہ مصنوعات میں تبدیل کرنے کی حکمت عملی اختیار کرے گا۔ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بھی مکمل ویلیو چین ملک میں قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ بلاشبہ یہ سوچ پاکستان کے معاشی مستقبل کے لیے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہو سکتی ہے۔

تاہم یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ معدنی وسائل کی اہمیت کا احساس ہمیں اتنی دیر سے کیوں ہوا؟ بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، سندھ اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں معدنی ذخائر کی موجودگی کوئی نئی بات نہیں۔ اس کے باوجود ماضی کی حکومتیں ان وسائل کو قومی ترقی کے منصوبوں میں وہ مقام نہ دے سکیں جس کے یہ مستحق تھے۔ سیاسی عدم استحکام، حکومتوں کی تبدیلی کے ساتھ پالیسیوں کا بدل جانا، ادارہ جاتی کمزوریاں، کرپشن، انتظامی پیچیدگیاں اور وفاق و صوبوں کے درمیان عدم اعتماد اس شعبے کی ترقی میں بڑی رکاوٹیں بنتے رہے۔ ہم نے قدرتی وسائل کی تلاش پر تو توجہ دی، لیکن انہیں صنعتی پیداوار میں تبدیل کرنے کے لیے درکار تحقیق، ٹیکنالوجی، تربیت اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کو نظرانداز کیے رکھا۔

ریکوڈک منصوبہ ہماری اسی قومی غفلت اور ناقص منصوبہ بندی کی ایک نمایاں مثال ہے۔ دنیا کے بڑے تانبے اور سونے کے ذخائر میں شمار ہونے والے اس منصوبے کو قانونی تنازعات اور حکومتی فیصلوں کے باعث طویل عرصے تک تعطل کا سامنا کرنا پڑا۔ اس سے نہ صرف ممکنہ سرمایہ کاری متاثر ہوئی بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ کو بھی نقصان پہنچا۔ اب اس منصوبے پر پیش رفت ایک امید افزا امکان ہے، لیکن ضروری ہے کہ ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھا جائے اور اسے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی منصوبے کے طور پر آگے بڑھایا جائے۔

حقیقت یہ ہے کہ معدنی دولت صرف اس وقت قومی معیشت کو مضبوط بنا سکتی ہے جب ہم خام مال کی برآمد سے آگے بڑھ کر صنعتی پیداوار کی منزل تک پہنچیں۔ مثال کے طور پر اگر ہم تانبا نکال کر بیرون ملک بھیج دیں تو ہمیں اس کی محدود قیمت ملے گی، لیکن اسی تانبے سے بجلی کی تاریں، صنعتی پرزے، مشینری اور دیگر مصنوعات ملک میں تیار کریں تو روزگار بھی پیدا ہوگا، برآمدات بھی بڑھیں گی اور قیمتی زرمبادلہ بھی حاصل ہوگا۔ اسی طرح لیتھیم اور دیگر اہم معدنیات جدید بیٹریوں، توانائی کے متبادل ذرائع اور جدید ٹیکنالوجی کی صنعتوں میں بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ دنیا میں برقی گاڑیوں، قابلِ تجدید توانائی اور جدید الیکٹرانکس کی بڑھتی ہوئی مانگ نے ان معدنیات کی اہمیت کئی گنا بڑھا دی ہے۔ پاکستان کو اس عالمی تبدیلی سے فائدہ اٹھانے کے لیے ابھی سے تیاری کرنا ہوگی۔

یہاں حکومت کی حکمت عملی کا اصل امتحان شروع ہوتا ہے۔ سرمایہ کاری کانفرنسوں میں بڑے اعلانات اور عالمی سرمایہ کاروں کو دعوت دینا یقیناً ضروری ہے، لیکن سرمایہ کار صرف وعدوں سے متاثر نہیں ہوتے۔ وہ پالیسیوں کا تسلسل، قانون کی بالادستی، شفافیت، امن و امان اور کاروباری سہولتوں کو دیکھتے ہیں۔ حکومت کو لائسنسوں کے اجرا، ٹیکسوں، زمین کے حصول اور قانونی منظوریوں کے معاملات آسان بنانا ہوں گے۔ سب سے بڑھ کر معدنی شعبے کے لیے ایک ایسی قومی پالیسی تشکیل دینا ہوگی جسے حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود برقرار رکھا جائے۔ معدنی وسائل کسی ایک حکومت یا سیاسی جماعت کی ملکیت نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی امانت ہیں۔

اس سارے عمل میں بلوچستان اور دیگر معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کے عوام کو نظرانداز کرنا بھی ایک بڑی ناانصافی ہوگی۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ کسی علاقے کی زمین سے اربوں ڈالر کی معدنی دولت حاصل کی جائے، مگر وہاں کے عوام صاف پانی، معیاری تعلیم، علاج معالجے، سڑکوں اور روزگار جیسی بنیادی سہولتوں سے محروم رہیں؟ معدنی منصوبوں میں مقامی آبادی کو روزگار کی ترجیح، فنی تربیت، کاروباری مواقع اور آمدنی میں مناسب حصہ ملنا چاہیے۔ اس کے ساتھ ماحولیاتی تحفظ، زیرِ زمین پانی کے وسائل اور قدرتی ماحول کی حفاظت کے لیے مؤثر نگرانی بھی ضروری ہے۔ ترقی کا اصل پیمانہ صرف قومی آمدنی میں اضافہ نہیں بلکہ عام آدمی کے معیارِ زندگی میں بہتری ہے۔

ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ پاکستان کو معدنی ترقی کے لیے مکمل طور پر غیر ملکی ٹیکنالوجی اور ماہرین پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ ہماری جامعات، تحقیقاتی اداروں اور فنی تعلیمی مراکز کو اس قومی منصوبے کا حصہ بنایا جائے۔ نوجوانوں کو جیولوجی، مائننگ انجینئرنگ، معدنیات کی پراسیسنگ اور جدید صنعتی ٹیکنالوجی کی تربیت دی جائے۔ اس طرح نہ صرف مقامی طور پر ہنرمند افرادی قوت تیار ہوگی بلکہ ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مقامی صنعتی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوگا۔ ہمیں یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے معاہدوں میں مقامی صنعت، پاکستانی افرادی قوت اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کو مناسب اہمیت دی جائے۔

پاکستان کو اس وقت جس معاشی خودمختاری کی ضرورت ہے، اس کا راستہ محض قرضوں کے حصول یا وقتی مالیاتی سہولتوں سے نہیں نکلے گا۔ اس کے لیے پیداوار بڑھانا، برآمدات میں اضافہ کرنا، درآمدی انحصار کم کرنا اور قدرتی وسائل کو صنعتی طاقت میں تبدیل کرنا ہوگا۔ معدنی شعبہ اس سفر کا ایک مضبوط ستون بن سکتا ہے، بشرطیکہ ہم اسے سیاسی نعروں کے بجائے قومی ذمہ داری سمجھ کر آگے بڑھائیں۔

قدرت نے پاکستان کو وسائل دیے، ماضی کی حکومتیں ان سے پوری طرح فائدہ نہ اٹھا سکیں، لیکن اب ہمارے پاس غلطیوں کی گنجائش بہت کم رہ گئی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اعلانات کو عملی منصوبوں، سرمایہ کاری کو صنعتی ترقی اور معدنی دولت کو عوامی خوشحالی میں تبدیل کرے۔ کیونکہ پاکستان کی کامیابی کا راز زمین کے نیچے چھپے خزانوں کی مالیت میں نہیں بلکہ انہیں دانشمندی، دیانت داری اور قومی مفاد کے ساتھ استعمال کرنے میں پوشیدہ ہے۔ ہمیں اب یہ ثابت کرنا ہے کہ ہم صرف قدرتی وسائل سے مالا مال ملک نہیں بلکہ ان وسائل کو اپنی تقدیر بدلنے کے لیے استعمال کرنے والی ایک باصلاحیت قوم بھی ہیں۔

چولہا جلے تو کیسے؟

تحریر: حمید علی

مہنگائی کے ہاتھوں پہلے ہی پریشان عوام کے لیے زندگی کا پہیہ چلانا دن بہ دن مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ بجلی کے بھاری بل، اشیائے ضروریہ کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتیں اور روزگار کے محدود مواقع عام آدمی کی کمر توڑ چکے ہیں۔ ایسے میں گھروں کے چولہے جلانے کے لیے استعمال ہونے والی گیس بھی عوام کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ قدرتی گیس کی قلت نے پہلے ہی گھریلو زندگی کو مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے اور اب ایل پی جی کی قیمتوں میں من مانا اضافہ ایک نئے بحران کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ سردیوں کا باقاعدہ آغاز بھی نہیں ہوا اور عوام کو گیس کی دستیابی کے ساتھ اس کی قیمت کا مسئلہ بھی درپیش ہے۔ آخر اس ملک کا عام شہری اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے کب تک معاشی آزمائشوں سے گزرتا رہے گا؟

آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے نومبر کے لیے ایل پی جی کی سرکاری قیمت 294 روپے 7 پیسے فی کلو مقرر کی ہے۔ گزشتہ نرخ کے مقابلے میں 14 روپے 73 پیسے کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ لیکن حیرت اس بات پر ہے کہ سرکاری نرخ اور بازار میں وصول کی جانے والی قیمت کے درمیان زمین آسمان کا فرق کیوں ہے۔ کراچی میں ایل پی جی 530 سے 570 روپے فی کلو فروخت ہونے کی اطلاعات ہیں۔ لاہور اور ملتان میں قیمت 600 روپے تک پہنچ چکی ہے۔ پشاور میں 600 سے 650 روپے جبکہ کوئٹہ اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں 700 روپے فی کلو تک وصول کیے جا رہے ہیں۔ سرگودھا میں بھی صارفین 610 سے 650 روپے ادا کرنے پر مجبور ہیں۔ سوال یہ نہیں کہ قیمتوں میں اضافہ کیوں ہوا۔ اصل سوال یہ ہے کہ جب ایک سرکاری ریگولیٹری ادارہ نرخ مقرر کر چکا ہے تو بازار میں اس سے دوگنی قیمت وصول کرنے والوں کو روکنے والا کون ہے؟

بارہ کلو کا ایک گھریلو سلنڈر ساڑھے چھ سے سات ہزار روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ ذرا ان گھرانوں کا تصور کیجیے جن کی ماہانہ آمدنی پہلے ہی بجلی کے بلوں اور راشن کی خریداری میں ختم ہو جاتی ہے۔ ان کے لیے ایک سلنڈر خریدنا بھی کسی بڑے مالی بوجھ سے کم نہیں۔ ایک مزدور، ایک تنخواہ دار ملازم اور محدود آمدنی رکھنے والا خاندان آخر اپنی ضروریات میں کس چیز کو ترجیح دے؟ بچوں کی تعلیم، گھر کا راشن یا چولہے کی آگ؟ کیا اب کھانا پکانا بھی ایک ایسی آسائش بنتا جا رہا ہے جسے صرف صاحبِ استطاعت طبقہ ہی برداشت کر سکے؟ عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ اسے کاروباری عناصر کی من مانی کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔

اس صورت حال کے پیچھے سپلائی چین کے مسائل، ٹرانسپورٹ کے اخراجات، ڈیلرز اور تقسیم کاروں کے درمیان اختلافات اور بعض علاقوں میں احتجاج و ہڑتالوں کے باعث رسد میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ پلانٹ گیٹ سے لے کر مقامی دکان تک مختلف مراحل میں قیمت بڑھنے کے عوامل موجود ہیں۔ کہیں درمیانی منڈی کا کردار زیرِ سوال ہے تو کہیں ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کے خدشات سامنے آتے ہیں۔ لیکن ان تمام عوامل کی نگرانی اور تحقیقات کس ادارے کی ذمہ داری ہیں؟ کیا کسی نے یہ جاننے کی کوشش کی ہے کہ ایل پی جی صارف تک پہنچتے پہنچتے سرکاری نرخ سے اتنی مہنگی کیسے ہو جاتی ہے؟ اگر رسد میں رکاوٹ ہے تو اس کا مستقل حل تلاش کرنا حکومت کا کام ہے۔ عوام کو ہر مرتبہ کسی نئے بحران کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا انتظامی کارکردگی نہیں کہلا سکتا۔

قدرتی گیس کی قلت نے ایل پی جی کو لاکھوں گھرانوں کے لیے ناگزیر بنا دیا ہے۔ سردیوں میں جب پائپ لائنوں میں گیس کا دباؤ کم ہوتا ہے تو متبادل ایندھن کی طلب بڑھ جاتی ہے۔ اس موسمی ضرورت سے آگاہی حکومت کو ہر سال پہلے سے ہوتی ہے۔ پھر رسد کی منصوبہ بندی، ذخائر کی دستیابی اور قیمتوں کی نگرانی کے لیے بروقت اقدامات کیوں نہیں کیے جاتے؟ کیا متعلقہ ادارے ہر سال سردیوں کی آمد کے بعد ہی حرکت میں آئیں گے؟ عوام کو یہ سمجھانے کے بجائے کہ طلب بڑھ گئی ہے اور رسد کم ہو گئی ہے، حکومت کو ایسے انتظامات کرنے چاہییں جن سے کسی بھی طبقے کو مصنوعی قلت پیدا کر کے قیمتیں بڑھانے کا موقع نہ مل سکے۔

حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی نیلامی اور تقسیم کے نظام میں بہتری کے لیے نئے طریقہ کار کی منظوری ایک قابلِ توجہ پیش رفت ہے۔ اس کے تحت مقامی پیداوار کا ایک حصہ سرکاری مارکیٹنگ کمپنیوں کے لیے مختص کرنے اور شفاف نیلامی کے ذریعے فراہمی کو منظم کرنے کی بات کی گئی ہے۔ تاہم کسی بھی پالیسی کی کامیابی کا پیمانہ اس کا اعلان نہیں بلکہ اس کے نتائج ہوتے ہیں۔ اگر پلانٹ سے صارف کے گھر تک قیمتوں کا مؤثر نظام قائم نہیں کیا جاتا تو اصلاحات کے یہ اقدامات بھی محض کاغذی کارروائی بن کر رہ جائیں گے۔ عوام کو پالیسی دستاویزات نہیں بلکہ مناسب قیمت پر دستیاب گیس چاہیے۔ اس مقصد کے لیے اوگرا، وزارت پٹرولیم اور ضلعی انتظامیہ کو مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا۔

اوگرا سے سوال ہے کہ سرکاری قیمت مقرر کرنے کے بعد اس پر عمل درآمد کی نگرانی کا نظام کہاں ہے؟ کیا متعلقہ حکام بازاروں میں جا کر قیمتوں کی جانچ نہیں کر سکتے؟ کیا ایل پی جی فروخت کرنے والے مراکز پر سرکاری نرخ نمایاں طور پر آویزاں نہیں کروائے جا سکتے؟ ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف جرمانے، قانونی کارروائی اور لائسنس کی منسوخی جیسے اقدامات کیوں نظر نہیں آتے؟ ذمہ دار اداروں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کی ذمہ داری صرف تنخواہیں وصول کرنا، عہدوں پر فائز رہنا اور سرکاری مراعات سے مستفید ہونا نہیں ہے۔ عوام کے ٹیکس سے قائم ہونے والے اداروں کا اصل جواز عوام کے حقوق کا تحفظ اور قانون کی عمل داری یقینی بنانا ہے۔ اگر ایک عام شہری کو اپنے ہی ملک میں سرکاری نرخ پر بنیادی ضرورت کی چیز دستیاب نہیں تو ان اداروں کی کارکردگی پر سوال اٹھنا فطری ہے۔

یہ معاملہ محض ایل پی جی کی قیمت کا نہیں بلکہ ریاستی ذمہ داری، انتظامی نگرانی اور عوامی حقوق کا ہے۔ حکومت کو فوری طور پر قیمتوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے اور اس امر کو یقینی بنانا چاہیے کہ مقررہ نرخ پر گیس کی فراہمی محض اعلان نہ رہے۔ آخر کب تک عوام اپنی محدود آمدنی میں ہر نئے بحران کا بوجھ اٹھاتے رہیں گے؟ جب قدرتی گیس دستیاب نہیں اور متبادل ایندھن بھی قوتِ خرید سے باہر ہو جائے تو ایک عام گھرانہ اپنے چولہے کی آگ کیسے روشن رکھے؟ اوگرا اور متعلقہ حکومتی اداروں کو اس سوال کا جواب دینا ہوگا۔ ریاست کا کام صرف نرخ مقرر کرنا نہیں بل کہ عوام کو ان نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانا بھی ہے۔ اگر یہ ذمہ داری بھی پوری نہیں ہو سکتی تو پھر عوام انصاف اور ریلیف کی امید کس سے وابستہ کریں؟

نئے صوبوں پر ریفرنڈم کی تجویز

تحریر: سید ممتاز بخاری

نئے صوبوں کی تشکیل کے حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے ریفرنڈم کروانے کی تجویز پیش کی ہے۔ آیئے جائزہ لیتے ہیں کہ کیا محسن نقوی کا فارمولا سیاسی اختلافات ختم کر سکے گا؟

پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام کا سوال کوئی نیا نہیں۔ یہ بحث کبھی جنوبی پنجاب کے عوام کے احساسِ محرومی کے حوالے سے اٹھتی ہے، کبھی ہزارہ کے عوام کے مطالبات کی صورت میں سامنے آتی ہے اور کبھی سندھ کی تقسیم کے خدشات سیاسی ماحول کو گرما دیتے ہیں۔ تاہم اب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس بحث کو ایک نیا رخ دیتے ہوئے تجویز پیش کی ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کا فیصلہ ریفرنڈم کے ذریعے عوام کی رائے معلوم کر کے کیا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر عوام نئے صوبوں کے حق میں فیصلہ دیں تو انہیں قائم کیا جائے اور اگر عوام اس کی مخالفت کریں تو یہ معاملہ ختم کر دیا جائے۔ بظاہر یہ ایک جمہوری اور عوام دوست تجویز ہے، لیکن اس کے پس منظر میں کئی آئینی، سیاسی، انتظامی اور معاشی سوالات بھی پوشیدہ ہیں۔

محسن نقوی نے 12 نومبر کو لاہور میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں جمہوریت اور عوام کی بالادستی کی بات کرتی ہیں لہذا نئے صوبوں جیسے اہم معاملے پر عوام کی رائے حاصل کرنے میں بھی انہیں کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ ان کے مطابق مختلف سروے اور عوامی مباحثے نئے صوبوں کی حمایت کا تاثر دیتے ہیں، تاہم حتمی فیصلہ ریفرنڈم کے ذریعے ہونا چاہیے۔ انہوں نے یہ یقین دہانی بھی کرائی کہ اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لیے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔

اس بیان کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ گزشتہ چند ماہ سے محسن نقوی موجودہ انتظامی نظام میں بنیادی تبدیلی اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی ضرورت پر زور دیتے آ رہے ہیں۔ ان کا مقف ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی، انتظامی پیچیدگیوں اور حکومتی نظام کی کمزوریوں کے باعث موجودہ ڈھانچے پر نظرثانی ناگزیر ہو چکی ہے۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف بھی انتظامی بنیادوں پر پاکستان میں 12 صوبوں تک کی تشکیل کی تجویز دے چکے ہیں۔ ان کا استدلال ہے کہ چھوٹے انتظامی یونٹس کے ذریعے عوام کو بہتر سہولتیں فراہم کی جا سکتی ہیں۔

پاکستان کے چاروں صوبوں کی جغرافیائی وسعت، آبادی اور وسائل کی تقسیم کا جائزہ لیا جائے تو اس بحث کی وجوہات سمجھ میں آتی ہیں۔ پنجاب آبادی کے اعتبار سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جہاں جنوبی اضلاع طویل عرصے سے ترقیاتی وسائل اور انتظامی توجہ میں اپنے حصے کا مطالبہ کرتے چلے آ رہے ہیں۔ بہاولپور، ملتان اور ڈیرہ غازی خان کے علاقوں میں الگ صوبے کا مطالبہ اسی احساسِ محرومی سے جنم لیتا ہے۔ دوسری طرف خیبر پختونخوا میں ہزارہ ڈویژن کو الگ صوبہ بنانے کی تحریک بھی کئی برسوں سے موجود ہے۔ بلوچستان کے وسیع رقبے اور دور دراز علاقوں میں آباد لوگوں کو انتظامی سہولتوں کی فراہمی بھی ایک بڑا چیلنج ہے، جبکہ سندھ میں شہری اور دیہی آبادی کے سیاسی و انتظامی مفادات ایک الگ نوعیت کی بحث کو جنم دیتے ہیں۔

تاہم نئے صوبوں کے قیام کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ سیاسی اتفاقِ رائے کا فقدان ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کی تقسیم یا اس میں نئے صوبے کے قیام کی مخالفت کرتی رہی ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پہلے بھی واضح کر چکے ہیں کہ نئے صوبوں کا معاملہ پارلیمنٹ میں زیرِ بحث آنا چاہیے۔ ان کا مقف ہے کہ ملک کو پہلے ہی معاشی اور سیاسی مشکلات کا سامنا ہے، اس لیے ایسے معاملات پر غیر ضروری محاذ آرائی کے بجائے پارلیمانی اتفاقِ رائے پیدا کیا جائے۔ محسن نقوی نے بھی حالیہ بیان میں کہا ہے کہ وہ اور بلاول سیاسی نظام میں ری سیٹ کی ضرورت کے حوالے سے تقریباً ایک ہی صفحے پر ہیں، لیکن نئے صوبوں کے معاملے پر اختلافات اپنی جگہ موجود ہیں۔

یہاں ایک بنیادی سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا ریفرنڈم کے ذریعے نئے صوبے قائم کیے جا سکتے ہیں؟ آئینِ پاکستان اس معاملے میں واضح طریقِ کار فراہم کرتا ہے۔ آرٹیکل 239 کے تحت آئینی ترمیم کے لیے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں دو تہائی اکثریت درکار ہے، جبکہ جس صوبے کی حدود تبدیل کی جا رہی ہوں، اس کی صوبائی اسمبلی سے بھی دو تہائی اکثریت سے منظوری لازمی ہے۔ چنانچہ ریفرنڈم میں عوامی حمایت حاصل ہو جانے کے باوجود آئینی تقاضے پورے کرنا ہوں گے۔ صرف ریفرنڈم کی بنیاد پر صوبوں کی تقسیم ہونا ممکن نہیں ہے۔ البتہ عوامی رائے سیاسی فیصلے کو جواز فراہم کر سکتی ہے، لیکن وہ آئینی طریقِ کار کا متبادل نہیں بن سکتی۔

نئے صوبوں کے قیام کے حامیوں کا مقف ہے کہ اس سے انتظامی اختیارات نچلی سطح تک منتقل ہوں گے، پسماندہ علاقوں کو ترقی کے زیادہ مواقع ملیں گے اور تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی بہتر ہوگی۔ لیکن صوبوں کی تقسیم کے مخالفین کے خدشات بھی نظرانداز نہیں کیے جا سکتے۔ نئے صوبوں کے قیام سے نئی اسمبلیاں، گورنر ہاؤسز، وزرائے اعلیٰ کے دفاتر، سیکریٹریٹ اور دیگر سرکاری ادارے وجود میں آئیں گے۔ سوال یہ ہے کہ پہلے سے معاشی مشکلات میں گھرے ملک پر ان اضافی اخراجات کا بوجھ کون اٹھائے گا؟ کیا نئے صوبے واقعی عوامی مسائل حل کریں گے یا صرف حکمران طبقے اور سیاسی اشرافیہ کے لیے نئی مراعات اور عہدوں کا بندوبست ہوگا؟ کہیں یہ تقسیم صرف باشاہ خاندانوں کی تعداد میں اضافہ تو ثابت نہیں ہوگی؟

میری نظر میں اس بحث کو محض صوبوں کی تعداد بڑھانے تک محدود نہیں رکھنا چاہیے۔ اصل ضرورت اختیارات کی منصفانہ تقسیم، مقامی حکومتوں کی مضبوطی، وسائل کی شفاف تقسیم اور انتظامی احتساب کی ہے۔ اگر ایک صوبے کے اندر اختیارات چند بڑے شہروں اور مخصوص سیاسی خاندانوں تک محدود رہیں تو نیا صوبہ بننے کے باوجود عام شہری کی زندگی میں کوئی بنیادی تبدیلی نہیں آئے گی۔

زیادہ مناسب یہ ہے کہ حکومت سب سے پہلے ایک غیر جانبدار قومی کمیشن تشکیل دے جو آبادی، رقبے، وسائل، معاشی استعداد، ثقافتی شناخت اور انتظامی ضروریات کی بنیاد پر نئے صوبوں کے امکانات کا جائزہ لے۔ اس کمیشن میں آئینی ماہرین، معاشی ماہرین، انتظامی امور کے ماہرین اور متعلقہ علاقوں کے نمائندوں کو شامل کیا جائے۔ اس کے بعد سیاسی جماعتوں، صوبائی اسمبلیوں اور عوام سے بامعنی مشاورت کی جائے۔

پاکستان کو مضبوط وفاق بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہر علاقے کو یہ احساس ہو کہ وہ ریاستی وسائل، ترقی اور حکومتی توجہ میں برابر کا شریک ہے۔ نئے صوبے اگر عوامی سہولت، انتظامی بہتری اور قومی یکجہتی کا ذریعہ بنتے ہیں تو اس تجویز پر سنجیدگی سے غور ہونا چاہیے۔ لیکن اگر یہ عمل سیاسی مفادات، لسانی تقسیم یا اقتدار کی نئی بندربانٹ کا ذریعہ بن گیا تو اس کے نتائج مزید پیچیدگیوں کی صورت میں سامنے آ سکتے ہیں۔

محسن نقوی نے ریفرنڈم کی تجویز دے کر ایک اہم بحث کو دوبارہ زندہ کر دیا ہے۔ اب اصل امتحان حکومت اور سیاسی جماعتوں کا ہے کہ وہ اس معاملے کو سیاسی نعروں اور بیانات سے آگے لے جا کر قومی مفاد میں کسی متفقہ فیصلے تک پہنچتی ہیں یا نہیں۔ پاکستان کو صرف نئے صوبوں کی نہیں بلکہ بہتر حکمرانی، انصاف، میرٹ اور عوام تک اختیارات پہنچانے والے نظام کی ضرورت ہے۔ کیونکہ آخرکار صوبوں کی تعداد نہیں، عوام کی زندگی میں آنے والی بہتری ہی کسی انتظامی تبدیلی کی کامیابی کا اصل پیمانہ ہوگی۔

مولانا سے مفاہمت کی کوششیں اور قومی مفاد

تحریر: مشتاق الرحمٰن

مولانا کے ساتھ صلح اور دوستی کی کوششیں ایک بار پھر تیز ہو گئی ہیں۔ گزشتہ روز چینی سفیر نے مولانا کی رہائش گاہ پر ان سے خصوصی ملاقات کی، جسے سیاسی حلقوں میں مفاہمت کی کوششوں کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ بظاہر یہ ملاقات مولانا کو اعتماد میں لینے اور موجودہ سیاسی کشیدگی کم کرنے کی ایک مثبت کوشش ہے۔

چین پاکستان کا ایسا دیرینہ اور ناقابلِ فراموش دوست ہے جو مشکل سے مشکل حالات میں بھی پاکستان کو تنہا نہیں چھوڑتا۔ چاہے معاملہ داخلی سیاسی صورتحال کا ہو یا بین الاقوامی چیلنجز کا، چین ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑا نظر آیا ہے۔ اب موجودہ داخلی سیاسی صورتحال میں بھی چینی سفیر کی مولانا کی رہائش گاہ پر آمد اس بات کا اشارہ ہے کہ چین پاکستان میں سیاسی استحکام اور مفاہمت کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا خواہاں ہے۔

دوسری جانب وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے بھی عندیہ دیا ہے کہ وزیراعظم اور حکومت کا ایک وفد باقاعدہ طور پر مولانا سے ملاقات کرے گا اور ان کا مقف اور تحفظات سنے گا۔ جس کا مقصد انہیں اعتماد میں لینا، ان کے تحفظات دور کرنا اور موجودہ صورتحال کو مذاکرات، افہام و تفہیم اور ٹیبل ٹاک کے ذریعے حل کرنے کی راہ ہموار کرنا ہے۔

بلاشبہ چینی سفیر کی کوششیں ہوں یا حکومتی سطح پر رابطوں اور ملاقاتوں کا سلسلہ، یہ تمام اقدامات خوش آئند ہیں۔ ملک کو مزید سیاسی انتشار اور محاذ آرائی سے بچانے کے لیے ایسے اقدامات کی اشد ضرورت ہے۔ اگر مولانا کے کچھ تحفظات، خدشات اور اشکالات ہیں تو انہیں سنجیدگی سے سنا جانا چاہیے اور حتی الامکان انہیں دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، نہ کہ ان کے خلاف پروپیگنڈا مہم چلائی جائے یا الزامات کی بوچھاڑ کر کے حالات کو مزید کشیدہ کیا جائے۔

مولانا ایک سیاسی جماعت کے سربراہ نہیں بلکہ ملک کے ایک اہم قومی اور دینی رہنما ہیں۔ ان کا ایک وسیع سیاسی، مذہبی اور سماجی حلقۂ اثر ہے۔ ملکی سیاست اور قومی معاملات میں ان کے کردار اور خدمات سے انکار ممکن نہیں۔ وہ وفاق کی علامت اور قومی سیاست کا ایک اہم حصہ ہیں۔ اس لیے ملک و قوم کے وسیع تر مفاد کا تقاضا ہے کہ انہیں مزید سیاسی تنقید اور کردارکشی کا نشانہ بنانے کے بجائے اعتماد میں لیا جائے اور ان کے تحفظات دور کر کے مفاہمت کی راہ ہموار کی جائے۔ تاہم اس تمام صورتحال میں ایک اہم سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ مولانا کے ساتھ مفاہمت اور رابطوں کی ان کوششوں میں مقتدرہ کی خواہش اور مرضی بھی شامل ہے یا یہ تمام معاملات ان کی مرضی کے بغیر آگے بڑھ رہے ہیں یہ ایک اہم نکتہ ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ پاکستان کی سیاست میں مقتدرہ کے کردار اور اثرات کو کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ اگر واقعی ملک میں سیاسی استحکام مطلوب ہے تو تمام متعلقہ قوتوں کو ایک ہی سمت میں سنجیدہ کوششیں کرنا ہوں گی۔

دوسری طرف مولانا کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور ہمدردی کے لیے ملک کے ممتاز علما کرام، دینی شخصیات اور مذہبی رہنماؤں کی ملاقاتوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گزشتہ شب مفتی اعظم پاکستان اور وفاق المدارس العربیہ کے صدر مفتی محمد تقی عثمانی نے اپنے وفد کے ہمراہ مولانا کی رہائش گاہ پر حاضری دی اور ان سے خوشگوار ماحول میں ملاقات کی۔ اس ملاقات کو مولانا کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور ان کی سیاسی و دینی خدمات کے اعتراف کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

اس سے قبل ملک کے عظیم دینی ادارے جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کے ناظم مولانا امداد اللہ نے بھی مولانا کی رہائش گاہ پر حاضری دی اور ان سے ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مولانا اس مشکل سیاسی صورتحال میں تنہا نہیں ہیں بلکہ ملک کے ممتاز علما کرام، دینی مدارس کے ذمہ داران اور مذہبی حلقے بھی ان کے ساتھ رابطے میں ہیں اور ان سے یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں۔ بلاشبہ ان کی پشت پر لاکھوں علما، طلبہ اور دینی مدارس کا ایک وسیع حلقہ موجود ہے۔

ایسے حالات میں حکومت اور مقتدرہ سمیت تمام سیاسی قوتوں کو عقل، تدبر اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ کسی بھی قومی رہنما کو دیوار سے لگانا، اس کے خلاف محاذ آرائی کرنا اور اس کی کردارکشی کی مہم چلانا ملک و قوم کے مفاد میں نہیں ہو سکتا۔ اختلافِ رائے جمہوریت کا حسن ہے، لیکن اختلاف کو دشمنی اور محاذ آرائی میں تبدیل کرنا قومی وحدت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔

مولانا کے ساتھ اگر کوئی زیادتی ہوئی ہے یا ان کے سیاسی کردار اور سرگرمیوں کی راہ میں غیر ضروری رکاوٹیں کھڑی کی گئی ہیں تو ان کا ازالہ ہونا چاہیے۔ ان کے تحفظات کو دور کر کے انہیں قومی دھارے میں باعزت اور مؤثر انداز میں اپنا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جانا چاہیے۔ ملک کو اس وقت مزید سیاسی کشیدگی کی نہیں بلکہ اتحاد، اتفاق اور مفاہمت کی ضرورت ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان پہلے ہی معاشی، سیاسی اور داخلی چیلنجز سے دوچار ہے۔ ایسے میں کسی بڑے سیاسی اور دینی رہنما کے ساتھ محاذ آرائی ملک کو مزید عدم استحکام کی طرف دھکیل سکتی ہے۔ لہذا دانش مندی کا تقاضا یہی ہے کہ تمام اختلافات کو مذاکرات کی میز پر حل کیا جائے، ایک دوسرے کے مقف کا احترام کیا جائے اور قومی مفاد کو ذاتی، جماعتی اور سیاسی مفادات پر ترجیح دی جائے۔ کیونکہ پاکستان کی مضبوطی، سلامتی اور استحکام اسی میں ہے کہ تمام قومی قوتیں ایک دوسرے کو ساتھ لے کر چلیں۔

اداراتی صفحے پر شائع ہونے والے کالم اور مضامین کالم اور مضمون نگاروں کی ذاتی آراء ہیں ادارے کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ

sports Baakhabar

فیفا صدارتی انتخاب، جیانی انفینٹینو کی دوبارہ کامیابی یقینی ہے، ہاشم حیدر

جیانی انفینٹینو کو رواں سال جولائی میں ورلڈ کپ کے تجارتی حقوق فروخت کرنے کے منصوبے کے انکشاف کے بعد عہدہ چھوڑنے کا فیصلہ کرنا پڑا

دوسری جانب جاپان فٹ بال ایسوسی ایشن کے اعزازی صدر کوزو تاشیما نے گزشتہ ہفتے جیانی انفینٹینو کے مقابلے میں صدارتی انتخاب لڑنے کا اعلان کیا ہ

بیروت (سی ایم لنکس) ایشین فٹ بال کنفیڈریشن کے نائب صدر ہاشم حیدر نے دعویٰ کیا ہے کہ فیفا کے موجودہ صدر جیانی انفینٹینو کی دوبارہ انتخاب میں کامیابی تقریباً یقینی ہے اور انہیں عالمی سطح پر مضبوط حمایت حاصل ہے۔ اے ایف پی کے مطابق لبنانی فٹ بال فیڈریشن کے صدر ہاشم حیدر نے لبنان میں ایک تقریب کے دوران کہا کہ ان کا ادارہ کھل کر جیانی انفینٹینو کی حمایت کرتا ہے۔ جیانی انفینٹینو کو رواں سال جولائی میں ورلڈ کپ کے تجارتی حقوق فروخت کرنے کے منصوبے کے انکشاف کے بعد شدید تنقید اور عہدہ چھوڑنے کے مطالبات کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ابتدا میں یورپی فٹ بال کنفیڈریشن، شمالی امریکا کی کونکاکاف اور ایشین فٹ بال کنفیڈریشن نے بھی ان کے منصوبے کی مخالفت کی تھی۔ تاہم ایشین فٹ بال کنفیڈریشن نے گزشتہ ماہ اپنا موقف تبدیل کرتے ہوئے 56 سالہ جیانی انفینٹینو کی حمایت کا اعلان کر دیا، جس کے بعد مارچ میں ہونے والے فیفا صدارتی انتخاب میں ان کی پوزیشن مضبوط دکھائی دے رہی ہے۔ دوسری جانب جاپان فٹ بال ایسوسی ایشن کے اعزازی صدر کوزو تاشیما نے گزشتہ ہفتے جیانی انفینٹینو کے مقابلے میں صدارتی انتخاب لڑنے کا اعلان کیا ہے۔ ہاشم حیدر کا کہنا تھا کہ تاشیما کو چند ووٹ مل سکتے ہیں، تاہم دنیا کے مختلف خطوں میں حمایت اور روابط حاصل کیے بغیر فیفا کی صدارت کے لیے مقابلہ کرنا مشکل ہوگا۔ ان کا ادارہ کھل کر جیانی انفینٹینو کی حمایت کرتا ہے۔ جیانی انفینٹینو کو رواں سال جولائی میں ورلڈ کپ کے تجارتی حقوق فروخت کرنے کے منصوبے کے انکشاف کے بعد شدید تنقید اور عہدہ چھوڑنے کے مطالبات کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ابتدا میں یورپی فٹ بال کنفیڈریشن، شمالی امریکا کی کونکاکاف اور ایشین فٹ بال کنفیڈریشن نے بھی ان کے منصوبے کی مخالفت کی تھی۔ تاہم ایشین فٹ بال کنفیڈریشن نے گزشتہ ماہ اپنا موقف تبدیل کرتے ہوئے 56 سالہ جیانی انفینٹینو کی حمایت کا اعلان کر دیا، جس کے بعد مارچ میں ہونے والے فیفا صدارتی انتخاب میں ان کی پوزیشن مضبوط دکھائی دے رہی ہے۔ دوسری جانب جاپان فٹ بال ایسوسی ایشن کے اعزازی صدر کوزو تاشیما نے گزشتہ ہفتے جیانی انفینٹینو کے مقابلے میں صدارتی انتخاب لڑنے کا اعلان کیا ہے۔ ہاشم حیدر کا کہنا تھا کہ تاشیما کو چند ووٹ مل سکتے ہیں، تاہم دنیا کے مختلف خطوں میں حمایت اور روابط حاصل کیے بغیر فیفا کی صدارت کے لیے مقابلہ کرنا مشکل ہوگا۔

ہاکی فیڈریشن کے انتخابات جلد ہوں گے، رانا ثنا اللہ ایڈہاک نظام ختم کر کے مستقل صدر لائیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان ہاکی فیڈریشن میں ایڈہاک نظام جلد ختم کر کے مستقل صدر لایا جائے گا، فیڈریشن کے انتخابات کروا کر ایسے اہل شخص کو ذمہ داری سونپی جائے گی جو قومی کھیل کی ترقی کے ... لیکن آج قومی ٹیم کے نتائج انتہائی تکلیف دہ ہیں۔ پاکستان ہاکی کے میچز کے نتائج سن کر دل دکھتا تھا، جن ممالک کا کبھی نام تک نہیں سنا تھا وہ بھی آج ہم سے آگے نکل چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان ہاکی کو اندرونی اختلافات نے شدید نقصان پہنچایا۔ ... وزیراعظم کی واضح ہدایات ہیں کہ پاکستان ہاکی اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن اور انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن کے درمیان معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ایک وقت تھا جب پاکستان ہاکی میں پوری دنیا پر راج کرتا تھا، ... ہاتھ میں ہونی چاہیے جو جذبے، لگن اور صلاحیت کے ساتھ قومی کھیل کی ترقی کے لیے کام کرنے کے اہل ہوں۔ حکومت نے محی الدین وانی کو ہاکی فیڈریشن کا ایڈہاک صدر مقرر کیا ہے، تاہم پاکستان ہاکی فیڈریشن کا مستقل صدر ہونا چاہیے اور اس مقصد کے لیے جلد انتخابات کرائے جائیں گے۔

بھارت میں انڈر 19 ویمن کرکٹر کی خودکشی، اہلخانہ کا دو نوجوانوں پر ہراسانی کا الزام

ممبئی (آئی این پی) بھارتی ریاست تلنگانہ میں بی سی سی آئی انڈر 19 کی 17 سالہ خاتون کرکٹر نے مبینہ طور پر خودکشی کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تلنگانہ میں بی سی سی آئی انڈر 19 ویمنز کرکٹ ٹیم کی 17 سالہ کھلاڑی نندنی مبینہ طور پر خودکشی کے ... میں واقع ان کی نانی کے گھر سے ملی۔ واقعے کے بعد اہل خانہ اور رشتہ داروں نے احتجاج کرتے ہوئے دو نوجوانوں کو اس واقعے کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔ ویمن کرکٹر کے اہل خانہ نے الزام لگایا کہ دو نوجوانوں انیل اور کرشنا کی جانب سے مبینہ ہراسانی نے نندنی کو انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور کیا۔ اہل خانہ کے مطابق انیل گزشتہ چند روز سے محبت کے نام پر نندنی کا پیچھا کر رہا تھا اور اسے ہراساں کر رہا تھا، جبکہ نندنی کے گھر والوں نے کرشنا پر انیل کی مدد کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ پولیس نے خاتون کرکٹر کے ساتھ مبینہ ہراسانی کے معاملے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور ان کے ... نندنی کا موبائل فون فارنزک کے لئے قبضے میں لے لیا ہے۔ نندنی کے اہل خانہ اور رشتہ داروں نے احتجاج کرتے ہوئے دونوں نامزد نوجوانوں کی فوری گرفتاری اور ان کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس نے پوسٹ مارٹم کے بعد نندنی کی لاش اہل خانہ کے حوالے کر دی ہے۔

ٹیسٹ کرکٹ کھیلنا خواب تھا جو پورا ہو گیا، عرفات منہاس

سینڈ پیپر اسکینڈل پر سابق فاسٹ بولر وسیم اکرم کا موقف سامنے آ گیا

فیفا ورلڈ الیون، میسی ریکارڈ 18 ویں بار ٹیم میں شامل

ہیری کین اور رونالڈو جگہ نہ بنا سکے

انٹر میامی کے میسی مردوں کی ٹیم میں یورپ سے باہر کے کسی کلب سے منتخب ہونے والے واحد کھلاڑی ہیں

میسی پروفیشنل فٹبالرز کی ووٹنگ کے ذریعے منتخب کیا گیا۔ یہ ان کی ورلڈ الیون میں 18 ویں مرتبہ شمولیت ہے

لزبن (این این آئی) فٹبال کی عالمی تنظیم فیف پرو نے 2026 کی مردوں اور خواتین کی ورلڈ الیون ٹیموں کا اعلان کر دیا۔ ارجنٹائن کے سپر اسٹار لیونل میسی نے ایک بار پھر جگہ بنا کر اپنی شاندار کارکردگی اور مقبولیت کا ثبوت دے دیا۔ 39 سالہ میسی کو دنیا بھر کے پروفیشنل فٹبالرز ... اور رونالڈو جگہ بنانے میں ناکام رہے۔ اسپین کے 19 سالہ یامال اور پاکو باری بھی ٹیم کا حصہ ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ان دونوں کی مجموعی عمر میسی کی عمر سے بھی کم ہے۔ پیرس سینٹ جرمن کے اشرف حکیمی، نونو مینڈس اور وٹینہو نے بھی ٹیم میں جگہ بنائی جبکہ ریال میڈرڈ کے جوڈ بیلنگھم اور ... ہے۔ زیمبیا کی یہ فارورڈ اور لینڈو پرائیڈ کی نمائندگی کرتی ہیں۔ خواتین کی ٹیم میں امریکا کی کوئی کھلاڑی شامل نہیں ہوئی۔ آخری مرتبہ الیکس مورگن نے 2023 میں امریکی نمائندگی کی تھی۔ وہ آخری بار 2023 میں اس ٹیم کا حصہ بنے تھے۔ انٹر میامی کی نمائندگی کرنے والے میسی ... جرمن کے اشرف حکیمی، نونو مینڈس اور وٹینہو نے بھی ٹیم میں جگہ بنائی جبکہ ریال میڈرڈ کے جوڈ بیلنگھم اور بارسلونا کے روڈری بھی منتخب ہوئے۔ آرسنل کے گول کیپر ڈیوڈ رایا کو بھی ان کی کارکردگی پر اعزاز ملا۔ خواتین کی ورلڈ الیون میں اسپین اور یورپی چیمپئن انگلینڈ کی کھلاڑیوں کا غلبہ رہا۔ اسپین کی ...

سعود شکیل ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کے ناخوشگوار ریکارڈ کا حصہ بن گئے

ایف آئی ایچ نیشنز کپ کی میزبانی پاکستان کو مل گئی

... کریں گی۔ یہ پاکستان میں 22 سال بعد کسی بڑے عالمی ہاکی ایونٹ کا انعقاد ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف سے امید ہے کہ وہ ملک میں کھیلوں کے فروغ اور مضبوط ہائی پرفارمنس اسٹرکچر کے قیام کے لیے کھیلوں کی الگ وزارت کی بحالی کے حوالے سے مثبت فیصلہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو پاکستان ہاکی فیڈریشن اور انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن کے درمیان معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثنا اللہ، ایف آئی ایچ کے صدر طیب اکرام، ارکان پارلیمنٹ اور سابق اولمپیئنز نے شرکت کی۔ طیب اکرام نے کہا کہ اسلام ... اپنے اوپر بھی تلوار لٹک رہی ہے۔ ایف آئی ایچ کے صدر کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں یہ سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ پاکستان میں ایڈہاک سسٹم کیوں چل رہا ہے، پاکستان میں ہاکی کے معاملات کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملک میں کھیلوں کے انتظامی نظام کو مستحکم بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ طیب اکرام نے اعلان کیا کہ ایف آئی ایچ نیشنز کپ آئندہ سال فروری میں لاہور میں منعقد ہوگا، جس میں دس ٹیمیں ایکشن میں نظر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم کو ایف آئی ایچ کا ہائی پرفارمنس سینٹر بنایا جائے گا، جبکہ مستقبل میں پاکستان کو مزید بین الاقوامی ہاکی ایونٹس کی میزبانی بھی ملے گی۔

پاکستان اسپورٹس بورڈ کا بڑا فیصلہ، پاکستان بیڈمنٹن فیڈریشن کا ایڈہاک کمیٹی کے حوالے

... واجد چوہدری سمیت پوری باڈی کو عہدوں سے معزول کر دیا۔ پاکستان اسپورٹس بورڈ نے یہ اقدام اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں کیا جس کے بعد بیڈمنٹن فیڈریشن کے معاملات چلانے کے لیے چھ رکنی ایڈہاک کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ کے ایڈیشنل سیکریٹری کو ایڈہاک کمیٹی کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے، جبکہ کمیٹی میں پاکستان اسپورٹس ... فیڈریشن کے روزمرہ انتظامی امور سنبھالے گی۔ قومی بیڈمنٹن ٹیموں کی بین الاقوامی مقابلوں کے لیے تیاریوں اور دیگر متعلقہ معاملات کی ذمہ داری بھی کمیٹی کو سونپ دی گئی ہے۔ پاکستان اسپورٹس بورڈ نے موجودہ انتظامی عہدیداروں کو ہدایت کی ہے کہ فیڈریشن کا تمام ریکارڈ، دستاویزات اور اثاثے ایڈہاک کمیٹی کے حوالے کیے جائیں۔

صدر ایف آئی ایچ کا پاکستان میں ہائی پرفارمنس سینٹر کے قیام کا اعلان

... بندہ ہاکی اسٹیڈیم، اسلام آباد کو ایف آئی ایچ ہائی پرفارمنس سینٹر کے طور پر ترقی دینے کے منصوبے کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ مجوزہ ہائی پرفارمنس سینٹر ملک بھر سے ابھرتے ہوئے نئے ٹیلنٹ کو نکھارنے، قومی ٹیموں کو مضبوط بنانے اور پاکستان میں طویل مدتی بنیادوں پر ہائی پرفارمنس ہاکی کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے ایک کلیدی پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔

اولمپک گولڈ میڈل انعام ایک کروڑ سے بڑھا کر 10 کروڑ روپے کرنے کی تجویز پیش

ارشد ندیم کو مختلف اداروں کی جانب سے ایک ارب روپے تک کے انعامات ملے، ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی

کھلاڑیوں کی کارکردگی کا احتساب بھی ضروری ہے، انعامات تب ہی دیے جائیں جب کھلاڑی کامیابیاں حاصل کریں، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کا اجلاس ہوا جس میں اولمپک گولڈ میڈل کا انعام ایک کروڑ سے بڑھا کر 10 کروڑ روپے کرنے کی تجویز پیش کر دی گئی۔ نئی کیش ایوارڈ پالیسی کی سفارش فنانس ڈویژن کو ارسال کر دی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے کہا کہ ارشد ندیم کو مختلف اداروں کی جانب سے ایک ارب روپے تک کے انعامات ملے، نجی شعبے کے انعامات 1 ارب روپے کے اعداد و شمار میں شامل نہیں۔ محی الدین وانی نے کہا کہ پاکستان اسپورٹس بورڈ کا کام فیڈریشنز کو فنڈز فراہم کرنا ہے، پاکستان فٹبال فیڈریشن حکومتی فنڈز نہیں لیتی، پاکستان کرکٹ بورڈ کو بھی حکومتی فنڈز نہیں ملتے، فنڈز کے استعمال پر فیڈریشنز کا احتساب کیا جاتا ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ کھلاڑیوں کی کارکردگی کا احتساب بھی ضروری ہے، انعامات تب ہی دیے جائیں جب کھلاڑی کامیابیاں حاصل کریں، کرکٹ کے علاوہ تمام کھیل پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ماتحت ہیں۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر نے کہا کہ کرکٹ سے متعلق بحث ہو چکی، پاکستان کرکٹ بورڈ وفاقی کابینہ کے ماتحت ہے۔ کاظم علی نے کہا کہ کرکٹ کو بین الصوبائی رابطہ کمیٹی کے دائرہ کار میں ہونا چاہیے، آپ کرکٹ پر بات سننا نہیں چاہتے۔ سینیٹر روبینہ قائم خانی نے کہا کہ ملک کو بین الصوبائی روابط کی ضرورت ہے لیکن رانا ثنا اللہ اجلاس میں موجود نہیں، وفاقی وزیر اجلاس میں شرکت کے معاملے پر سنجیدہ نظر نہیں آتے، اجلاس میں شرکت سینیٹرز کا استحقاق ہے، رانا ثنا اللہ اجلاس میں نہیں آتے۔ پاکستان اسپورٹس بورڈ کا کام فیڈریشنز کو فنڈز فراہم کرنا ہے، پاکستان فٹبال فیڈریشن حکومتی فنڈز نہیں لیتی، پاکستان کرکٹ بورڈ کو بھی حکومتی فنڈز نہیں ملتے، فنڈز کے استعمال پر فیڈریشنز کا احتساب کیا جاتا ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ کھلاڑیوں کی کارکردگی کا احتساب بھی ضروری ہے، انعامات تب ہی دیے جائیں جب کھلاڑی کامیابیاں حاصل کریں

آئی سی سی نے ورلڈ کپ 2027 کیلئے 12 وینیوز کا اعلان کر دیا

ٹورنامنٹ کے لیے جنوبی افریقا کے 8، زمبابوے کے 3 اور نمیبیا کے دارالحکومت ونڈ ہوک میں واقع ایک اسٹیڈیم کو منتخب کیا گیا

ون ڈے ورلڈ کپ 2027 میں 14 ٹیمیں حصہ لیں گی، آئی سی سی نے اس ایونٹ کے لیے نیا تین مرحلوں پر مشتمل فارمیٹ بھی متعارف کرایا ہے

دبئی (سی ایم لنکس) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ورلڈ کپ 2027 کے لیے 12 وینیوز کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ میگا ایونٹ جنوبی افریقا، زمبابوے اور نمیبیا میں کھیلا جائے گا، ٹورنامنٹ کے لیے جنوبی افریقا کے 8، زمبابوے کے 3 اور نمیبیا کے دارالحکومت ونڈ ہوک میں واقع ایک اسٹیڈیم کو ... سی نے اس ایونٹ کے لیے نیا تین مرحلوں پر مشتمل فارمیٹ بھی متعارف کرایا ہے۔ ورلڈ کپ 2027 کے وینیوز۔۔۔ جنوبی افریقا:۔۔۔ وانڈررز اسٹیڈیم، جوہانسبرگ۔۔۔ سینچورین، تشوانے۔۔۔ نیولینڈز کرکٹ گراؤنڈ، کیپ ٹاؤن۔۔۔ کنگزمیڈ کرکٹ گراؤنڈ، ڈربن۔۔۔ سینٹ ... اسٹیڈیم، وکٹوریہ فالز ہیں۔۔۔ نمیبیا:۔۔۔ نمیبیا کرکٹ گراؤنڈ، ونڈ ہوک شامل ہیں۔ زمبابوے کے 3 اور نمیبیا کے دارالحکومت ونڈ ہوک میں واقع ایک اسٹیڈیم کو منتخب کیا گیا۔ 50 اوورز کا ورلڈ کپ 24 سال بعد دوبارہ افریقی سرزمین پر منعقد ہوگا۔ اس سے قبل 2003 کا ورلڈ کپ ... وینیوز۔۔۔ جنوبی افریقا:۔۔۔ وانڈررز اسٹیڈیم، جوہانسبرگ۔۔۔ سینچورین، تشوانے۔۔۔ نیولینڈز کرکٹ گراؤنڈ، کیپ ٹاؤن۔۔۔ کنگزمیڈ کرکٹ گراؤنڈ، ڈربن۔۔۔ سینٹ جارجز پارک، گکیبرا۔۔۔ مانگاؤنگاؤول، بلوم فونٹین۔۔۔ بولینڈ پارک، پارل۔۔۔ فیلو پارک، کوگومپو ...

بعدالت جناب ایڈیشنل سیشن جج صاحب ضلع چمن

ریکوری سوٹ رجسٹر نمبر 4/2026 آئندہ تاریخ پیشی 18/11/2026

1۔ داروخان ولد حاجی محمد رفیق سکنہ محلہ طور نصر اللہ کالج روڈ چمن حال کوئٹہ **بنام**:۔ 1۔ حیدر علی ولد محمد یوسف قوم بھٹی سکنہ مینگل آباد ڈبل روڈ کوئٹہ اشتہار بنام مدعا علیہ برائے حاضری:۔ ہرگاہ مندرجہ عنوان بالا مدعی نے برخلاف مدعا علیہ اپیل/سوٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے کہ جس میں مدعا علیہ حیدر علی نوٹس تعمیل کرنے سے روپوش ہے بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو عدالت ہذا سے مطلع کیا جاتا ہے جس کی تاریخ سماعت مورخہ 18/11/2026 کیلئے مقرر ہو چکی ہے۔ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کہ ریکوری سوٹ ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ بعد از کارروائی کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگی۔ آج مورخہ 11/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

ایڈیشنل سیشن جج ضلع چمن

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ جج مستونگ

جانشینی درخواست نمبر 36/2026 1۔ حمیدہ بیگم بیوہ نبی داد 2۔ نسرین نبی داد 3۔ صدام حسین 4۔ سعدیہ بلوچ 5۔ ثناء بلوچ 6۔ اسد اللہ 7۔ احسان اللہ 8۔ رافعہ نبی داد 9۔ عالیہ نبی داد 10۔ امبرین نبی داد 11۔ لائبہ نبی داد 12۔ ارم نبی داد 13۔ ارسلان احمد پسران و دختران نبی داد ساکنان شاہی باغ مستونگ سائلان **بنام** عوام الناس رسپانڈنٹس

عنوان: درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار برائے عوام الناس:۔ ہرگاہ کہ مندرجہ بالا سائلان نے عدالت ہذا میں درخواست جانشینی دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ سائلان مرحوم نبی داد کے پسماندگان ہیں۔ جو کہ گورنمنٹ گرلز کالج مستونگ سے بطور سپرنٹنڈنٹ ریٹائرمنٹ لے لی تھی اور الائیڈ بینک لمیٹڈ مستونگ سے ماہوار پنشن وصول کر رہا تھا۔ جو کہ مورخہ 15 ستمبر 2026 کو فوت پا گیا، سائلان نے مرحوم کے پنشن اور بینک بقایا جات کے وصولی کے بابت جانشینی سرٹیفکیٹ کے حصول کی خاطر قبل ازیں نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) میں رجوع کیا تھا، تاہم نادرا کی جانب سے ڈیکلائن سرٹیفکیٹ (Decline Certificate) جاری کیا گیا ہے، جس کی بنا پر سائلان نے اب عدالت ہذا سے رجوع کیا ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ... 7/12/2026 کو بوقت 8:30 بجے ... آج مورخہ 14 نومبر 2026 کو بحکم عدالت جاری ہوا۔

اعجاز احمد لانگو

ڈسٹرکٹ جج مستونگ

بعدالت جناب سینئر سول جج قلعہ عبداللہ بمقام جنگل پیر علیزئی

دعویٰ دیوانی نمبر 29/2026 تاریخ پیشی 23/11/2026

دعویٰ دیوانی

... آج مورخہ 10/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج قلعہ عبداللہ بمقام جنگل پیر علیزئی

بعدالت جناب سینئر سول جج II بااختیار ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 46/2026 آئندہ تاریخ پیشی 21/11/2026

بنام:۔ عوام الناس

درخواست برائے جانشینی سرٹیفکیٹ

... آج مورخہ 14/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج II کوئٹہ

بعدالت جناب سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

مثل نمبر 31/2026 آئندہ تاریخ پیشی 16/11/2026

دعویٰ دیوانی

... میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 10/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

بعدالت فیملی جج IV کوئٹہ

مثل نمبر 116/2026 محمد عامر ولد حشمت خان مکان پتہ صوفی نور محمد اسٹریٹ نیچاری روڈ کوئٹہ

بنام:۔ عوام الناس

درخواست گارڈین

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ سماعت 28/11/2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 13/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

فیملی جج IV کوئٹہ

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ بااختیار ڈسٹرکٹ جج قلات

درخواست جانشینی نمبر 27/2026 1۔ ذبیدہ بیوہ عبدالسلام مرحوم 2۔ عبدالوحید 3۔ بی بی ثاقبہ 4۔ ندیم احمد 5۔ بی بی خالدہ 6۔ محمد ذکریا 7۔ محمد سلمان 8۔ محمد ارسلان پسران و دختران مرحوم عبدالسلام اقوام نیچاری ساکنان محمد تاوہ تحصیل و ضلع قلات سائلان **بنام**:۔ 1۔ انچارج نادر آفس قلات 2۔ عوام الناس مسول علیہم

درخواست جانشینی زیر دفعہ 2022 ایکٹ نمبر 1 آف 2022

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ یہ کہ سائلان نے ایک درخواست جانشینی عدالت ہذا میں برائے حصول پنشن و بقایاجات در یونائیٹڈ بینک قلات برانچ مبلغ 50-495798 لاکھ روپے گزاری ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ پیشی 26/11/2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 12/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

جوڈیشل مجسٹریٹ بااختیار ڈسٹرکٹ جج قلات

بعدالت جناب سینئر سول جج II صاحب کوئٹہ بااختیار سیشن جج کوئٹہ

درخواست نمبر 44/2026 آئندہ تاریخ سماعت 20/11/2026

1۔ صغرا بیگم زوجہ عبدالحکیم 2۔ وجیہہ زہرہ 3۔ مدثرہ ۔۔۔ زہرہ 4۔ محمد عقیل اٹارنی 5۔ منتظر مہدی 6۔ نادیہ فاطمہ 7۔ ارم فاطمہ 8۔ نورز ہرہ پسران و دختران مرحوم عبدالحکیم نابالغ ساکنان علمدار روڈ کوئٹہ تمام سائلان بذریعہ اٹارنی محمد عقیل سائل نمبر 4 **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست جانشینی ایکٹ 1925ء برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں سائلان نے ایک درخواست حصول جانشینی سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ پیشی 20/11/2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 12/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج II کوئٹہ

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل شاہین سٹار ماڈل 2023 انجن نمبر UMCE24639 چیسز نمبر UMCC24639 کے اوو چر پولیس تھانہ سریاب کے علاقہ میں گم ہو گیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ محمد عثمان ولد عبدالحمید

درستگی نام ولدیت

میرے والد کے نام کے درست سپیلنگ Abdul Rasheed ہے جبکہ SSC امتحان 2025 رول نمبر 451074 رجسٹریشن نمبر 23756110001 میں غلطی سے Abdul Rashid لکھا گیا ہے لہذا درستگی کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ عبدالوحید ولد عبدالرشید

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل CD-70 ماڈل 2025 چیسز نمبر 433198 انجن نمبر HB098142 رجسٹریشن نمبر MAV9993 کے اصل کاغذات تھانہ سٹی کی حدود میں گم ہو گئے ہیں تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ روزی خان ولد حاجی محمد عیسیٰ

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 55302-09175243 لیاقت بازار کوئٹہ میں گم ہو گیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ سلطان احمد ولد محمد صدیق

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل شاہین اسٹار ماڈل 2026 انجن نمبر UMCE34902 چیسز نمبر UMCC34902 کے کاغذات تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں گم ہو گئے ہیں تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ عوض خان ولد طور جانان

تلاش گمشدہ

میرا جماعت ہشتم کی ڈی ایم سی رول نمبر 110-17971 سال 2024 گم ہو گئی ہیں تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ سید محمد شعیب ولد سید محمد اسماعیل

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-3535412-9 ...

تلاش گمشدہ

... 56201190966-1 ... 03139480000

تلاش گمشدہ

میرا پاسپورٹ نمبر 5358470 ... 03003808952

تلاش گمشدہ

... 03110087311

تلاش گمشدہ

قومی شناختی کارڈ نمبر 54101788543 ...

تلاش گمشدہ

... S-P163971 ... 03042104943

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 45504-1110991-5 ... 03130819824

تلاش گمشدہ

میرے بینک الحبیب کے کال ڈیپازٹ نمبر CDR00977491 اور CDR00977492 ... 03138770741

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل 125 ماڈل 2025 چیسز نمبر EG269581 ... Y959826 ...

اطلاع عام

...

ڈی پنڈزیرنے نئے ہیڈ کوچ کے نام کا اعلان کر دیا

...

GOVERNMENT OF PAKISTAN
Ministry of Planning, Development & Special Initiatives
Pakistan Bureau of Statistics
Statistics House, 21-Mauve Area, G-9/1
Islamabad.

CORRIGENDUM

With reference to the Pakistan Bureau of Statistics (PBS) recruitment advertisement published in the print media on **13-11-2026** PID No. PID(I)4388/26, inviting applications from Pakistani citizens having domicile of Balochistan for recruitment against the Balochistan quota posts, the age limit for the post of **Sanitary Worker (BS-01)** mentioned at **Sl. No. 12** may be read as follows:

"18-25 years (plus 05 years' general age relaxation and 05 years' additional age relaxation for candidates from Balochistan"

(Qazi Saeed ul Hassan)
Director (Admn)
Pakistan Bureau of Statistics
21-Mauve Area, G-9/1, Islamabad
Ph: 051-9106588, www.pbs.gov.pk

PID(I)4487/26

URAAN PAKISTAN



پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر بلوچستان حاجی ولی محمد نورزئی سے دفتر میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد ملاقات کر رہے ہیں



چیئرمین بی آئی ٹی اویس جدون، صوبائی جنرل سیکرٹری پی ایم ایل ن جمال شاہ کاکڑ کو چیئرمین نواز شریف ایوارڈ سلیکشن کمیٹی کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں



مسلم لیگ کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ، محترمہ راحیلہ درانی، محترمہ ہادیہ نواز، نسیم الرحمٰن ملاخیل، جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ کے اعزاز میں حاجی احسان اللہ خاکسار کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے شرکاء



وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر جامعہ کی بارہویں اکیڈمک کونسل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



نصرت ہومیو پیتھک میڈیکل کالج میں عالمی یومِ ذیابطیس پر آگاہی سیشن کے شرکا کا گروپ



انٹرکلب باکسنگ ٹورنامنٹ کے اختتام کے موقع پر پاکستان پروفیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن کے فائنانس سیکرٹری عبداللہ رند باکسر کو میڈل پہنا رہے ہیں

ٹیکس آؤٹ سورس ---------- آرکیٹکٹ فاروق احمد
(architect.farooq@gmail.com)

آئین اور قانون اگر اجازت دے
ٹیکس کا نظام آؤٹ سورس کریں
چین کی طرز پر کریں سختی
شائد ہم بھی کبھی خزانے بھریں

جمال شاہ کاکڑ کو دو سال کے لیے چیئرمین ایوارڈ سلیکشن کمیٹی مقرر کر دیا گیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے اس کمیٹی میں بلوچستان سے 3 اور مرکز سے 6 اراکین شامل ہوں گے، جن کا تقرر چیئرمین سلیکشن کمیٹی جمال شاہ کاکڑ کریں گے۔ کمیٹی ملک بھر سے 14 کیٹیگریز میں اعلیٰ خدمات سرانجام دینے والی شخصیات اور اداروں کے نام تھنک ٹینک اور ...

ورک، اور جاز شور انشورنس (JazzSure Insurance) سابقہ ٹی پی ایل انشورنس) اور فکر فری کی جدید انشورنس سہولیات شامل ہیں، جو ایک ایسی مارکیٹ کی ضروریات کو پورا کرتی ہیں جہاں انشورنس خریدنے کی شرح اب بھی بہت کم ہے۔ اب موبی لنک بینک کے ذریعے ہم زراعت اور چھوٹے کاروباری اداروں کو بینکاری سہولیات ...

فصلوں کی بوائی کے اہم موقع پر بروقت کھاد کی عدم دستیابی، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور دیگر زرعی مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ زمینداروں کے درمیان باہمی مشاورت اور رابطوں کا سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے گا تاکہ کسی بھی زمیندار کو درپیش مسئلے کو اجتماعی کوششوں کے ذریعے حل کرنے کے ...

بقیہ 01

ممبر ڈاکٹر اسماء بلوچ نے طلبہ کو تکنیکی بریفنگ دی۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق یونیورسٹی انتظامیہ نے دوروں کے دوران تعاون کرنے پر ہسپتال کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 02

ہے۔ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں 84 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 70 پستول وریوالور، 3 کلاشنکوف، 11 شارٹ گن رائفلیں، 65 میگزین اور 972 راؤنڈز برآمد کیے گئے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 111 ملزمان کو حراست میں لے کر 189 کلوگرام سے زائد چرس، 38 کلوگرام آئس، 2 کلوگرام سے زائد خشک بھنگ، ہیروئن، افیون اور کرسٹل برآمد کی گئی، جبکہ شراب کی 33 بوتلیں اور بیئر کے 7 کین بھی قبضے میں لیے گئے۔ اسی طرح پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 4 مسروقہ گاڑیاں، 17 موٹر سائیکلیں، 54 موبائل فون اور سونے کے 2 سیٹ برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے، جبکہ دفعہ 550 کے تحت مزید 6 مشتبہ گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بھی قبضے میں لی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد کراتے ہوئے 3 ہزار 304 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے گئے۔ ترجمان بلوچستان پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور صوبے بھر میں پائیدار امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے مکمل خاتمے تک یہ کریک ڈاؤن بلاامتیاز جاری رہے گا۔

بقیہ 03

پروفیسر غلام شبیر چنہ اساتذہ کرام طلباء اور دیگر متعلقہ شخصیات نے بھی شرکت کی تقریب کے دوران طلباء نے شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی حیات و خدمات ان کی شاعری فکر و فلسفے اور بالخصوص فلسفہ خودی کو اجاگر کرنے کے لیے نہایت خوبصورت اور متاثر کن تقاریر ملی نغمے اور مختلف ادبی و تعلیمی پروگرام پیش کیے طلباء نے اپنے خیالات اور تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے علامہ اقبال کے پیغام کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا اور حاضرین سے خوب داد وصول کی ان پروگراموں کا بنیادی مقصد نئی نسل میں اقبال شناسی قومی شعور خود اعتمادی اور وطن سے محبت کے جذبے کو فروغ دینا تھا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے اپنے خطاب میں علامہ محمد اقبال کی زندگی ان کی علمی و ادبی خدمات فکری جدوجہد اور برصغیر کے مسلمانوں میں بیداریِ شعور پیدا کرنے کے حوالے سے ان کے تاریخی کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال محض ایک عظیم شاعر ہی نہیں بلکہ ایک بلند پایہ مفکر فلسفی اور عظیم رہنما تھے جنہوں نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں کو خودی خودداری اتحاد عمل اور جدوجہد کا درس دیا ان کے افکار نے برصغیر کے مسلمانوں میں ایک نئی سوچ اور الگ قومی تشخص کا احساس پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا فلسفہ خودی درحقیقت انسان کو اپنی صلاحیتوں پہچاننے خود اعتمادی پیدا کرنے مشکلات کا مقابلہ کرنے اور اپنی منزل کے حصول کے لیے مسلسل جدوجہد کرنے کا پیغام دیتا ہے اقبال نوجوانوں کو شاہین جیسی بلند پروازی بلند حوصلے خودداری اور عملی زندگی میں آگے بڑھنے کی تلقین کرتے ہیں ان کا پیغام آج بھی اتنا ہی اہم اور مؤثر ہے جتنا ان کے دور میں تھا ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہوتے ہیں اس لیے طلباء کو چاہیے کہ وہ تعلیم کے حصول کو اپنی اولین ترجیح بنائیں علم و تحقیق کے میدان میں آگے بڑھیں اور علامہ اقبال کے افکار و تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ محنت دیانت داری نظم و ضبط مثبت سوچ اور بلند مقاصد ہی کامیابی کی ضمانت ہیں نئی نسل کو چاہیے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملک و قوم کی ترقی خوشحالی اور روشن مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں انہوں نے طلباء کی جانب سے پیش کیے گئے پروگراموں تقاریر اور ملی نغموں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی تعلیمی و ادبی سرگرمیاں طلباء کی ذہنی و فکری نشوونما کے ساتھ ساتھ ان میں قومی تاریخ ثقافت اور عظیم شخصیات سے وابستگی کا شعور بھی پیدا کرتی ہیں انہوں نے تقریب کے کامیاب اور منظم انعقاد پر کالج کے پرنسپل پروفیسر غلام شبیر چنہ اور ان کی پوری ٹیم کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ تعلیمی ادارے مستقبل میں بھی اس نوعیت کی مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھیں گے تاکہ نوجوان نسل کو علم شعور اور قومی ذمہ داریوں سے روشناس کرایا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر علامہ اقبال کے افکار و تعلیمات پر عمل کرنے حصولِ علم قومی یکجہتی اور ملک کی ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 04

فورس کے ہمراہ پرانا ڈی آئی خان اڈہ میں نیو کارٹ مارکیٹ کی تعمیر کے سلسلے میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران تعمیراتی سائٹ سے کم از کم 200 گاڑیوں کو ہٹایا گیا۔ تمام دکانداروں اور مکینک حضرات کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ سائٹ کے اندر گاڑیاں پارک نہ کریں۔ تعمیراتی کام شروع کر دیا گیا ہے اور بھاری مشینری کے ذریعے زمین کو ہموار کرنے کا کام جاری ہے۔ پولیس اور ڈسٹرکٹ اینٹی انکروچمنٹ فورس سیکیورٹی اور تعمیراتی کام کے پرامن انعقاد کے لیے سائٹ پر تعینات رہے گی۔ کارٹ مارکیٹ کی تعمیر سے شہر میں ٹریفک کے مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا اور عوام کو روزگار کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔

بقیہ 05

کرتے جو عوام پر ظلم ڈھاتے ہیں اور پاکستان کو نہیں مانتے، تاہم آج بھی صوبے میں ایسے متعدد محبِ وطن سردار اور نواب موجود ہیں جو پاکستان اور بلوچستان کی تعمیر، ترقی اور خوشحالی کے عمل میں بھرپور انداز میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان و چیف آف بگٹی میر سرفراز بگٹی سمیت صوبے کے دیگر کئی سردار اور نواب ایسے ہیں جو اپنے علاقوں میں تعلیم کے فروغ، سماجی بہبود اور مجموعی ترقی کے لیے نمایاں اور مثبت کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے تمام قبائلی عمائدین کو ایک ہی صف میں کھڑا کرنا

درست نہیں۔

بقیہ 06

ضرورت ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی کے تحفظ اور ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لئے ہمیں صوبے بھر میں یکبار استعمال ہونے والے (سنگل یوز) پلاسٹک اور شاپر بیگز پر مکمل پابندی کے قانون پر سختی سے عمل درآمد کرانا ہوگا اس ضمن میں صوبائی حکومت نے سخت موقف اختیار کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے صوبہ گیر سطح پر نئی شجرکاری مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے، جس میں عوام بالخصوص نوجوانوں کو بھرپور انداز میں شامل کیا جائے گا اس ضمن میں صنعتی یونٹس اور فیکٹریوں کو پابند کیا جائے گا کہ وہ ماحول دوست ٹیکنالوجی اپنائیں اور زہریلے دھویں اور فاضل مواد کو سائنسی طریقہ کار کے بغیر خارج نہ کریں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ ہوا، پانی اور زمین کو آلودہ کرنے والے عناصر کے خلاف ماحولیاتی تحفظ کے قوانین کے تحت بلا تفریق سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ صوبائی مشیر نے وفود سے اپیل کی کہ ماحولیاتی آلودگی سے بچا صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ہر شہری کا قومی اور اخلاقی فرض ہے۔ انہوں نے سب کو مل کر اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف ستھرا اور سرسبز بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے کی تاکید کی۔ اس موقع پر وفود نے صوبائی مشیر کو اپنے اپنے علاقوں کے مسائل سے تفصیلاً آگاہ کیا صوبائی مشیر نے مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے صوبہ گیر سطح پر نئی شجرکاری مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے، جس میں عوام بالخصوص نوجوانوں کو بھرپور انداز میں شامل کیا جائے گا اس ضمن میں صنعتی یونٹس اور فیکٹریوں کو پابند کیا جائے گا کہ وہ ماحول دوست ٹیکنالوجی اپنائیں اور زہریلے دھویں اور فاضل مواد کو سائنسی طریقہ کار کے بغیر خارج نہ کریں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ ہوا، پانی اور زمین کو آلودہ کرنے والے عناصر کے خلاف ماحولیاتی تحفظ کے قوانین کے تحت بلا تفریق سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ صوبائی مشیر نے وفود سے اپیل کی کہ ماحولیاتی آلودگی سے بچا صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ہر شہری کا قومی اور اخلاقی فرض ہے۔ انہوں نے سب کو مل کر اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف ستھرا اور سرسبز بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے کی تاکید کی۔ اس موقع پر وفود نے صوبائی مشیر کو اپنے اپنے علاقوں کے مسائل سے تفصیلاً آگاہ کیا صوبائی مشیر نے مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 07

ہمراہ تھے۔ متعلقہ انجینئرز نے ڈپٹی کمشنر کو ڈی سی کمپلیکس کے ماسٹر پلان، ملحقہ رابطہ سڑک، پولیس انفراسٹرکچر، تعلیمی اداروں اور مراکز صحت کے تعمیراتی مراحل پر بریفنگ دی، ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے حکام اور ٹھیکیداروں کو واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح کے ان کلیدی منصوبوں کے معیار، شفافیت اور مقررہ وقت پر تکمیل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ضلع برشور کی ترقی، امن و امان کے استحکام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار خان کاکڑ کی مخلصانہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ان کا قریبی اشتراک وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے ترقی پسند وژن کی عملی تعبیر ہے، ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان منصوبوں کی تکمیل سے انتظامی کارکردگی بہتر ہوگی اور شہریوں کو ایک ہی چھت تلے تمام سرکاری اور معیاری سماجی خدمات میسر آئیں گی۔

بقیہ 08

ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک فراہم کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 09

گئی۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر رحیم بخش مہر، ڈین سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈین سائنس، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ڈاکٹر محب اللہ، ڈائریکٹر فنانس رحمت اللہ، ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) ڈاکٹر رابعہ اسلم، ڈائریکٹر آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن ڈاکٹر محمد ارشاد، ڈاکٹر عبداللہ (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ کیمسٹری)، شہیک فتح (لیکچرر، شعبہ کمپیوٹر سائنس) اور فاروق حیدر (چیئرمین، شعبہ انگریزی) نے شرکت کی۔ اجلاس میں آن لائن شرکت کرنے والے معزز اراکین میں ڈاکٹر منصور احمد (نمائندہ برائے کالجز، محکمہ ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن، حکومت بلوچستان) اور حاکم علی تالپور (ڈپٹی ڈائریکٹر کریکولم، ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان، اسلام آباد) شامل تھے۔ اجلاس کے آغاز میں 11 مئی 2026 کو منعقد ہونے والے جامعہ گوادر کی 11ویں اکیڈمک کونسل کے اجلاس کے منٹس کی توثیق و منظوری دی گئی اور گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد سے متعلق رپورٹس کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ (ASRB) کے لیے تدریسی فیکلٹی سے تحقیقی قابلیت اور تجربے کے حامل اساتذہ کی نامزدگی پر غور، فیکلٹی آف سائنسز، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اور فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنسز، کامرس اینڈ سوشل سائنسز کے تیسرے بورڈز آف فیکلٹی کے لیے بھی اساتذہ کے ناموں کی منظوری دی گئی۔ اسی طرح شعبہ؟ تعلیم کے بورڈ آف اسٹڈیز کے چھٹے اجلاس، شعبہ کمپیوٹر سائنس کے چھٹے اور ساتویں اجلاسوں، شعبہ زولوجی پروگرام کے دوسرے اجلاس اور شعبہ؟ اکنامکس کے بورڈ آف اسٹڈیز کے اجلاس کے منٹس کی توثیق کی گئی۔ مزید برآں، اجلاس میں جامعہ گوادر کے تعلیمی کیلنڈر برائے سال 2026 اور 2027 کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی منظوری دی گئی اس کے ساتھ ساتھ جامعہ کے تدریسی نظام کو مزید مؤثر بنانے، تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، تعلیمی معیار کی مزید بہتری اور ادارہ جاتی ترقی کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلِ خیال کیا گیا اور مختلف اقدامات کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے اکیڈمک کونسل کے کردار اور اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ جامعہ میں تعلیمی معیار کی بہتری، تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ اور تدریسی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اکیڈمک کونسل کا مؤثر کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے اساتذہ اور متعلقہ شعبہ جات کے سربراہان پر زور دیا کہ وہ تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں میں بہتری، نصاب کی مؤثر تشکیل اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جامعہ گوادر میں معیاری اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے فروغ کے لیے اس، وقت تک کے اقدامات قابل ستائش ہین تاہم اجتماعی کاوشوں اور مربوط حکمتِ عملی کو جاری رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ اجلاس کے اختتام پر گریجویٹ اسٹڈیز آفس کے لوگو کی منظوری بھی دی گئی، جو جامعہ میں گریجویٹ اسٹڈیز سے متعلق انتظامی و تعلیمی امور کی شناخت اور مؤثر پیش رفت کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 10

تیاری کے سلسلے میں ضلع کوئٹہ کے تحصیل صدر سے مربوط مختلف علاقائی یونٹس کے اجلاسوں کا انعقاد ہوا۔ پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹوز کے اراکین سردار حیات میرزئی، دوست محمد لونی، حبیب الرحمٰن بازئی ...

بقیہ 06

ہائی کمیشن کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت ہوئی۔تقریب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزرا، سفارتکاروں، کاروباری شخصیات اور ڈیزائنرز کی شرکت ہوئی۔

بقیہ 07

ملاقات کی اور ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے ماڈل ٹاؤن لاہور میں وزیراعظم شہباز شریف کی رہائش گاہ پہنچے جہاں وزیراعظم نے صدر مملکت کا پرتپاک استقبال کیا۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی اور وزیراعظم نے صدر پاکستان کو اپنے دورہ ترکیہ اور 31ویں کانفرنس آف پارٹیز میں اپنے شرکت کے بارے میں بتایا۔

بقیہ 08

حولدار عدنان خان کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہید میجر عمر منہاس ناصر اور شہید حولدار عدنان خان کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ میجر عمر منہاس ناصر اور حولدار عدنان خان نے فرض کی ادائیگی میں شہادت کا عظیم رتبہ پایا، شہید میجر عمر اور شہید حولدار عدنان کا عزم اور جذبہ ہی قوم کی اصل قوت ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ ہمارے شہدا کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔شہدا ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گے۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے خودکش بمبار سمیت 8دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔

بقیہ 09

نے دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، پاکستان اور کویت کے دیرینہ تعلقات بڑھتی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے ذریعے نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہیں۔اس موقع پر پاکستان اور کویت کے درمیان اقتصادی تعاون بڑھانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔دوسری جانب پاکستان سٹیٹ آئل (پی ایس او) اور کویت پٹرولیم کارپوریشن نے توانائی کے شعبے میں گزشتہ 50 سال سے جاری شراکت داری کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔معاہدے کے تحت پاکستان کے توانائی کے شعبے کی ترقی کے لیے ایندھن کی فراہمی، ریفائننگ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کیے جائیں گے

بقیہ 10

کے خلاف کارروائی کے دوران انکشاف ہوا کہ ہرماہ تقریباً 90 کلوگرام سونا نکالا جارہا تھا جبکہ اس غیر قانونی کاروبار سے حاصل ہونے والی رقم کا بڑا حصہ افغانستان منتقل کیا جارہا تھا۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ غیر قانونی کانکنی میں ملوث افراد کیخلاف زیروٹالرینس ہوگی،صوبے میں سونے کی کان کنی کے تمام لیز منسوخ کیے جارہے ہیں اور تمام سرگرمیاں فوری طور پر معطل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ غیر قانونی کانکنی کو 12 سیاستدانوں یا ان سے تعلق رکھنے والے افراد کی پشت پناہی حاصل تھی، جن میں سابق وزیراعلی سہیل آفریدی کے بھائی نوید، تحریک انصاف کے شہریار آفریدی، آفتاب عالم ، سینیٹر خرم ذیشان، پیپلزپارٹی کے امجد آفریدی، جے یو آئی کے سیٹھ گوہر سیف اللہ سمیت دیگر افراد شامل ہیں۔گورنر نے غیر قانونی کنی کی تحقیقات کے لیے ہائی کورٹ کے سابق جج کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن بنانے کا اعلان بھی کیا اور کہا کہ جوڈیشل کمیشن کی تحقیقات میں جو بھی سیاستدان یا سرکاری افسر ملوث پایا گیا اس کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔

بقیہ 11

آئین ایک عہد ہے۔انہوں نے کہا کہ پشاور کی عدالت گئے، بتایا جائے سہیل آفریدی اور اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کہاں ہیں۔اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ڈوبتی کشتی کو بچانے کا واحد راستہ بات چیت اور آئین پر عمل درآمد ہے،ہمیں مل کر مسائل سے نکلنے کا سوچنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی سیاسی جماعتوں کو مل کر بیٹھنا اور فیصلہ کرنا ہوگا۔

بقیہ 12

کا حصہ نہیں تھے، انہوں نے کشیدگی روکنے کی کوشش کی، ایران کو حملوں اور ان کے نتائج کا ذمہ دار ٹھہرایا جائے۔سیکرٹری کے مطابق ایران کے ساتھ کسی بھی معاہدے میں نیوکلیئر پروگرام، میزائلوں، ڈرونز اور مسلح گروہوں کی حمایت جیسے معاملات شامل ہونے چاہئیں۔دوسری جانب اقوام متحدہ میں ایرانی نائب سفیر غلام حسین نے الزام کو مسترد کردیا، غلام حسین نے کہا کہ خلیجی ممالک نے ایران پر امریکی حملوں میں واشنگٹن کی مدد کی، امریکا کی مدد کرنے پر خلیجی ممالک کو بھی جواب دہ ہونا چاہیے۔

بقیہ 13

مطابق ترکمانستان میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر فریال لغاری کی دفتر خارجہ میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات ہوئی۔ملاقات میں پاکستان اور ترکمانستان کے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان ترکمانستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے، پاکستان ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کا آئندہ اجلاس دوطرفہ تعاون کو آگے بڑھانے کا اہم موقع ہے۔ملاقات میں تجارت، توانائی اور علاقائی روابط کے شعبوں میں اشتراک عمل بڑھانے پر خصوصی زور دیا گیا۔نائب وزیراعظم نے پاکستان اور ترکمانستان کے تعلقات کو مستحکم بنانے کے لیے سفیر کی کاوشوں کی تعریف کی۔

بقیہ 14

گئے۔وزیر خارجہ تحسین ارطغرل اوغلو 30ویں ای سی او وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔وزارت خارجہ کے حکام نے شمالی قبرصی ترک جمہوریہ کے وزیر خارجہ کا ایئرپورٹ پر استقبال کیا۔

بقیہ 15

میں اہم پیش رفت ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے ایکس پر بیان میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کی کامیاب تکمیل اور پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں 60 سے زائد ممالک کے مندوبین اور سرمایہ کاروں کی شرکت اہم کامیابی ہے۔پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے دوران سرمایہ کاری کے بڑے اعلانات ہوئے،معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے 13 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کئے گئے، پاکستان کے معدنی وسائل سے متعلق معلومات کے لیے قومی معدنیاتی ڈیٹا سینٹر کا افتتاح کیا گیا،معدنی ذخائر اور جغرافیائی معلومات تک رسائی کے لیے جی ایس پی جیو پورٹل کا اجرا کیا گیا۔

بقیہ 16

سے ستمبر 2026 تک کی تفصیلات جاری کی گئیں۔رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ میں عدالتی اصلاحات کے لیے 86نکاتی ایکشن پلان متعارف کرایا گیا، 86نکاتی اصلاحاتی پلان کے 64اقدامات مکمل، 11پر پیش رفت جاری ہے، اصلاحاتی منصوبے کے مزید 11اقدامات پر خصوصی توجہ درکار ہے۔رپورٹ میں کہا گیا کہ سپریم

کورٹ میں زیر التوا مقدمات کی تعداد 60ہزار 304 سے کم ہوکر 31ہزار 927رہ گئی، سپریم کورٹ میں زیر التوا مقدمات میں تقریبا 47فیصد کی ریکارڈ کی گئی، آئینی ترمیم کے بعد 22ہزار 213مقدمات وفاقی آئینی عدالت منتقل ہوئے۔

بقیہ 17

آفریدی اور بابر سلیم سواتی سمیت 9اراکین اسمبلی کی گرفتاری اور حراست کو چیلنج کیا گیا ہے۔اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کی جانب سے ایڈووکیٹ معظم بٹ کے توسط سے دائر کی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ منتخب نمائندوں کو حراست میں رکھنا عوام کے انتخابی مینڈیٹ کو غیر موثر بنانے کے مترادف ہے اور عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ زیر حراست ارکان اسمبلی کو عدالت میں پیش کرکے ان کی حراست کا قانونی جواز پیش کرنے کا حکم دیا جائے اور ان کی فوری رہائی کا حکم دیاجائے۔درخواست میں عدالت کے روبرو یہ اہم آئینی سوال بھی اٹھایا گیا ہے کہ آیا ریاستی ادارے منتخب نمائندوں کی سیاسی سرگرمیوں اور ان کے پارلیمانی کردار کو روک سکتے ہیں یا نہیں

بقیہ 18

متعدد ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا گیا۔ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ کرم میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتن الخوارج اور فتن الہندوستان کے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ان کے مطابق کارروائیوں کے دوران دہشت گرد عناصر کا خاتمہ کیا گیا جبکہ ان کے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کا عزم قابل تحسین ہے اور پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی سازشیں کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔

بقیہ 19

شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ امریکا اپنی خودمختاری اور قومی مفادات کے خلاف کسی بین الاقوامی ادارے کے فیصلوں کو قبول نہیں کرے گا۔انہوں نے کہا کہ اگر عالمی فوجداری عدالت نے امریکی شہریوں یا فوجی اہلکاروں کے خلاف اپنے فیصلوں پر عمل درآمد کی کوشش کی تو واشنگٹن طاقت کے ذریعے جواب دے سکتا ہے۔عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق روبیو نے واشنگٹن میں قدامت پسند قانونی تنظیم فیڈرلسٹ سوسائٹی کے قومی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عالمی فوجداری عدالت اور بین الاقوامی قوانین پر سخت تنقید کی۔روبیو نے اپنی تقریر میں قدیم رومی جنرل پومپی کا ایک مشہور قول دہراتے ہوئے کہا کہ عالمی فوجداری عدالت کو خبردار کیا کہ وہ امریکی شہریوں پر اپنے فیصلے مسلط کرنے کی کوشش نہ کرے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر عدالت امریکی شہریوں کے خلاف اپنے عدالتی احکامات نافذ کرنے کی کوشش کرے گی تو امریکا کا جواب یہ ہوگا کہ تلوار اٹھانے والوں کو قوانین کا حوالہ دینا بند کرو۔روبیو نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کو بعض بااثر طبقات اپنے مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں

بقیہ 20

کے ذاتی فیصلے اور حکومتی دور کے کچھ کاموں کی وجہ سے ہیں۔گزشتہ روز نجی ٹی وی سے گفتگو میں طلال چوہدری نے کہا کہ آوٹ آف بکس کوئی ڈیل، کوئی ڈھیل، کوئی ایسی چیز جو لوگ سوچ رہے ہیں کچھ بھی نہیں ہونے جارہا۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو ان سے ملاقات نہیں کرنی ہوتی تو وکیل کیوں رکھتے، بانی کی مشکلات کچھ ان کے ذاتی فیصلے اور حکومتی دور کے کچھ کاموں کی وجہ سے ہیں۔وزیر مملکت نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کے لوگ آئے روز ماننس پر مانئس ہوتے جارہے ہیں، یہ جان بوجھ کر ایسے حالات بناتے ہیں، ان کا کوئی ہمدردی کارڈ سوٹ کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیرداخلہ نے بھی کہا کہ لوگ کہانیاں بنارہے ہیں ایسا کچھ نہیں، چوہدری سالک کے معاملے میں بھی وزیرداخلہ کا کوئی لنک نہیں، ایسی کوئی چیز نہیں۔سینیٹر طلال چوہدری نے کہا کہ وزیرداخلہ نے کہا کہ سیاسی جماعتیں ہی فیصلہ کریں گی، وزیرداخلہ کسی کے ساتھ ہیں تو وہ وزیراعظم کے ساتھ ہیں، وہ سسٹم کیلئے اسٹیبلائزر کا کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ سارے لوگ وزیرداخلہ سے متعلق جو باتیں بناتے ہیں،اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا،ن لیگ کا مفاد مجھے سے زیادہ کسی کو عزیز نہیں ہوگا،اگر کوئی ایسی چیز دیکھی جائے تو میں اظہار کروں۔

بقیہ 21

کردیا، ترجمان کے مطابق اب تک 17امریکی ڈرون تباہ کیے جاچکے ہیں۔

بقیہ 22

سے چلے گا، رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ سیاسی اور عسکری قیادت میں مکمل ہم آہنگی پائی جاتی ہے، سیاسی محاذ پر وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری محاذ پر فیلڈ مارشل عاصم منیر قیادت کررہے ہیں۔اس سوال پر کہ کیا محسن نقوی جوابات کرتے ہیں ان کی اصل اتھارٹی اسٹیبلشمنٹ ہے؟ جس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اصل اتھارٹی تو وہی ہے لیکن ہماری لیگ اتھارٹی وزیراعظم شہباز شریف ہیں۔سیاسی مشیر کا کہنا تھا کہ ہر شخص کی اپنی پوزیشن ہوتی ہے اور حرف آخر اسی کا ہوتا ہے، جس کے پاس اتھارٹی ہو، اسٹیبلشمنٹ میں عدلیہ، بیوروکریسی اور دیگر ادارے شامل ہیں

بقیہ 23

کرتے ہوئے ناکام بنادیا۔پولیس نے بتایا کہ کوئیک رسپانس فورس اور سی ٹی ڈی نے واقعے کی جگہ پہنچ کر کلیئرنس آپریشن کیا جس میں 4دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔آئی جی کے پی کا کہنا ہے کہ دہشتگرد حملے کو پسپا کرنا جوانوں کی اعلی تربیت و جانبازی کا ثبوت ہے، دہشتگردوں کیلئے کے پی کی سرزمین پر کوئی جگہ نہیں،ان کا خاتمہ یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 24

کیا ہے۔غیر ملکی خبرایجنسی کے مطابق سعودی عرب نے فوری طور پر واقعے کی تصدیق نہیں کی۔

بقیہ 25

لائحہ عمل تشکیل دے دیا تا کہ خطے میں ان کی سرگرمیوں کا موثر سد باب کیا جا سکے۔عرب پارلیمنٹ کے بیان کے مطابق اس جامع منصوبے کا بنیادی مقصد حوثی ملیشیا کو علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر مکمل طور پر تنہا کرنا اور ان کی عسکری کارروائیوں کو روکنا ہے۔عرب خبر رساں ادارے کے مطابق، عرب پارلیمنٹ کے اس منصوبے کے تحت حوثیوں کو ملنے والی مالی اعانت اور اسلحے کی ترسیل کے راستوں کو مکمل طور پر بند کرنے کیلئے چار جہتی حکمت عملی تیار کی گئی ہے۔پہلے مرحلے میں سفارتی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے دنیا کی اہم دارالحکومتوں اور عالمی طاقتوں کے ساتھ رابطے کیے جائیں گے تا کہ انہیں حوثیوں کی جارحانہ کارروائیوں سے آگاہ کیا جا سکے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں عرب موقف کے لئے سفارتی حمایت حاصل کی جا سکے۔اس سفارتی مہم کا مقصد عالمی برادری کو حوثیوں کے احتساب اور ان کے مالی و عسکری ذرائع مسدود کرنے پر قائل کرنا ہے۔

بقیہ 26

ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق مسعود ملک کو نامزد کیا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق مکالمے میں ایس سی او کے رکن ممالک کے نمائندے شرکت کریں گے، جہاں تہذیبی مکالمے اور ثقافتی

تفہیم سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔بیان میں کہا گیا کہ حکومت پاکستان باہمی احترام کے جذبے کے تحت تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے فروغ اور ایس سی او کے پلیٹ فارم کے ذریعے عوامی سطح پر روابط مضبوط بنانے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 27

میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان کو شان دار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے شہدا کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ان کا کہنا تھا دشمن معصوم شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنا کر خطے کا امن سبوتاژ کرنے کی مذموم کوشش کررہے ہیں، تاہم ہماری مسلح افواج دشمن کے ہر ناپاک منصوبے کو خاک میں ملانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشنز پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گے۔

بقیہ 28

جنرل برخانوف احمد جومولووچ سے اعلی سطح کی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ دفاعی تعلقات، عسکری تعاون اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں اشتراک عمل کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ازبکستان کے وزیر دفاع سے ملاقات کے دوران علاقائی سلامتی، موجودہ دفاعی تعلقات اور ادارہ جاتی تعاون کے فروغ کے امکانات زیر بحث آئے۔اس موقع پر ایئر چیف نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان گہرے تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ دفاعی روابط کا مزید استحکام خطے میں امن کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ازبک وزیر دفاع نے پیشہ ورانہ روابط، باہمی تجربات سے استفادے اور ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا تا کہ ابھرتے ہوئے سیکورٹی چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹا جاسکے۔

بقیہ 29

عائد کیا کہ وہ اپنی سرزمین، فضائی حدود اور فوجی تنصیبات امریکا اور اسرائیل کو ایران کے خلاف کارروائیوں کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دے رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ایسے ممالک کو ایران کو پہنچنے والے نقصان کا ذمہ دار ٹھہرایا جانا چاہیے اور انہیں اس نقصان کا ازالہ بھی کرنا چاہیے۔

بقیہ 30

سلامتی کونسل کے اجلاس میں خلیج کی صورتحال اور بین الاقوامی امن وسلامتی پر اس کے اثرات، خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور بحری سلامتی کو لاحق خطرات کے تناظر میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے بڑھتی ہوئی کشیدگی اور اس کے خلیجی برادر ممالک اور وسیع تر خطے کی سلامتی پر مرتب ہونے والے اثرات پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔خلیجی ممالک کے ساتھ پاکستان کے گہرے برادرانہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے سفیر حیدر شاہ نے واضح کیا کہ ان ممالک کی سلامتی اور خوشحالی پاکستان کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، انہوں نے خلیج تعاون کونسل کے ممالک کے خلاف حملوں کی دوٹوک مذمت کی اور ان کی حکومتوں اور عوام کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ 31

شہریوں، قبائلی عمائدین، سیاسی شخصیات اور سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر علاقے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے مرحومہ کے جنازے میں شرکت کر کے دعائے مغفرت کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں اور قبائلی عمائدین نے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی، جہاں انہوں نے چچی محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے بلند درجات اور سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ دریں اثنا، مرحومہ کے انتقال پر تعزیت اور افسوس کا اظہار کرنے کے لیے شہریوں اور عمائدین کی آمد کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔

بقیہ 32

خان کی شہادت پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک مذمتی بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ وطن کے دفاع اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کی خاطر اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر شہدا کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائیگا۔انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ ہر قسم کی تخریب کاری اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردی محض ایک پرتشدد کارروائی نہیں بلکہ دہشت اور وحشت پر مبنی ایک ایسی ذہنیت ہے جسکا خاتمہ حکومت اور عوام کی مشترکہ کوششوں سے ہی ممکن ہے۔گورنر مندوخیل نے شہدا کے اہل خانہ سے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب مشکل کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی شہدا کو اپنے جوار رحمت میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کیلئے ہمت و حوصلہ عطا کرے۔

بقیہ 33

اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔یہ اضافہ ملکی تاریخ میں کسی بھی مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ہونے والی وصولیوں کے مقابلے میں ایک نیا ریکارڈ ہے۔یاد رہے کہ حکومت نے مالی سال 27-2026 کے ابتدائی 2ماہ کے دوران پیٹرولیم لیوی کی مد میں 220ارب روپے جمع کیے ہیں۔ رواں مالی سال کے لیے حکومت کی جانب سے پیٹرولیم لیوی کی مد میں مجموعی طور پر 1.676 ٹریلین روپے حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ 34

افریقی منڈیوں تک رسائی کا اہم ذریعہ ہے۔دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔پاکستان اور ایتھوپیا کا ادویات کی رجسٹریشن میں حائل رکاوٹیں دور کرنے پر زور دیا گیا۔ایتھوپیا کی عالمی تجارتی تنظیم میں شمولیت کے امور پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ایتھوپین وزیر تجارت نے کہا کہ ایتھوپیا نے 17میں سے 11 دوطرفہ تجارتی معاہدے مکمل کر لیے۔ایتھوپین وزیر تجارت نے ڈبلیو ٹی او میں شمولیت کے لیے پاکستان سے تعاون کی درخواست کی۔سیکرٹری تجارت جواد پال نے کہا کہ تجارتی رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے ادارہ جاتی روابط ضروری ہیں۔دونوں ممالک کا مشترکہ اقتصادی کمیٹی کا اجلاس بلانے پر تبادلہ خیال ہوا اور دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے عملی روڈ میپ تیار کرنے پر اتفاق کیا گیا

بقیہ 35

سمیت دیگر علاقوں کو گیس کی فراہمی متاثر ہوئی واقعے کے بعد سیکورٹی فورسز اور پولیس جائے وقوع پر پہنچ کر مزید تحقیقات شروع کردی گئی۔

بقیہ 36

بننا ناگزیر ہوگیا ہے۔پاکستان کے موجودہ صوبے دنیا کے بیشتر ممالک سے رقبے میں بڑے ہیں، تاہم اختیارات اور وسائل نچلی سطح تک منتقل نہ ہونا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل آف

پاکستان کے سندھ ریجنل آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پنجاب دنیا کے 180، سندھ 175، خیبر پختونخوا 162اور بلوچستان 185ممالک سے بڑا ہے، جبکہ ایران میں 17، افغانستان میں 37اور بھارت میں 38 صوبے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اس سال قابل تقسیم محاصل سے چاروں صوبوں کو 8ہزار 844ارب روپے ملے، تاہم یہ وسائل گاں اور نچلی سطح تک نہیں پہنچ رہے۔

بقیہ 37

غریب کے درمیان بہت فرق ہے جبکہ مڈل کلاس بھی پس رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں اگر خواتین نوکری نہیں کریں گی تو گھر کیسے چلیں گے؟ پنجاب میں اس وقت 80لاکھ بچیاں سکول نہیں جا رہیں، مریم نواز کا نظام بچوں کو سکول نہیں بھیج رہا۔امیر جماعت اسلامی نے الزام عائد کیا کہ مریم نواز عوام کے پیسوں سے خریدے گئے جہاز پر اپنی بیٹی کی گریجویشن تقریب میں گئیں، پنجاب حکومت نے 15ہزار سکولوں کو آؤٹ سورس کر دیا ہے، نجی سکولوں میں بھی تعلیم کا دہرا معیار قائم کر دیا گیا ہے اور اچھی تعلیم کے لیے انتہائی زیادہ فیسیں وصول کی جاتی ہیں۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، بچیوں کی پیدائش، تعلیم اور تربیت جنت میں جانے کا راستہ ہے۔

بقیہ 38

گا۔سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ آئین کی مکمل پاسداری اور اس میں تجاوزات کا خاتمہ، شفاف انتخابات کی مکمل ضمانت، غیر جمہوری مداخلت کی روک تھام، موروثی اور طاقتور طبقات کی سیاست کو مڈل کلاس تک منتقل کرنے کے نئے سیاسی نظام کی تشکیل، سیاسی جماعتوں میں داخلی جمہوریت کے احیا، بااختیار بلدیاتی نظام حکومت، اختیار و اقتدار کی نچلی سطح تک منتقلی، سول سروس کی ری سٹرکچرنگ ، عدالتی اصلاحات کے ذریعے بااختیار ذمہ دار اور غیر جانبدار نظام عدل کا قیام پاکستان کو لاحق بیماریوں کا اصل علاج ہیں۔انہوں نے کہا کہ بنیادی اصلاحات کئے بغیر بنائے جانے والے چھوٹے انتظامی یونٹس، گڈگورننس کی بجائے نئے بادشاہتوں اور سلطنتوں کو جنم دیں گے

بقیہ 39

ہیں۔نوٹیفکیشن کے مطابق علی عظیم کو ڈی ایس پی انویسٹی گیشن حب، سیف اللہ درانی کو ڈی آئی جی لسبیلہ رینج رپورٹ کرنے، عامر خان کو ایس ڈی پی او گوادر، جاگر خان کو ایس ڈی پی او صدر پنجگور، نور شاہ سلیم کو ایس ڈی پی او ساکران، محمد رحیم اچکزئی کو سی پی او کوئٹہ رپورٹ کرنے، غلام مرتضی کو ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز کوئٹہ اور عابد سلیم کو ڈی آئی جی کوئٹہ کو رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔اسی طرح غضنفر علی کو ایس ڈی پی او ڈیرہ اللہ یار، مٹھا خان مغیری کو ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کو رپورٹ کرنے ، رفیع اللہ کو ایس ڈی پی او چمن، اسحاق احمد کو ڈسٹرکٹ کمپلینٹ آفیسر قلعہ عبداللہ، عزیز الرحمن کو ایس ڈی آئی او چکلاک سرکل کوئٹہ، افتخار حسین کو ڈی آئی جی کوئٹہ کو رپورٹ کرنے ، فیاض احمد کو ڈی ایس پی ٹیکنیکل ایس سی آئی ڈبلیو کوئٹہ، حبیب احمد کو ایس ڈی پی او پشتون آباد کوئٹہ اور مسعود احمد کو ڈی آئی جی کوئٹہ کو رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے تحت بلال نور کو ایس ڈی پی او چلتن، سید عظمت حسین شاہ کو ڈی ایس پی پی ٹی سی کوئٹہ، جعفر خان کو ڈی ایس پی کرائمز برانچ بلوچستان کوئٹہ، مسعود احمد کو ایس ڈی پی او خضدار، محمد عالم کو ڈی آئی جی خضدار رینج کو رپورٹ کرنے، فرحت پروین کو ایس ڈی آئی او ایئرپورٹ سرکل کوئٹہ، محمد عاصم علی کو ڈی آئی جی کوئٹہ کو رپورٹ کرنے، شاہ نواز کو ایس ڈی آئی او پشتون آباد سرکل کوئٹہ، محمد عرفان کو ڈی آئی جی کوئٹہ کو رپورٹ، عبدالوھاب کو ڈی ایس پی کرائمز برانچ بلوچستان کوئٹہ، قرۃ العین کو ایس ڈی پی او قائد آباد سرکل کوئٹہ اور اسحاق علی کو ڈی ایس پی پی ٹی سی کوئٹہ تعینات کیا گیا ہے

بقیہ 40

پروازوں کی معطلی (گراؤنڈ اسٹاپ) نافذ کیے جانے کے باعث تقریباً پندرہ لاکھ مسافروں کو ہوائی اڈوں پر شدید مشکلات اور غیر یقینی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا تاہم ساڑھے چار گھنٹے کی مسلسل کوششوں کے بعد متاثرہ نظام کو بحال کر کے تمام ہوائی اڈوں پر فضائی حدود دوبارہ کھول دی گئیں۔امریکی محکمہ داخلہ کے سربراہ نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق اس تعطل کے پیچھے کسی دہشت گردانہ حملے کے شواہد نہیں ملے تاہم سائبر حملے کے امکان کو مکمل طور پر رد نہیں کیا جاسکتا۔ ہوائی اڈوں پر پھنسے مسافروں نے کہا کہ انہیں بروقت معلومات فراہم نہ کیے جانے کے باعث شدید پریشانی اٹھانا پڑی جبکہ ایئر لائنز نے پروازوں کا شیڈول معمول پر لانے کے لیے ہنگامی اقدامات شروع کردیے۔

بقیہ 41

احکامات پر نیلام کیا گیا۔ نیلامی کے لیے جاری اشتہار میں طیارے کی محفوظ بولی 4لاکھ امریکی ڈالر مقرر کی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق طیارہ 29اگست 2017ء سے سیالکوٹ ایئرپورٹ پر کھڑا تھا جس پر لاکھوں روپے کے واجبات بھی تھے جو نیلامی کی رقم سے وصول کرلیے گئے۔

بقیہ 42

سے واقف ذرائع کا کہنا ہے کہ اس مرحلے پر سابق وزیراعظم کیلئے کسی ریلیف اور نہ ہی خیبر پختونخوا میں موجودہ سیاسی انتظام میں کسی تبدیلی پر بات چیت کی گنجائش ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سہیل آفریدی کی بطور وزیراعلی واپسی سے متعلق کسی تجویز پر غور نہیں کیا جارہا۔ ذرائع نے بتایا کہ اگرچہ عمران خان کی بہنوں کی شمولیت سے رابطوں کا ایک نیا راستہ کھلا ہے تاہم اس کا یہ مطلب نہیں کہ حکام ان 2 معاملات پر اپنے موقف پر نظرثانی کیلئے تیار ہیں لہذا، ان رابطوں کے نتیجے میں سامنے آنے والی کسی بھی مفاہمت کو ان حدود کے اندر رہنا ہوگا جن میں عمران خان کی سیاسی اور قانونی حیثیت یا خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کو چھیڑے بغیر بات چیت ممکن ہو۔ تاہم، بشری بی بی سے متعلق صورتحال مختلف ہے۔

بقیہ 43

پڑا۔وزارت خزانہ کی دستاویزات کے مطابق پہلی سہ ماہی میں وفاق کی جانب سے پنجاب کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت 942ارب روپے منتقل کیے گئے، پنجاب کی مجموعی آمدن 1ہزار 117ارب روپے جبکہ اخراجات 784ارب روپے ریکارڈ کیے گئے، اس طرح پنجاب نے جولائی سے ستمبر کے دوران 333ارب روپے کا بجٹ سرپلس دیا۔دستاویزات کے مطابق سندھ کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت 479ارب روپے منتقل کیے گئے، صوبے کی مجموعی آمدن 690ارب روپے اور اخراجات 509ارب روپے رہے، جس کے نتیجے میں سندھ نے پہلی سہ ماہی کے دوران 180ارب روپے کا سرپلس حاصل کیا۔اسی طرح خیبر پختونخوا کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت 314ارب روپے فراہم کیے گئے، صوبے کی مجموعی آمدن 413ارب روپے جبکہ اخراجات 311ارب روپے ریکارڈ ہوئے، خیبر پختونخوا نے جولائی سے ستمبر کے دوران 102ارب روپے کا بجٹ سرپلس دیا۔

بقیہ 44

لیے ایک سلیپر سیل نیٹ ورک قائم کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔یہ کارروائی ہفتہ کو علی الصبح جنین کے

قریب واقع قصبے عرابہ میں کی گئی۔اسرائیلی فوج کے بیان کے مطابق کارروائی میں بیرااٹروپرز بریگیڈ کے ریکونیسنس یونٹ، دیودوان کمانڈو یونٹ اور سرحدی پولیس کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔فوج کے مطابق اہلکاروں نے ایک وقت قصبے کی 10مختلف عمارتوں پر چھاپے مارے اور تقریبا 30منٹ کے اندر تمام 10افراد کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 45

کے ویزوں کا اجرا ملتوی ہوگیا ہے، مصر اور ایران کے ممتاز قراء عالمی مقابل حسن قرآت میں بطور جج شرکت کریں گے۔ پاکستان کی نمائندگی معروف بین الاقوامی قاری سید صداقت علی کریں گے۔عالمی مقابلہ حسن قرآت کے تمام سفری وانتظامی انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔

بقیہ 46

مبینہ طور پر پستول لے کر اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کررہا تھا اور خودکشی کی دھمکی دے رہا تھا۔اس صورتحال کے باعث پل پر ٹریفک معطل ہوگئی اور کئی لینز بند کرنا پڑیں۔ترک پولیس کے ماہر مذاکرات کاروں اور افسران نے تقریبا ڈیڑھ گھنٹے تک اس سے بات چیت کی۔صبح تقریبا 11:45 پر ایک افسر نے قریب جا کر اسے ہتھیار نیچے رکھنے اور نیچے اترنے پر راضی کرلیا۔

بقیہ 47

سینکڑوں افراد کی جمعیت علما اسلام نظریاتی میں شمولیت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے مولانا قاری مہراللہ، ضلعی امیر کوئٹہ مولانا نیاز محمد، جنرل سیکرٹری آغا ابراہیم شاہ اور جنرل سیکرٹری طلبا حافظ امین اللہ نے کہا کہ قوم اسلام کی سربلندی اور اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد میں ان کا ساتھ دے۔ان کے مطابق جاگیرداروں اور سرمایہ داروں نے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر ان کا استحصال کیا، جبکہ موجودہ جاگیردارانہ پالیسیوں کے باعث غریب عوام مشکلات کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ قوم موجودہ نظام کی تباہ کاریوں اور بحرانوں سے پریشان ہوکر متبادل نظام کی تلاش میں ہے، اس لیے ملک میں اسلام کا عادلانہ نظام نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 48

کرتے ہوئے محمد ممتاز، شوکت اور محمد اکرام کو گرفتار کرلیا، جب کہ مکان میں موجود زیر زمین ٹینک سے 1431 لیٹر کروڈ آئل برآمد ہوا۔آئل فیلڈ کے سینئر ایگزیکٹو ایڈمن شاہد احمد کی مدعیت میں درج مقدمے کے مطابق مین سپلائی لائن سے مجموعی طور پر 1100 بیرل کروڈ آئل چوری کیا گیا، جس کی مالیت 2 کروڑ 32 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔مقدمے میں مکان کے نگران شاہ محمد سمیت ساجد، اختر، حفظ الرحمان اور زاہد کو بھی آئل چوری میں ملوث قرار دیا گیا ہے۔ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 49

مشاورتی نظام کے تحت تجارتی کونسل کا پہلا اجلاس گزشتہ روز ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوا۔ بیان کے مطابق اجلاس میں فریقین نے گزشتہ تجارتی مشاورت کے نتائج پر عمل درآمد کے حوالے سے تعمیری بات چیت کی۔دونوں جانب سے 30، 30 ارب ڈالرز کے باہمی ٹیرف میں کمی کے انتظامات، زرعی تجارت اور دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔چینی وزارت تجارت کے بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک کی تجارتی خدشات دور کرنے، باہمی تعاون کو وسعت دینے اور تصفیہ طلب مسائل کو کم کرنے کے لیے اس کونسل کا استعمال جاری رکھیں گے۔

بقیہ 50

تمیم بن حمد الثانی نے کی۔ دونوں ممالک کی جانب سے جاری کردہ مشترکہ اعلامیے کے مطابق اس معاہدے کے تحت بیرونی خطرات اور جارحیت سے نمٹنے کے لیے باہمی دفاعی تعاون، مشترکہ عسکری مشقوں، سکیورٹی مشاورت اور جدید دفاعی ٹیکنالوجی کے تبادلے کو فروغ دیا جائے گا۔اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ترکیہ اور قطر نہ صرف دفاعی شعبے میں ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے بلکہ توانائی، تجارت، تعلیم اور سفارت کاری کے میدانوں میں بھی شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جایا جائے گا۔سیاسی ودفاعی مبصرین کے مطابق مشرق وسطی کی موجودہ کشیدہ صورتحال میں انقرہ اور دوحہ کے درمیان ہونے والا یہ دفاعی اشتراک علاقائی استحکام کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 51

سے مقبول ہورہی ہے۔ پارٹی کی بڑھتی ہوئی سیاسی قوت اور عوامی پذیرائی اس بات کا ثبوت ہے کہ اب نیشنل پارٹی کا راستہ روکنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان شاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب نیشنل پارٹی بلوچستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت بن کر ابھرے گی۔ انہوں نے خضدار پریس کلب میں شاندار شمولیتی اجتماع میں نگری حاجی عبدالصمد محمد حسنی کی قیادت میں سینکڑوں سیاسی کارکنوں، عزیز و اقارب اور مختلف سیاسی و سماجی شخصیات کی نیشنل پارٹی میں شمولیت کو پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہوئے اسے بلوچستان کی موجودہ مخدوش سیاسی صورتحال میں تازہ ہوا کا جھونکا قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک واضح نظریاتی سمت، مضبوط سیاسی مؤقف اور عوامی حقوق کے تحفظ کے ایجنڈے کے ساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 52

مطابق لبنانی فوج کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ سکیورٹی فورسز کو علاقے میں اسلحے کے خفیہ ذخیرے کی موجودگی سے متعلق مصدقہ اطلاعات ملی تھیں جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے پورے علاقے کا محاصرہ کر کے تلاشی لی گئی۔فوجی حکام کا کہنا تھا کہ ملک کے اندرونی استحکام کو برقرار رکھنے اور غیر قانونی گروہوں کی جانب سے ہتھیاروں کی ترسیل کو روکنے کے لیے سرحدی راستوں اور حساس علاقوں میں نگرانی مزید سخت کردی گئی ہے۔سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ برآمد ہونے والے اسلحے کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے اور اس ڈپو کے پس پردہ موجود نیٹ ورک کا سراغ لگانے کے لیے خفیہ اداروں نے تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ 53

مشیر احمد خان غوری پر حملہ کرنے والا دہشت گرد طالبان انٹیلی جنس کا ایجنٹ نکلا۔ ایراف کے مطابق کیم نومبر کو احمد خان غوری کو نشانہ بنانے والے خودکش بمبار کو کابل سے براہ راست احکامات موصول ہوئے تھے، طالبان انٹیلی جنس کے ایجنٹ نے بطور مہمان رسائی حاصل کرکے سابق افغان صدارتی مشیر کی رہائش گاہ میں دھماکہ کیا تھا۔ایراف کے مطابق اس سے قبل بھی طالبان سرحد پار دہشت گردی کے ذریعے ایران میں موجود سیاستدان اور معروف غلامی اور سابق افغان جنرل اکرم الدین سری کو نشانہ بنا چکے ہیں،افغان جریدے افغانستان انٹرنیشنل کے مطابق اس سے افغان طالبان عہدیدار محمد نبی عمری اور سعید خوستی بیرون ملک موجود مخالفین کو قتل کرنے کی دھمکیاں دے چکے ہیں۔

بقیہ 54

دہشت گردی، قرضے، پیٹرول، بجلی، گیس، عدالتی نظام اور بیڈ گورننس۔خصوصی گفتگو کرتے ہوئے میاں جاوید لطیف نے مزید کہا کہ اگر ریفرنڈم یا سروے کروانا ہے تو عوام کے سامنے دونوں پہلو رکھیں اور پوچھیں کہ انہیں نئے صوبے چاہئیں یا روزگار، دو وقت کی روٹی، انصاف، قرضوں سے نجات اور دہشت گردی سے پاک پاکستان۔اگر نئے صوبوں سے 45% غربت کم ہو، مہنگائی گھٹے اور قرضے اتریں تو کل کے بجائے آج بنالیں۔ 73 کا متفقہ آئین بنا اور اب تک 27ترامیم ہوچکیں، کیا ان سے عام آدمی کی زندگی بہتر ہوئی؟ اگر نہیں، تو نئے صوبوں سے کیسے ہوگی؟ سوال یہ بھی ہے کہ فائدہ کس کا اور نقصان کس کا ہوگا۔

بقیہ 55

ہونے والے تاریخی نسخے کا حتمی فیصلہ ابھی نہیں کیا گیا۔نومنتخب امریکی سینیٹر عبدالسید نے امریکی میڈیا کو انٹرویو میں اپنے فیصلے کی تصدیق کی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ حلف برداری کی تقریب کے لیے قرآن پاک کے دو تاریخی نسخوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے پر غور کررہے ہیں۔ان میں پہلا نسخہ سابق امریکی صدر تھامس جیفرسن کا تاریخی قرآن ہے، جو امریکی کانگریس کی لائبریری میں محفوظ ہے۔ اسی نسخے پر 2007میں امریکی ایوان نمائندگان کے پہلے مسلمان رکن کیتھ ایلیسن نے رکنیت کا حلف اٹھایا تھا۔دوسرا امکانہ انتخاب یونیورسٹی آف مشی گن میں محفوظ قرآن پاک کا ایک قدیم نسخہ ہے۔ عبدالسید کے مطابق ابھی یہ طے نہیں ہوا کہ ان دونوں میں سے کون سا نسخہ حلف برداری کے موقع پر استعمال کیا جائے گا، تاہم وہ قرآن پاک پر ہی حلف اٹھائیں گے

بقیہ 56

سے ایک شخص کو ذیابیطس کا عارضہ لاحق ہے اور یہ وہ بیماری ہے جس میں احتیاط نہ کرنا دیگر امراض کا سبب بنتا ہے لہذا بڑھتی عمر کے ساتھ شوگر کے ٹیسٹ کو یقینی بنانا اور صحت مند زندگی کے لیے روزانہ واک کرنا سب سے اہم اور ضروری عنصر ہے۔ ڈاکٹرز کے مطابق ذیابیطس صرف انسولین کے نہ بننے یا کم بننے تک محدود نہیں بلکہ یہ آنکھوں، گردوں اور دل کی بیماریوں کا بھی سبب بن سکتی ہے۔پاکستان میں 33.5 فیصد تقریبا ساڑھے 3 کروڑ لوگ ذیابیطس کا شکار ہیں جن کی عمر 18سال سے اوپر ہے۔ماہرین نے مشورہ دیا ہے کہ ہم کم از کم 30منٹ تک چلنے کو معمول بنائیں، گھر کا کھانا کھائیں اور باہر کے کھانے سے اجتناب کریں۔ہر سال 14 نومبر کو ذیابیطس سے بچا کا عالمی دن منایا جاتا ہے، ماہرین طب کا کہنا ہے کہ احتیاط، متوازن غذا اور روزانہ کی جسمانی سرگرمی اس مرض کے خطرات کم کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔

بقیہ 57

حوالے سے رپورٹ میں بتایا ہے کہ وسط مدتی انتخابات کے بعد صدر ٹرمپ کو روزانہ کئی مرتبہ انٹیلی جنس بریفنگ دی جارہی ہے، جن میں ایران سے متعلق صورت حال بھی شامل ہے۔رپورٹ میں عہدیدار کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ اب یہ بات واضح ہوتی جارہی ہے کہ ٹرمپ فی الحال دوبارہ جنگ کی طرف نہیں جانا چاہتے۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق امریکی انتظامیہ نے ایران کے ساتھ جاری تنازع میں ایک درمیانی راستہ اختیار کیا ہے، جس کے تحت فی الحال نہ نئی جنگ شروع کی جارہی ہے، نہ مذاکرات کا آغاز ہورہا ہے اور نہ ہی کسی مستقل امن معاہدے کی پیش رفت سامنے آئی ہے۔رپورٹ کے مطابق ایران کے ساتھ تنازع آٹھویں ماہ میں داخل ہوچکا ہے، جبکہ واشنگٹن تہران پر معاشی اور فوجی دبا برقرار رکھے ہوئے ہے۔تاہم یہ موقف امریکی میڈیا رپورٹ میں ایک نامعلوم سرکاری عہدیدار کے بیان پر مبنی ہے، وائٹ ہاؤس کی جانب سے اس بارے میں باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 58

(س) کو قتل کردیا اور موقع واردات سے فرار ہوگیا واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور لاش اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس نے ورثاء کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے ملزم کی تلاش شروع کردی گئی۔

بقیہ 59

شائستگی کے منافی ہیں۔ سیاسی قیادت کو دبا میں لانے، اس کے موقف کو مشکوک بنانے اور عوامی سطح پر اس کی ساکھ مجروح کرنے کے لیے اختیار کیے جانے والے ہتھکنڈے کسی مہذب جمہوری معاشرے سے مطابقت نہیں رکھتے، اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے اور سیاسی اختلاف کا جواب دلیل، مکالمے اور آئینی طرز عمل سے دیا جانا چاہیے، نہ کہ انتقامی کارروائیوں اور منفی پروپیگنڈے سے۔

بقیہ 60

اقدامات سے ممکن ہے۔سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے دوروزہ جنیوا میں منعقد ہونے والی انٹر پارلیمانی یونین (آئی پی یو) کی عالمی پارلیمانی کانفرنس برائے انسانی حقوق میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ کانفرنس کا موضوع ''بحرانوں اور تبدیلیوں کے دور میں انسانی حقوق کا تحفظ، پارلیمان کی ذمہ داری'' تھا۔کانفرنس کے دوران سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بنیادی آزادیوں کے تحفظ، انسانی وقار کے فروغ اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے وعدوں کو مؤثر قومی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے پارلیمان کے کردار کو مزید مضبوط بنانے سے متعلق مباحثوں میں حصہ لیا۔کانفرنس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ انسانی حقوق کا مؤثر تحفظ صرف قانون سازی اور آئینی ضمانتوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ ان پر عملی عملدرآمد، ادارہ جاتی جوابدہی اور انصاف تک رسائی کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔

بقیہ 61

ہوگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پولیس نے بتایا ہے کہ منی بس میں سوار بیشتر افراد کالج کے طالب علم تھے، جو اپنی کلاس ختم ہونے کے بعد گھروں کو واپس جا رہے تھے کہ قازیگار کے قریب ان کی گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی۔رپورٹس کے مطابق منی بس گولاگھاٹ سے ناگاں کی جانب جارہی تھی جبکہ ٹرک آسام کی طرف رواں دواں تھا۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ حادثے میں مزید افراد کی ہلاکت کا بھی خدشہ ہے جبکہ حادثے کی تحقیقات کا آغاز بھی کردیا گیا ہے۔

بقیہ 62

لطیف کھوسہ نے چودھری پرویزالہی کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ہونے والی حالیہ ملاقات کے حوالے سے آگاہ کیا، دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال بھی ہوا۔اس موقع پر چوہدری پرویزالہی نے کہا کہ عمران خان سے ہونے والی حالیہ ملاقات ایک اچھا اور خوش آئند اقدام ہے، خطے میں تیزی سے تبدیل ہوتے حالات کا تقاضا ہے کہ ملک کے اندر بھی سیاسی ڈیڈ لاک ختم ہو کیونکہ موجودہ صورتحال کسی کے مفاد میں نہیں۔انہوں نے کہا کہ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہنا چاہیے، سردار لطیف کھوسہ ایک انتہائی تجربہ کار اور منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، ان کی سیاسی بصیرت پارٹی کے لیے اہمیت کی حامل ہے۔ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے آئندہ لائحہ عمل اور حکمت عملی پر بھی مشاورت کی۔

بقیہ 63

کی تعداد کم کرنے کی ضرورت ہے، کیونکہ عمومی طور پر ایک صارف بیک وقت دو سے تین وائس سمز ہی استعمال کرتا ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ وائس سمز کی تعداد کم کر کے ڈیٹا سمز کی تعداد بڑھانے کی تجویز بھی زیر غور ہے، فائیو جی ٹیکنالوجی کی آمد کے بعد آئی او ٹی

سروسز کے لئے ڈیٹا سمز کی زیادہ تعداد درکار ہوگی۔پی ٹی اے حکام کے مطابق اس وقت ایک شناختی کارڈ پر پانچ وائس اور تین ڈیٹا سمز سمیت مجموعی طور پر آٹھ سمز جاری کرنے کی اجازت ہے، سمز کی تعداد میں مجوزہ تبدیلی پر موبائل فون کمپنیوں سے مشاورت کی جائے گی۔

بقیہ 64

دی۔بانی کے خلاف مقدمات تھانہ ٹیکسلا، نصیرآباد، نیوٹاؤن، وارث خان، سٹی، سول لائنز میں درج ہیں، بانی کے وکیل محمد فیصل ملک عدالت میں پیش ہوئے، درخواست ضمانتوں پر سماعت اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ نے کی۔بانی پی ٹی آئی کے خلاف 28 ستمبر اور 4اکتوبر 2024 کے احتجاج پر 7 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 65

کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نواں کلی کوئٹہ کے افتتاح کے موقع پر کیا۔اس موقع پر ادارے کی سربراہ انیلا خان نے صوبائی وزیر کو سینٹر کی مختلف سرگرمیوں، تربیتی پروگراموں اور خواتین کو فنی مہارتیں سکھانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔صوبائی وزیر نے سینٹر میں زیر تربیت اور مقامی خواتین کی جانب سے تیار کردہ دستکاری، کھانے پینے کی اشیاء، زیورات اور دیگر مصنوعات کا معائنہ کیا اور خواتین کی تخلیقی صلاحیتوں اور فنی مہارتوں کو سراہا۔بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ خواتین کو ہنرمند بنانے کے لیے ایسے تربیتی اداروں کا قیام انتہائی اہمیت رکھتا ہے، جو انہیں باعزت روزگار حاصل کرنے اور اپنا کاروبار شروع کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ 66

عقیدت واحترام سے منایا گیا اس سلسلے میں جہانیاں سمیت ملک بھر میں مساجد اور امام بارگاہوں میں تقریبات و مجالس عزاء کا اہتمام کیا گیا جس سے خطاب کے دوران علماء کرام، ذاکرین، خطیب حضرات اور مقررین نے خاتون جنت حضرت بی بی فاطمہ الزہرا کی حیات مبارکہ اور اسلام کی سربلندی کیلئے دی گئی قربانیوں اور سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی جبکہ ملک بھر کے دوسرے شہروں کی طرح تحصیل جہانیاں میں بھی حضرت بی بی فاطمہ الزہرا کا یوم وصال عقیدت واحترام سے منایا گیا اس سلسلے میں امام بارگاہ حسینیہ میں مجلس عزاء منعقد کی گئی۔سیدۃ النساء، خاتون جنت حضرت فاطمہ الزہرا حضور نبی کریم ﷺ اور سیدہ خدیجۃ الکبری کی صاحبزادی تھیں آپ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زوجہ تھیں آپ کے مشہور القاب زہرا، سیدۃ النساء، خاتون جنت اور بتول ہیں آپ جنت میں عورتوں کی سردار ہیں۔

بقیہ 67

معاہدے کی توقع نہیں ہے۔ قبل ازیں امریکی جریدے نیویارک پوسٹ نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ چین کے شہر شینزن میں جمعرات کو تینوں عالمی رہنماؤں کی ملاقات ہونے کا امکان ہے۔رپورٹ میں کہا گیا کہ ملاقات میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول پر بات چیت متوقع ہے، شمالی کوریا، یوکرین اور ایران سے متعلق امور پر بھی بات چیت ہونے کا امکان ہے۔امریکا، چین اور روسی صدور کی مابین متوقع ملاقات کو 1945 میں دوسری جنگ عظیم کے بعد امریکی صدر فرینکلن روزویلٹ، برطانوی وزیراعظم ونسٹن چرچل اور روسی رہنما جوزف اسٹالن کے درمیان ہونے والی یالٹا کانفرنس سے جوڑا جارہا ہے، جس میں یورپ کی نئی حد بندیاں کرنے پر اتفاق کیا گیا تھا۔یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے بھی ٹرمپ، شی جن پنگ اور پیوٹن کے درمیان متوقع ملاقات کو یالٹا کانفرنس سے جوڑتے ہوئے اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور کہا کہ شینزن 21ویں صدی کیلئے یالٹا طرز پر عالمی اثر ورسوخ کے دائروں کی نئی تقسیم کا معاہدہ ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 68

کسی کی نیت پر شک نہیں کرتے، سب ملک سے مخلص ہیں، لیکن ترجیحات کا تعین ضروری ہے۔انتظامی یونٹ بننے میں کوئی حرج نہیں، اس سے گورننس بہتر ہوسکتی ہے اور کسی کو ملتان سے لاہور یا لاڑکانہ سے کراچی نہیں جانا پڑے گا، مگر عوام کے اصل مسائل پہلے ہیں: مہنگائی، بے روزگاری، دہشت گردی، قرضے، پیٹرول، بجلی، گیس، عدالتی نظام اور بیڈ گورننس۔خصوصی گفتگو کرتے ہوئے میاں جاوید لطیف نے مزید کہا کہ اگر ریفرنڈم یا سروے کروانا ہے تو عوام کے سامنے دونوں پہلو رکھیں اور پوچھیں کہ انہیں نئے صوبے چاہئیں یا روزگار، دو وقت کی روٹی، انصاف، قرضوں سے نجات اور دہشت گردی سے پاک پاکستان۔اگر نئے صوبوں سے 45% غربت کم ہو، مہنگائی گھٹے اور قرضے اتریں تو کل کے بجائے آج بنالیں۔

بقیہ 69

رسائی بجلی پہنچانا ہے۔ ہفتہ کو پینکر لیڈ سولر ریولوشن سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ شمسی توانائی کا فروغ پاکستان کے برقی نظام کو زیادہ شمولیتی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔انہوں نے کہا کہ مقامی سطح پر بجلی کی پیداوار سے نہ صرف توانائی کے شعبے میں خودانحصاری بڑھے گی بلکہ عام شہری بھی توانائی کے نظام کا فعال حصہ بن سکیں گے۔ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ شمسی توانائی کے استعمال سے گھریلو صارفین کے بجلی کے بلوں میں نمایاں کمی لانے میں مدد ملے گی جبکہ بالخصوص دیہی علاقوں میں سولر سسٹمز کی فراہمی سے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی آئے گی

بقیہ 70

خیر مقدم کرتے ہوئے اجلاس کی کارروائی کو نتیجہ خیز بنانے کی امید ظاہر کی ہے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں 15اور 16نومبر کو منعقد ہونے والے اجلاس میں شرکت کے لیے آنے والے تمام وزرائے خارجہ اور معزز مندوبین کو خوش آمدید کہتے ہیں۔نائب وزیراعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ اجلاس میں تعمیری اور نتیجہ خیز تبادلہ خیال ہوگا اور تمام رکن ممالک علاقائی تعاون کو مضبوط بنانے اور مشترکہ ترجیحات کو آگے بڑھانے کے لیے مل کر کام کریں گے۔

بقیہ 71

کلیدی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ بہتر سڑکیں اور معیاری تعمیراتی منصوبے نہ صرف عوام کو آمدورفت کی سہولت فراہم کرتے ہیں بلکہ تجارت، تعلیم، صحت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں'یہ بات انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہی'انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے تمام علاقوں میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی اور ان پر عملدرآمد ضروری ہے۔حکومت کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کو عوامی مفاد میں استعمال کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات صوبے کے دور دراز علاقوں تک پہنچائے جائیں۔میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔متعلقہ حکام اور افسران کی ذمہ داری ہے کہ وہ منصوبوں کی نگرانی مؤثر انداز میں کریں، تعمیراتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی کی صورت میں ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔

بقیہ 72

میں کھیلے گئے فائنل میں بھارت کی ٹیم نے 338 رنز کا ہدف 9وکٹوں کے نقصان پر 50اوورز میں

حاصل کیا۔بھارت کی جانب سے کپتان کشیا رائے چندانی 80رنز بنا کر نمایاں رہے۔آریاور سہواگ 58، منال چوہان 47، وی کے دینیتھ 24، انوے ڈراوڈ19، ارجن راجپوت16، یشمردن چوہان9، آریان سوسانی 9اور کاویا پریش پٹیل 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔

بقیہ 73

ریکارڈ پیش نہیں کر رہی۔عدالت نے ضمانت پر سماعت 18نومبر تک ملتوی کردی۔عدالت نے پراسیکیوشن کو مقدمہ کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم دے دیا ۔انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل نے سماعت کی۔ شاہ محمود قریشی نے جیل سے بعد از گرفتاری ضمانت دائر کررکھی ہے۔ جناح ہاؤس کے قریب پولیس کی گاڑیاں جلانے کے مقدمہ میں ضمانت دائر ہے۔تھانہ سرور روڈ میں نو مئی کا مقدمہ نمبر 108/23درج ہے۔پی ٹی آئی رہنماؤں پر کارکنان کو فسادات پر اکسانے کا الزام ہے۔ شاہ محمود قریشی نومئی کے دیگر 6مقدمات میں بری ہو چکے ہیں۔

بقیہ 74

نئے مقدمے کی ضمانت دے۔رپورٹس کے مطابق تقریبا 2سال قبل جب بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکا میں مشتعل ہجوم نے شیخ حسینہ کی رہائش گاہ پر دھاوا بولا تو وہ بنگلا دیشی فوجی طیارے کے ذریعے بھارت پہنچی تھیں۔رپورٹ کے مطابق اب انہوں نے دسمبر میں بنگلا دیش واپس جانے کا اعلان کیا ہے۔اطلاعات کے مطابق نئی دہلی اس منصوبے سے اتفاق کرتا ہے، تاہم وہ عوامی لیگ کی سربراہ کی سلامتی اور انہیں منصفانہ ٹرائل کا موقع فراہم کرنے سے متعلق بعض ضمانتیں چاہتا ہے

بقیہ 75

الاقوامی سرمایہ کاری کا مرکز بنایا جائے، اس مقصد کے حصول کے لیے حکومت بلوچستان اور سرمایہ کاری بورڈ مختلف اقدامات کر رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے 2026BITE کے حوالے سے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور مختلف تجارتی و کاروباری اداروں کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان مفاہمتی یادداشتوں میں کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، کوئٹہ چیمبر آف سال انڈسٹریز، ویمن چیمبر آف کامرس اور پاک ایران جوائنٹ چیمبر آف کامرس شامل ہیں

بقیہ 76

موقف اختیار کیا گیا کہ ڈاکٹر یاسمین راشد 10 مئی 2023 سے مختلف مقدمات میں گرفتار ہیں اور کینسر و دے کے امراض میں مبتلا ہیں۔سموگ کے باعث ان کی طبیعت انتہائی خراب ہوچکی ہے جبکہ جیل میں ان کے بنیادی حقوق بھی سلب کیے جا رہے ہیں۔درخواست کے مطابق ڈاکٹرز نے یاسمین راشد کو ہائیڈروتھراپی اور فزیوتھراپی تجویز کی ہے تاہم جیل میں ہونے کے باعث ان کا مناسب علاج نہیں ہو پا رہا۔

بقیہ 77

ایک پتھر تک نہیں پھینکا بلکہ خاموشی سے سامراجی تسلط قبول کیا۔مولانا ہدایت الرحمن نے اپنے حالیہ سوشل میڈیا بیانات اور ٹی وی انٹرویوز میں دعوی کیا تھا کہ نواب خیر بخش مری کے والد سردار مہراللہ مری نے 1885 میں برطانوی حکمران رابرٹ سنڈیمن کے ساتھ مریستان کے معدنی وسائل کا سودا کیا تھا۔اس حوالے سے نوابزادہ گزین مری نے اپنے تفصیلی بیان میں کہا کہ مولانا ہدایت الرحمن کو تاریخی موضوع پر گفتگو سے پہلے نواب خیر بخش مری کے خاندان کا درست شجرہ نسب سامنے رکھنا چاہیے۔ان کے خاندان میں دو مہر اللہ مری اور دو خیر بخش مری)اول و دوم (گزرے ہیں۔نواب خیر بخش مری دوم ان کے والد جبکہ خیر بخش مری اول ان کے پردادا تھے۔ان کے بقول مولانا اپنے بیانات میں مہراللہ مری اول کی طرف اشارہ کررہے ہیں، جن کا تعلق خیر بخش مری اول سے تھا، نہ کہ ان کے والد نواب خیر بخش مری سے۔انہوں نے کہا کہ برطانوی تحریروں میں سردار مہر اللہ ولد نور محمد کا ذکر ملتا ہے، جبکہ خیر بخش مری اول نے انگریز کی بگی کھینچنے سے بھی انکار کیا تھا۔کسی تاریخی موضوع پر گفتگو سے پہلے تحقیق ضروری ہے تا کہ شجرہ نسب اور تاریخی حقائق درست طور پر سامنے آسکیں۔نوابزادہ گزین مری نے مبینہ معاہدے کے حوالے سے کہا کہ اس کا ذکر ایک برطانوی کتاب تک محدود ہے، جس میں معاہدے کا پس منظر عسکری حکمت عملی سے متعلق بتایا گیا ہے۔

بقیہ 78

تھے اور ربیع کینال میں زرعی پانی کی فراہمی کا مطالبہ کررہے تھے احتجاجی ریلی کے شرکاء نے محکمہ ایریگیشن کے دفتر کے سامنے دھرنا دیا اور جلسہ منعقد کیا۔ احتجاجی دھرنے میں زمینداروں کسان اتحاد کے نائب صدر میرانا خان مغیری، معروف زمیندار میر خالد لہڑی، میر عبدالرشید پرکانی، حاجی رحمت اللہ بنگلزئی، میر قدیر بنگلزئی، میر جاگن خان مغیری، الہی بخش جنگ، شبیر احمد پرکانی عبدالرحمن پرکانی، حاجی محمد عالم پرکانی سمیت بڑی تعداد میں زمینداروں اور کسانوں نے شرکت کی

بقیہ 79

شمولیتی پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے۔ بلوچستان کو نوگو ایریا قرار دینے کا تاثر پارٹی کے جلسوں اور شمولیتی تقریبات سے غلط ثابت ہوتا ہے۔ پارٹی میں گروپ بندی کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی اور انتشار واشتعال انگیزی کو فروغ دینے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں مسلم لیگ (ن) کے صوبائی خواتین کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر خواتین ونگ کی جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی اختر بی بی، حیدر خان اچکزئی، شاکر محمد حسنی، نثار خان اچکزئی، طارق گل، مریم ناہیدہ، فریدہ بلوچ، جہانگیر شاہ سمیت پارٹی رہنماں، عہدیداروں اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 80

کے خلاف بیان بازی برا نہیں، بہت دکھ ہوا ہے، پارٹی کو موجودہ مشکلات سے نکالنے کے لیے باہمی مفاہمت اور اتحاد ناگزیر ہے۔ پس پردہ رابطہ: بشری بی بی کے کیس پر بات چیت کا آپشن موجود، عمران کیلئے ریلیف اور کے پی کے معاملات پر کچھ زیر غور نہیں انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر پارٹی کو متحد رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں، اختلاف رائے کو اختلافات کا نام دینا درست نہیں، پی ٹی آئی ایک بڑی سیاسی جماعت ہے اور اس وقت اس کے بانی جیل میں ہیں، ایسے حالات میں پارٹی کے اندر اختلاف رائے ہونا فطری بات ہے۔

بقیہ 81

اور بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ 22نومبر کو کوئٹہ میں جماعت اسلامی کا جلسہ عام ہوگا، جس سے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن خصوصی خطاب کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بلوچستان کے عوام، نوجوانوں، طلبہ، علمائے کرام، تاجر برادری اور تمام مکاتب فکر سے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کی اپیل کی۔مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان بدامنی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہے۔ سرحدی تجارت کے راستے بند، شاہراہیں غیر محفوظ اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہیں، جبکہ عوام تعلیم، صحت، صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔

جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے بہادر شہدا کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائیگا، گورنر بلوچستان

قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ ہر قسم کی تخریب کاری اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں

جعفر مندوخیل کا دہشتگرد حملے کے نتیجے میں میجر عمر ناصر منہاس اور حوالدار محمد عدنان خان کی شہادت پر اظہارِ افسوس

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے بلوچستان کے علاقے گردگاپ اور کولپور کے گردونواح میں دہشتگردوں کے حملے کے نتیجے میں میجر عمر ناصر منہاس اور حوالدار محمد عدنان

بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

پاکستان میں پیٹرول پر تاریخ کی سب سے زیادہ لیوی وصولی کا انکشاف

مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں حکومت نے پیٹرولیم لیوی کی مد میں 381 ارب 82 کروڑ وصول کیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی مالی سال کی ابتدائی سہ ماہی کے دوران پیٹرولیم لیوی کی ریکارڈ وصولی سامنے آئی ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ میں سرکاری دستاویزات کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی (یعنی جولائی سے ستمبر 2026) کے دوران حکومت نے پیٹرولیم لیوی کی مد میں 381 ارب 82 کروڑ روپے وصول کیے۔ دستاویزات میں درج اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں پیٹرولیم لیوی کی وصولی میں 10 ارب 21 کروڑ روپے کا

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر

ڈیرہ بگٹی، پنجاب جانے والی گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی سوئی گیس فیلڈ سے پنجاب کے لیے جانے والی گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے متعدد علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل ہو گئی پولیس کے مطابق ضلع ڈیرہ بگٹی سوئی گیس فیلڈ سے پنجاب کے لیے جانے والی چوبیس قطر انچ گیس پائپ لائن کو نامعلوم مسلح افراد نے چونگ نواز اباد کے مقام پر دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے پنجاب کے علاقے راجن پور صادق اباد رحیم یار خان ملتان

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

پاکستان اور ایتھوپیا کے درمیان تجارتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی ایتھوپین ہم منصب یاسمین وہابربی سے ورچوئل ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ایتھوپیا کے درمیان تجارتی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ یہ اتفاق رائے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی ایتھوپین ہم منصب یاسمین وہابربی سے ورچوئل ملاقات میں کیا گیا۔ وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان ایتھوپیا کے ساتھ تجارتی تعلقات مزید مستحکم کرنے کا خواہاں ہے، ایتھوپیا مشرقی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان ایتھوپیا ہم منصب کے ہمراہ مذاکرات میں شریک ہیں

ریاست کو چلانے کے لیے نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، مصطفیٰ کمال

موجودہ صوبے بیشتر ممالک سے رقبے میں بڑے ہیں، اختیارات اور وسائل نچلی سطح تک منتقل نہ ہونا سب سے بڑا مسئلہ ہے' وفاقی وزیر صحت

خاندان بڑھنے پر گھر میں نیا کمرہ بنانے سے گھر تقسیم نہیں ہوتا، اسی طرح نئے صوبوں کے قیام سے ملک تقسیم نہیں ہوگا' تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے چھوٹے صوبوں کا قیام کسی کی خواہش نہیں بلکہ پاکستان کی ضرورت ہے، ریاست کو بچانے اور چلانے کے لیے نئے صوبوں کا

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

معاشرے میں خواتین کے حوالے سے بہت سے تحفظات ہیں، حافظ نعیم الرحمان

پنجاب میں اس وقت 80 لاکھ بچیاں سکول نہیں جا رہیں، مریم نواز کا نظام بچیوں کو سکول نہیں بھیج رہا

لاہور (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ معاشرے میں خواتین کے حوالے سے بہت سے تحفظات ہیں، اگر معاشرے میں عدل ہو تو خواتین بہت سی پریشانیوں سے بچ سکتی ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے پاک انٹرنیشنل بزنس فورم کے زیر اہتمام ہمارا ہنر، ہماری پہچان کے عنوان سے منعقدہ خدیجۃ الکبریٰ نمائش سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں اس وقت افراتفری ہے، لوگوں کو حقوق نہیں مل رہے، امیر اور

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

بلوچستان بھر میں ڈی ایس پیز کے تبادلے کر دیئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بھر میں ڈی ایس پیز کے تبادلے کر دیئے گئے۔ سینٹرل پولیس آفس بلوچستان نے صوبے کے مختلف اضلاع اور پولیس یونٹس میں تعینات 82 پولیس افسران کے تبادلوں اور نئی تعیناتیوں کے احکامات جاری کر دیے

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

بنیادی اصلاحات کے بغیر چھوٹے انتظامی یونٹس نئی بادشاہتوں کو جنم دینگے، سعد رفیق

اصل مرض کی تشخیص، علاج کیے بغیر نئے تجربات اچھے اقدامات کو بھی متنازعہ بنا دیتا ہے' سینئر رہنما (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آئین، قانون، انصاف، جمہوری اصولوں کی روگردانی اور ہر مسئلے کے حل کے لئے محض طاقت کا استعمال، عام آدمی کو فائدہ پہنچا سکتا ہے نہ فرسودہ ریاستی نظام کو درست کر سکتا ہے، ان قباحتوں کو دور کیے بغیر سسٹم کی اصلاح ممکن ہو گی نہ کوئی ری سیٹ کام آئے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

سیالکوٹ ایئر پورٹ پر 9 سال سے کھڑا لاوارث بوئنگ 767 طیارہ نیلام

لاہور (این این آئی) سیالکوٹ ایئر پورٹ پر 29 اگست 2017ء سے موجود لاوارث بوئنگ 767 طیارہ بالآخر نیلام ہوگیا، فلائی جیٹ ایشیا ایئرویز کا طیارہ 4 لاکھ امریکی ڈالر سے زائد میں فروخت کیا گیا۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ طیارہ ساز کمپنی کے دیوالیہ ہونے کے باعث طیارہ ناقابل استعمال ہوگیا تھا جسے عدالتی

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

امریکہ بھر میں مواصلاتی نظام کی خرابی سے فضائی آپریشن مفلوج

چودہ ہزار سے زائد پروازیں متاثر' ساڑھے چار گھنٹے کی ملک گیر معطلی کے بعد فضائی حدود دوبارہ کھول دی گئیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ بھر کے ہوائی اڈوں پر مرکزی مواصلاتی نظام میں اچانک پیدا ہونے والی بڑی تکنیکی خرابی کے باعث فضائی آپریشن بری طرح مفلوج ہو کر رہ گیا ہے، جس کے نتیجے میں چودہ ہزار پانچ سو سے زائد پروازوں کا شیڈول متاثر ہوا جبکہ گیارہ سو سے زائد پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ امریکی ایوی ایشن حکام کے مطابق ملک گیر سطح پر

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار سے جے آئی سی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پسِ پردہ رابطے' بشریٰ بی بی کے کیس پر بات چیت کا آپشن موجود

عمران کیلئے ریلیف اور کے پی کے معاملات پر کچھ زیر غور نہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پی ٹی آئی اور حکام کے درمیان پسِ پردہ رابطوں کا عمل جاری ہے، جس کے نتیجے میں حال ہی میں عمران خان کی 2 بہنوں کو رہائی ملی، ایک واضح طور پر متعین دائرہ کار کے اندر آگے بڑھ سکتا ہے جبکہ 2 اہم سیاسی معاملات (عمران خان اور خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت) عملاً زیرِ بحث نہیں آئیں گے۔ پسِ پردہ رابطوں

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

رواں مالی سال این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبوں کو 1 ہزار 895 ارب روپے منتقل

اسلام آباد (آئی این پی) رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کے دوران وفاقی حکومت نے این ایف سی ایوارڈ کے تحت چاروں صوبوں کو مجموعی طور پر 1 ہزار 895 ارب روپے منتقل کیے، اس دوران پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا بجٹ سرپلس میں رہے جبکہ بلوچستان کو خسارے کا سامنا کرنا

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے سے 10 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

تمام گرفتار افراد کا تعلق فلسطینی تنظیم اسلامی جہاد سے تھا، اسرائیلی فوج کا دعویٰ

غزہ (این این آئی) قابض اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے کے شمالی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے 10 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا۔ اسرائیلی فوج کا دعویٰ ہے کہ گرفتار افراد کا تعلق فلسطینی تنظیم اسلامی جہاد سے تھا اور وہ اسرائیلی شہریوں کو نشانہ بنانے کے

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

عالمی فوجداری عدالت نے افغانستان میں امریکی افواج کے جرائم کی تحقیقات بند کردیں

دی ہیگ (این این آئی) عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) نے افغانستان میں امریکی فوجیوں اور امریکی خفیہ اداروں کے اہلکاروں پر مبینہ جنگی جرائم کے الزامات سے متعلق اپنی پرانی تحقیقات کا ریکارڈ باضابطہ طور پر بند کرنے کا حکم دیدیا ہے۔ عدالت نے فیصلہ کیا ہے کہ اب افغانستان میں 2021 کے بعد طالبان کی جانب سے مبینہ جرائم کی تحقیقات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق دی ہیگ میں قائم عالمی فوجداری عدالت کے ججوں کے مطابق استغاثہ یہ ثابت کرنے میں ناکام رہا کہ وہ طالبان سے متعلق الگ تحقیقات کے علاوہ افغانستان میں دیگر مبینہ جرائم کی مزید موثر تفتیش اور قانونی کارروائی کر سکتا ہے۔

دوسرا بین الاقوامی مقابلہ حسنِ قرأت 24 سے 26 نومبر اسلام آباد میں ہوگا

31 ممالک سے ممتاز قرا کرام کی نامزدگیاں موصول، انتظامات مکمل کر لئے گئے، ترجمان مذہبی امور

اسلام آباد (آن لائن) وزارت مذہبی امور کے زیرِ اہتمام عالمی مقابلہ حسنِ قرأت کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہوگئی ہیں۔ دوسرا بین الاقوامی مقابلہ حسنِ قرأت 24 سے 26 نومبر اسلام آباد میں ہوگا۔ عالمی مقابلہ حسنِ قرأت کے لیے 31 ممالک سے ممتاز قرا کرام کی نامزدگیاں موصول ہوئی ہیں۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق قراء کرام

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

راولپنڈی، آئل فیلڈ کی زیرزمین سپلائی لائن سے کروڑوں روپے کا کروڈ آئل چوری کرنیوالے ملزمان پکڑے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ دھمیال کے علاقے رنیال میں آئل فیلڈ کی زیرزمین سپلائی لائن سے کروڑوں روپے مالیت کے کروڈ آئل کی چوری کا انکشاف ہوا ہے۔ واردات کے لیے مین لائن کے قریب ایک مکان کرائے پر حاصل کیا گیا تھا، جہاں زیرزمین سرنگ کے ذریعے 181 فٹ طویل پائپ بچھائی گئی تھی۔ ملزمان ہائی پریشر مین سپلائی لائن سے کلیمپ کے ذریعے پائپ جوڑ کر کروڈ آئل چوری کرتے تھے۔ پولیس نے کارروائی

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

استنبول میں کنپٹی پر پستول رکھ کر پاکستانی کا اسرائیل کے خلاف انوکھا احتجاج

مذاکرات کے بعد پاکستانی شہری نیچے آیا تو ترک پولیس افسر نے گلے لگا کر حراست میں لے لیا

استنبول (این این آئی) استنبول میں کنپٹی پر پستول رکھ کر اسرائیل کے خلاف احتجاج پر پولیس نے پاکستانی شہری کو حراست میں لے لیا۔ استنبول کے مارٹرز برج پر 30 سالہ پاکستانی شہری نے پل پر کھڑی کار روک کر اس کی چھت پر پوزیشن سنبھالی۔ اس کے ہاتھوں میں ترک اور پاکستانی پرچم تھے، پاس کے نیچے اسرائیل کا پرچم رکھا ہوا تھا اور وہ ہاتھ میں

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

جمعیت نظریاتی میں قبائلی مشران سمیت سینکڑوں افراد کی شمولیت

ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے اسلامی نظام کا نفاذ ضروری ہے، قاری مہراللہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہراللہ نے کہا ہے کہ علما کرام اور قبائلی مشران سمیت سینکڑوں افراد کی جماعت میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ جمعیت علما اسلام نظریاتی عوام کی امیدوں کی آخری کرن بن چکی ہے، جبکہ صوبے بھر میں شمولیتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ سریاب میں قبائلی مشران سمیت

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

بروری پولیس نے لاکھوں روپے مالیت کی آئس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) بروری پولیس نے منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کی آئس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او بروری پولیس نے چیکنگ کے دوران ایک ملزم محمد سلیم کے قبضے سے 10 کلو آئس برآمد کرلی۔ اور اسکے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔



اسلام آباد، خواتین نمائش میں رکھے گئے قیمتی پتھروں کا معائنہ کر رہی ہیں

انڈر 19 ایشیا کپ فائنل، بھارت نے پاکستان کو شکست دیدی

337 رنز کے جواب میں، بھارتی ٹیم نے ہدف 9 وکٹوں کے نقصان پر آخری گیند پر حاصل کیا

مسقط (آئی این پی) انڈر 19 ایشیا کپ میں بھارت نے پاکستان کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 1 وکٹ سے شکست دے کر ٹائٹل جیت لیا۔ مسقط

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر



لاہور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں شمسی توانائی کے انقلاب کی راہ ہموار ہو رہی ہے، مصدق ملک

شمسی توانائی کا فروغ پاکستان کے برقی نظام کو زیادہ شمولیتی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان میں عوامی شمولیت کے ذریعے شمسی توانائی کا انقلاب برپا ہو رہا ہے جس کا مقصد ملک کے ہر گھر تک سستی، صاف اور قابل

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

نئے صوبوں کا محاذ کھولنا دانشمندی نہیں، میاں جاوید لطیف

انتظامی یونٹ بننے میں کوئی حرج نہیں، اس سے گورننس بہتر ہو سکتی ہے' رہنما (ن) لیگ

مانانوالہ (آن لائن) سابق وفاقی وزیر و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ ملک اس وقت داخلی اور خارجی دونوں محاذوں پر بڑے چیلنجز سے گزر رہا ہے، ایسے میں نئے صوبوں کا نیا محاذ کھولنا دانشمندی نہیں ہوگی۔ ہم

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

دخترِ رسولؐ، خاتون جنت یوم وصال عقیدت و احترام سے منایا گیا

علماء کرام، ذاکرین، خطیب حضرات اور مقررین نے خاتون جنت کی حیات مبارکہ پر روشنی ڈالی

جہانیاں (آن لائن) دخترِ رسولؐ، خاتون جنت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا یوم وصال 3 جمادی الثانی بمطابق 14 نومبر ہفتہ کو

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

صوبائی وزیر صحت نے ایم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نواں کلی کا افتتاح کردیا

خواتین کو ہنرمند بنا کر معاشی خودمختاری دینا حکومت کی اہم ترجیح ہے' بخت محمد کاکڑ کا خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ خواتین کو ہنرمند بنا کر معاشی طور پر خودمختار بنانا وقت کی اہم ضرورت اور حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، خواتین کو فنی تربیت، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر



کراچی، وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کے آفس کا افتتاح کر رہے ہیں

چوہدری پرویز الٰہی سے سردار لطیف کھوسہ کی ملاقات

ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے آئندہ لائحہ عمل اور حکمت عملی پر بھی مشاورت کی

لاہور (آئی این پی) مرکزی صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی سے پارٹی کے سینئر رہنما اور قانون دان سردار لطیف کھوسہ نے اہم ملاقات کی۔ سردار

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

انسانی حقوق کا تحفظ محض وعدوں سے نہیں، عملی اقدامات سے ممکن ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

ٹیکنالوجی میں ترقی انسانی وقار اور بنیادی آزادیوں کی قیمت پر نہ ہو' جنیوا میں انٹر پارلیمانی یونین سے خطاب

جنیوا (این این آئی) سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کا تحفظ محض وعدوں سے نہیں، عملی

بقیہ نمبر 60 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوامی مسائل کا حل اور بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، میر سلیم کھوسہ

حکومت کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کو عوامی مفاد میں استعمال کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات صوبے کے دور دراز علاقوں تک پہنچائے جائیں' وزیر مواصلات

صوبے میں مواصلات اور تعمیرات کے شعبوں کو موثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے' بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صوبے میں پائیدار ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ مواصلات اور تعمیرات کا شعبہ صوبے کی ترقی میں

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

اسحاق ڈار کا ای سی او وزرائے خارجہ کونسل اجلاس میں آنے والے مندوبین کا خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) وزرائے خارجہ کونسل کے 30 ویں اجلاس میں شرکت کیلئے اسلام آباد پہنچنے والے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور معزز مندوبین کا

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

صدر ٹرمپ چین میں شی جن پنگ اور پیوٹن سے ملاقات کریں گے، وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (آئی این پی) وائٹ ہاؤس نے تصدیق کی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ چین میں شی جن پنگ اور روسی ہم منصب ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات کریں گے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ترجمان وائٹ ہاؤس کا کہنا ہے کہ ملاقات میں جوہری ہتھیاروں میں کمی پر بات چیت ہوگی، جبکہ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ متوقع ملاقات میں کسی

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

گاڑیاں جلانے کے مقدمہ میں شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

پراسیکوشن نے مقدمہ کا ریکارڈ پیش کرنے کی مہلت طلب کی، عدالت کا پراسیکوشن کو مقدمہ کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم

لاہور (آئی این پی) جناح ہاؤس کے قریب پولیس کی گاڑیاں جلانے کے مقدمہ میں شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی ہوگئی۔ شاہ محمود قریشی کے وکیل رانا مدثر عمر دلائل کیلئے پیش ہوئے۔ پراسیکوشن نے مقدمہ کا ریکارڈ پیش کرنے کی مہلت طلب کی۔ وکیل نے موقف اختیار کیا کہ پراسیکوشن ضمانت کی اس درخواست کو لٹکانے کیلئے مقدمہ کا

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

شیخ حسینہ کی وطن واپسی کیلئے بھارت نے شرائط رکھ دیں

بھارت چاہتا ہے بنگلا دیشی فوج معزول وزیرِ اعظم کی واپسی کی نگرانی کرے' رپورٹ

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت نے بنگلا دیشی معزول وزیراعظم شیخ حسینہ کی دسمبر میں واپسی کے لئے شرائط رکھ دیں۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت چاہتا ہے کہ بنگلا دیشی فوج معزول وزیرِ اعظم کی واپسی کی نگرانی کرے اور ڈھاکا انہیں

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، ورکرز ای سی او وزراء خارجہ اجلاس کی تیاریوں میں مصروف ہیں

بلوچستان کو ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کا مرکز بنایا جائیگا، بلال کاکڑ

بلوچستان میں معدنیات، زراعت، لائیواسٹاک، ماہی گیری، توانائی، سیاحت اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں

مختلف چیمبرز کے ساتھ ہونے والے معاہدوں کا مقصد باہمی تعاون کو فروغ دینا، کاروباری روابط مستحکم کرنا ہے' وائس چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (خ ن+این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن ہے کہ صوبے میں سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دے کر بلوچستان کو ملکی اور بین

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

بانی پی ٹی آئی کی 7 مقدمات میں درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت ملتوی

راولپنڈی (آئی این پی) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 7 مقدمات میں درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت بغیر کسی کارروائی کے 28 نومبر تک ملتوی کر

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

ڈاکٹر یاسمین راشد کی طبیعت بگڑ گئی، ہسپتال منتقلی کیلئے درخواست دائر

انکو ہائیڈرو تھراپی اور فزیوتھراپی تجویز کی تاہم جیل میں مناسب علاج نہیں ہو پا رہا، درخواست میں استدعا

لاہور (آئی این پی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کو کوٹ لکھپت جیل سے ہسپتال منتقل کرنے کے لیے درخواست دائر کر دی گئی، درخواست ان کے وکیل رانا مدثر کی جانب سے جمع کرائی گئی۔ درخواست میں

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

ایک شناختی کارڈ پر وائس سمز کی مقررہ تعداد پر نظرثانی کا اصولی فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ایک شناختی کارڈ پر وائس سمز کی مقررہ تعداد پر نظرثانی کا اصولی فیصلہ کیا ہے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق سائبر جرائم میں سمز کے ممکنہ غلط استعمال کی روک تھام کے لئے وائس سمز

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

مہراللہ مری سے منسوب معاہدے کا تاریخی پس منظر سمجھے بغیر تنقید درست نہیں' گزین مری

مری قوم کی تاریخ پر سوال اٹھانے والوں کے آبا و اجداد نے انگریز فوج کے خلاف ایک پتھر تک نہیں پھینکا

کوہلو (یو این اے) نواب خیر بخش مری کے فرزند نوابزادہ گزین مری نے رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کے اس بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مری قوم کی تاریخ پر ایسے لوگ سوال اٹھا رہے ہیں جن کے آبا و اجداد نے انگریز فوج کے خلاف

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

بھارت، آسام میں خوفناک ٹریفک حادثہ، 26 افراد ہلاک، 20 زخمی

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی ریاست آسام میں ایک منی بس اور ٹرک کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں کم از کم 26 افراد ہلاک اور 20 افراد زخمی

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

ربیع کینال میں پانی کی شدید قلت کے خلاف زمینداروں اور کسانوں کا دھرنا

پانی کی عدم فراہمی سے فصلیں تباہی کے دہانے پر پہنچ گئیں، زرعی پانی کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے' مطالبہ

نصیرآباد (آئی این پی) نصیرآباد میں ربیع کینال میں پانی کی شدید قلت کے خلاف زمینداروں اور کسانوں نے قرآن پاک اٹھا کر احتجاجی ریلی نکالی، جو ربیع کینال سے شروع ہو کر ڈیرہ مراد جمالی پہنچی مظاہرین نے ہاتھوں میں قرآن پاک اٹھا رکھے

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

بلوچستان کے وسائل پر عوام کا اختیار تسلیم کیا جائے، مولانا واسع

سیاسی قیادت کے خلاف ریاستی مہم جوئی، میڈیا ٹرائل، انتقامی عدالتی کارروائیاں اور بے بنیاد مقدمات جمہوری اقدار کے منافی ہیں

سیاسی سرگرمیوں کو جرم قرار دینا اور اختلافی آوازوں کو مقدمات و گرفتاریوں کے ذریعے خاموش کرانا جمہوری معاشرے کے لیے نقصان دہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر حضرت مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ ملک کے سیاسی قائدین کے خلاف ریاستی سطح پر جاری مہم جوئی، ذرائع ابلاغ کے ذریعے میڈیا ٹرائل، بے بنیاد الزامات، انتقامی نوعیت کی عدالتی کارروائیاں اور من گھڑت مقدمات کے ذریعے کردار کشی کی کوششیں جمہوری روایات، آئینی تقاضوں اور سیاسی

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

تمبو میں غیرت کے نام پر شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل ملزم فرار

اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور لاش اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو میں غیرت کے نام پر شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل ملزم فرار ہوگیا پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے پولیس تھانہ منجھوشوری کی حدود گوٹھ اللہ ڈنہ لہڑی میں شوہر مولا بخش لہڑی نے مبینہ طور پر غیرت کے نام پر فائرنگ کر کے اپنی بیوی

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد ساڑھے 3 کروڑ سے تجاوز کرگئی

کم از کم 30 منٹ تک چلنے کو معمول بنائیں، گھر کا کھانا کھائیں اور باہر کے کھانے سے اجتناب کریں، ماہرین

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد ساڑھے 3 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے جب کہ ماہرین نے غیر صحت مند طرزِ زندگی کو اس مرض میں اضافے کی بڑی وجہ قرار دیا ہے۔ ماہرین طب کے مطابق حیدرآباد میں ہر 5 میں

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر



رائے ونڈ، عالمی تبلیغی اجتماع کے دوسرے مرحلے میں شریک مندوبین عبادت میں مصروف ہیں

اب نیشنل پارٹی کا راستہ روکنا کسی کے بس کی بات نہیں' رحمت صالح بلوچ

بلوچستان کے ساحل و وسائل کے دفاع کے عزم کے باعث پارٹی عوام میں تیزی سے مقبول ہو رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی اپنی واضح سیاسی پالیسی، اصولی مؤقف اور بلوچستان کے ساحل و وسائل کے دفاع کے عزم کے باعث عوام میں تیزی

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

ترکیہ اور قطر کے درمیان تاریخی دفاعی معاہدہ طے پا گیا

دفاعی صنعت، مشترکہ فوجی مشقوں اور توانائی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دی جائے گی، مشترکہ اعلامیہ

دوحہ (این این آئی) ترکیہ اور قطر نے خطے میں بدلتے ہوئے سیکیورٹی حالات اور باہمی تزویراتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے ایک اہم دو طرفہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں جس کی توثیق ترک صدر رجب طیب اردوان اور امیر قطر شیخ

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

چین و امریکا 30 ارب ڈالرز کے باہمی ٹیرف میں کمی پر تبادلہ خیال

فریقین میں گزشتہ تجارتی مشاورت کے نتائج پر عمل درآمد کے حوالے سے تعمیری بات چیت ہوئی، بیان

بیجنگ (این این آئی) چین اور امریکا کے درمیان تجارتی کونسل کا پہلا اجلاس ہوا ہے جس میں 30 ارب ڈالرز کے باہمی ٹیرف میں کمی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چینی وزارت تجارت کے مطابق چین اور امریکا کے درمیان دو طرفہ اقتصادی اور تجارتی

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر



انطالیہ (ترکیہ)، پارلیمانی سیکرٹری دانیال چوہدری سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

گروپ بندی اور انتشار پھیلانے والوں کی پارٹی میں کوئی جگہ نہیں، جمال شاہ کاکڑ

گزشتہ ایک ماہ سے بلوچستان میں بڑے شمولیتی پروگرام جاری ہیں، صوبے کو نوگو ایریا قرار دینے کا تاثر غلط ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے قائم مقام صوبائی صدر اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان ایک فعال اور متحرک جماعت ہے، گزشتہ ایک ماہ سے صوبے میں بڑے پیمانے پر

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

ٹرمپ فی الحال ایران کے ساتھ جنگ دوبارہ شروع نہیں کرنا چاہتے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ فی الحال ایران کے ساتھ جنگ دوبارہ شروع کرنے کے خواہش مند نہیں، تاہم ان کی انتظامیہ تہران پر معاشی اور فوجی دباؤ برقرار رکھے ہوئے ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے ایک امریکی عہدیدار کے

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

تحریک انصاف میں گروپنگ نہیں، ڈسپلن کا فقدان ہے، شوکت یوسفزئی

پارٹی کو انتشار سے بچانے کے لیے ڈسپلنری کمیٹی کا قیام ناگزیر ہو چکا، اختلافی بیان بازی سے گریز کیا جائے

پشاور (آئی این پی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف میں گروپنگ نہیں بلکہ ڈسپلن کا فقدان ہے۔ اپنے ایک بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا پارٹی قیادت کی جانب سے ایک دوسرے

بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

عبدالسید کا قرآن پاک پر امریکی سینیٹر کی حیثیت سے حلف اٹھانے کا اعلان

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست مشی گن سے نومنتخب مسلم امریکی سینیٹر عبدالسید نے اعلان کیا ہے کہ وہ 3 جنوری 2027 کو اپنے عہدے کا حلف قرآن پاک پر اٹھائیں گے، جس کے بعد وہ امریکی تاریخ میں قرآن پاک پر حلف اٹھانے والے پہلے سینیٹر بن جائیں گے تاہم اس مقصد کے لیے استعمال

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

22 نومبر کو کوئٹہ میں جماعت اسلامی کا جلسہ عام ہوگا

بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، بارڈرز کھولے جائیں' ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ ظلم و جبر، لاقانونیت، بدامنی، بدعنوانی اور عوامی حقوق کی پامالی کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں گے۔ بلوچستان کے عوام کو امن، انصاف، روزگار

بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

دباؤ کے ماحول میں کیے گئے فیصلے دیرپا نہیں ہوتے، نئے صوبوں کا محاذ کھولنا دانشمندی نہیں، میاں جاوید لطیف

انتظامی یونٹ بننے میں کوئی حرج نہیں، ہم کسی کی نیت پر شک نہیں کرتے، سب ملک سے مخلص ہیں، لیکن ترجیحات کا تعین ضروری ہے

آج حکومت طاقتور ہے اور سب ایک پیج پر ہیں، تو اس اتفاق کو ڈیموں، اداروں کی مضبوطی اور معیشت کے لیے کیوں استعمال نہ کیا جائے؟

مانانوالہ (آن لائن) سابق وفاقی وزیر و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ ملک اس وقت داخلی اور خارجی دونوں محاذوں پر بڑے چیلنجز سے گزر رہا ہے، ایسے میں نئے صوبوں کا نیا محاذ کھولنا دانشمندی نہیں ہوگی۔ ہم کسی کی نیت پر شک نہیں کرتے، سب ملک سے مخلص ہیں، لیکن ترجیحات کا تعین ضروری ہے۔ انتظامی یونٹ بننے میں کوئی حرج نہیں، اس سے گورننس بہتر ہو سکتی ہے اور کسی کو ملتان سے لاہور یا لاڑکانہ سے کراچی نہیں جانا پڑے گا، مگر عوام کے اصل مسائل پہلے ہیں: مہنگائی، بے روزگاری،

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

طالبان رجیم سرحد پار دہشت گردی اور سیاسی مخالفین کو قتل کرنے کے گھناؤنے منصوبہ پر کاربند

ایران میں سابق افغان عہدیدار پر قاتلانہ حملے میں افغان طالبان کے ملوث ہونے کے شواہد سامنے آگئے

کابل (آن لائن) طالبان رجیم سرحد پار دہشت گردی اور سیاسی مخالفین کو قتل کرنے کے گھناؤنے منصوبہ پر کاربند ہے اور ایران میں سابق افغان عہدیدار پر قاتلانہ حملے میں افغان طالبان انٹیلی جنس کے ملوث ہونے کے شواہد سامنے آگئے ہیں۔ معروف ایرانی جریدے ایرافو کے مطابق ایران کے شہر مشہد میں سابق افغان صدارتی

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

لبنانی فوج کا بیروت کے مضافات میں خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ

بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ اور بارود قبضے میں لے لیا گیا' فوجی بیان

بیروت (این این آئی) لبنان کی مسلح افواج نے دارالحکومت بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے مشرفیہ میں ایک خفیہ ٹھکانے پر اچانک چھاپہ مار کر بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ، گولہ بارود اور جنگی آلات قبضے میں لے لیے ہیں۔ غیرملکی میڈیا کے

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاغاسی
پرنٹر پبلشر شاغاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز زینب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زینب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر 2825169
فیکس نمبر 2840564
فیکس نمبر 2826720
موڈیم نمبر 2826705